2036/2

# مفتاحِ عربی

جس کو انجمن عربی صوبۂ متحدہ کے ایماء سے
منشی فاضل مولوی محمد نعیم الرحمٰن صاحب ایم اے
اُستاذ عربی و فارسی الہ آباد یونیورسٹی
نے
تالیف کیا

ذخیرہ
جمیل احمد شرقپوری نقشبندی
لاہور پاکستان

سنہ ۱۹۳۹ء

کتابستان - الہ آباد و لندن

Marfat.com

# فہرس مضامین


| شمارہ | شمار سبق | مضمون سبق | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | الف | دیباچہ | الف |
| ۲ | د | اساتذہ سے التماس | د |
| ۳ | و | بچّوں سے خطاب | ز |
| ۴ | اوّل | (۱) تمہید | ۱ |
| ۵ | ۲ | حرکت۔ اعراب | ۳ |
| ۶ | ۳ | مَادہ۔ وزن | ۷ |
| ۷ | ۴ | اسم، فعل، حرف | ۱۰ |
| ۸ | ۵ | اسم: مذکر، مؤنث | ۱۴ |
| ۹ | ۶ | اسم: واحد، تثنیہ، جمع | ۱۷ |
| ۱۰ | ۷ | اسم: جمع مکسّر | ۲۱ |
| ۱۱ | ۸ | صفت اور موصوف | ۲۳ |
| ۱۲ | ۹ | صفتِ سببی | ۲۶ |
| ۱۳ | ۱۰ | مضاف اور مضاف الیہ | ۲۹ |
| ۱۴ | ۱۱ | زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسمیں۔ ماضی، مضارع، امر اور نہی | ۳۲ |
| ۱۵ | ۱۲ | فاعل | ۴۱ |
| ۱۶ | ۱۳ | فعل مجہول اور نائب فاعل | ۴۳ |
| ۱۷ | ۱۴ | مفعول بہٖ | ۴۷ |
| ۱۸ | ۱۵ | مفعول مطلق | ۴۹ |
| ۱۹ | ۱۶ | مفعول لہٗ | ۵۲ |
| ۲۰ | ۱۷ | جملہ اسمیہ و جملہ فعلیہ | ۵۴ |
| ۲۱ | ۱۸ | مبتدا اور خبر کی مطابقت | ۵۷ |
| ۲۲ | ۱۹ | فعل: لازم، متعدی | ۵۹ |
| ۲۳ | ۲۰ | فعل مضارع کے آخری حرف کی حالت | ۶۱ |
| ۲۴ | ۲۱ | فعل مضارع کا نصب | ۶۳ |
| ۲۵ | ۲۲ | فعل مضارع کا جزم: لَمْ، لا، اِنْ | ۶۶ |
| ۲۶ | ۲۳ | مضارع کا جزم: لَمَّا، لِ | ۷۰ |
| ۲۷ | ۲۴ | دو مضارعوں کے جازم حروف اور اسماء | ۷۲ |
| ۲۸ | ۲۵ | محذوف اَن کے بعد مضارع کا جزم | ۷۵ |
| ۲۹ | ۲۶ | مضارع: لازم تاکید اور نون تاکید کے ساتھ | ۸۱ |
| ۳۰ | ۲۷ | فعل مجرد اور فعل مزید فیہ | ۸۵ |
| ۳۱ | ۲۸ | اِسمِ فاعل | ۸۸ |
| ۳۲ | ۲۹ | الف الوصل و ہمزۃ القطع | ۹۱ |


Marfat.com

| شمارہ | شمار سبق | مضمون سبق | صفحہ | شمارہ | شمار سبق | مضمون سبق | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۳ | ۳۰ | اسم مفعول | ۹۴ | ۴۱ | ۳۸ | کان کے باقی اخوات | ۱۲۴ |
| ۳۴ | ۳۱ | ضمیر اور اس کی قسمیں | ۹۷ | ۴۲ | ۳۹ | کان کے باقی اخوات | ۱۲۷ |
| ۳۵ | ۳۲ | ضمیریں | ۱۰۱ | | | مازال اور مابرح | |
| ۳۶ | ۳۳ | نکرہ اور معرفہ: معرفہ کی قسمیں | ۱۰۷ | ۴۳ | ۴۰ | إن اور اس کے اخوات | ۱۳۰ |
| ۳۷ | ۳۴ | اسم موصول | ۱۱۱ | | | مبتدا اور خبر کے شروع میں | |
| ۳۸ | ۳۵ | اسم اشارہ | ۱۱۵ | ۴۴ | ۴۱ | خبر کی قسمیں | ۱۳۴ |
| ۳۹ | ۳۶ | اسم ظرف | ۱۱۸ | ۴۵ | ۴۲ | حروف جرّہ | ۱۳۷ |
| ۴۰ | ۳۷ | کان اور اس کے اخوات کا ابتدا اور خبر پر آنا | ۱۲۰ | | | | |

## دوسرا حصّہ

| شمارہ | شمار سبق | مضمون سبق | صفحہ | شمارہ | شمار سبق | مضمون سبق | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۶ | ۴۳ | اعراب اور بناء کی قسمیں | ۱۴۳ | ۵۳ | ۵۰ | تمییز | ۱۶۸ |
| ۴۷ | ۴۴ | صحیح اور معتل | ۱۴۴ | ۵۴ | ۵۱ | مُنادیٰ | ۱۷۱ |
| ۴۸ | ۴۵ | معرب اور مبنی | ۱۴۸ | ۵۵ | ۵۲ | تاکید لفظی و معنوی | ۱۷۴ |
| ۴۹ | ۴۶ | منع صرف کے اسباب | ۱۵۰ | ۵۶ | ۵۳ | عطف: حروف و معنیٰ | ۱۷۸ |
| ۵۰ | ۴۷ | اسماء ستّہ اور ان کے اعراب | ۱۵۶ | ۵۷ | ۵۴ | واو معیت | ۱۸۱ |
| ۵۱ | ۴۸ | مستثنیٰ: اِلّا، غیر اور سوی کے ساتھ | ۱۵۹ | ۵۸ | ۵۵ | بدل | ۱۸۴ |
| | | | | ۵۹ | ۵۶ | استفہام | ۱۸۷ |
| ۵۲ | ۴۹ | حال | ۱۶۵ | ۶۰ | ۵۷ | استفہام کے اور حروف | ۱۸۹ |

## تعلیلات

| شمارہ | شمار سبق | مضمون سبق | صفحہ | شمارہ | شمار سبق | مضمون سبق | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۱ | ۵۸ | لفظ میں تبدیلی | ۱۹۳ | ۶۳ | ۶۰ | تخفیف | ۲۰۱ |
| ۶۲ | ۵۹ | تعلیل | ۱۹۵ | ۶۴ | ۶۱ | ادغام | ۲۰۲ |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمد اللہ العلیم الاعلم ونصلی علیٰ رسولہ الاکرم،
صاحب جوامع الکلم

---

انگریزی مدارس کے لیے عربی نصاب، خاص کر عربی صرف و نحو، کا مسئلہ کچھ پیچیدہ سا ہے۔ میں اپنے دیرینہ تجربے سے یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ وہ پُرانا نصابِ صرف و نحو، جو سالہائے دراز سے اس مُلک میں جاری رہا ہے، بہترین نصاب ہے اور اُس نے بڑے بڑے جیّد عُلماء اس مُلک کو دیے ہیں۔ ان نتائج کو دیکھنے کے بعد بہ ظاہر یہ شکایت بے جا سی ہے کہ اُس نصاب کے صرف و نحو کے پڑھنے اور یاد کرنے میں کئی سال لگ جاتے ہیں، اس وجہ سے طالب علم کو شروع میں کوئی دل چسپی، یا شوق علوم عربیہ سے پیدا نہیں ہوتا، بلکہ اُس کا دل اُچاٹ ہوجاتا ہے۔

یہ سمجھنا کہ یہ شکایت طلبہ کی نزاکت طبیعت کے سبب سے ہے، پوری طرح صحیح نہیں۔ انصاف کی بات یہ ہے کہ انگریزی مدارس کے اور بیسیوں مضمونوں کے ہجوم میں اُن غریبوں کو اتنی فرصت کہاں کہ وہ اپنا زیادہ وقتِ عزیز صرف عربی کی نذر کرسکیں۔ باوجودے کہ وہ جانتے ہیں کہ علوم عربیہ ہی اُن کے دین و دُنیا کے ضامن ہیں، مگر وہ اُن سے ایسا ڈرتے ہیں جیسا کہ ایک باہوش انسان کو سانپ، بچھو سے ڈرنا چاہیے؛ حال آں کہ تجربہ بتلا رہا ہے کہ فی الحقیقت

Marfat.com

## عربی آسان زبان ہے۔

ایک زمانے میں صرف و نحو کے خشک ہونے وغیرہ کے متعلق ایسی ہی شکایت ملک شام اور مصر میں تھی۔ آخر وہاں کے علماء و اساتذہ نے اس مشکل کو حل کر لیا اور صرف و نحو کے نئے نصاب بنا لیے، جن کو ملک بھر نے پسند کیا اور وہ اُن کے سرکاری مدارس میں رائج کر دیے گئے اور وہاں نہایت کامیابی کے ساتھ چل رہے ہیں۔ لیکن وہ نصاب ہمارے ہندوستان کے لیے موزوں نہیں۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اُن ملکوں کی مادری زبان عربی ہے اور ہماری نہیں؛ گو ہم ہزاروں الفاظ عربی کے ہر وقت بولتے رہتے ہیں۔ ہمارے لیے اشد ضرورت ہے کہ ہندوستان کے بچّوں کی مشکلات کا لحاظ کر کے نصاب بنایا جا رہے۔

میں نے اپنی اس مختصر کتاب میں، جو برسوں کے مطالعے اور غور و خوض کا نتیجہ ہے، مصر کے سرکاری مدارس کے نصاب کو پیش نظر رکھا ہے اور اُس کے طرز سے فائدہ اُٹھا کر اپنے ملک اور اپنی ضروریات کے موافق بنا لیا ہے۔ گردانیں ہی وہ چیزیں ہیں، جن سے طالب علم سب سے زیادہ گھبراتے ہیں اور اُن ہی کی وجہ سے یہ مثل بن گئی ہے کہ:
"صرفیاں را مغز باید چوں سگاں"۔ مگر اس کتاب میں جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے، اُس سے طالب علم گردانوں کو اس طرح یاد کرے گا کہ اُس کو خبر بھی نہ ہوگی۔ صرف و نحو، دونوں کو ایک جا جمع کر کے لڑکوں کا بہت سا وقت بچا لیا ہے؛ قدم قدم پر لڑکوں کی نفسیات کا خیال رکھا ہے، اور جہاں تک ہوسکا ہے ہر طرح کی آسانیاں پیدا کی ہیں۔ طرز بیان ایسا اختیار کیا ہے کہ حتی الوسع کہیں گنجلک اور

Marfat.com

تعقید نہیں پیدا ہونے دی۔ اس کے ساتھ ہی کوئی اشد ضروری اور لابدی مسئلہ ایسا نہیں چھوڑا، جو ہماری سکولوں کے طالب علم کے لیے ضروری ہو۔ میں اللہ کریم کے فضل وکرم پر بھروسا کرکے یہ کہہ سکتا ہوں کہ یہ کتاب نہایت آسان اور جامع و مانع ہے۔ اِن شاء اللہ ایک یہی کتاب لڑکوں میں ایسی استعداد اور صلاحیت پیدا کردے گی کہ وہ عربی عبارت صحیح پڑھ سکیں گے۔ باقی رہ گئی لغات کی کمی، اُسے ریڈریں پورا کردیں گی۔ وما نشاؤن الّا ان یشاء اللہ وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب۔

اس کتاب کی تالیف میں میرے والد ماجد، منشی محمدؐ خلیل الرحمٰن صاحب، مدظلہٗ معتمد انجمن عربی، سے مجھے جتنی مدد ملی ہے اُس کا شکریہ میں کس زبان سے ادا کروں۔ اگر ممدوح کی تنقید، تائید اور تاکید شامل حال نہ ہوتی تو اس کتاب کا بھی وجود نہ ہوتا۔

میں پروفیسر ڈاکٹر عبدالستار صدیقی صاحب کا بھی بے حد ممنون ہوں کہ ممدوح نے اپنا بہت سا قیمتی وقت لگا کر اس کتاب کے مسودے کو بہ غور ملاحظہ فرمایا اور بہت ہی اچھی رائیں دیں اور اصلاحیں فرمائیں۔

میں اپنے چھوٹے بھائی، مولوی معتضد ولی الرحمٰن صاحب، پروفیسر نفسیات، عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد دکن، کا بھی شکرگزار ہوں کہ اُنھوں نے اس کتاب کی ترتیب وتہذیب میں مجھے مدد دی اور بہت اچھے مشورے دیے۔

میری دعا ہے کہ اللہ کریم اُن سب صاحبوں کو جزائے خیر دے جو اس کتاب میں میرے مددگار ہوئے اور آیندہ ہوں۔ وہ ذرّہ نواز کریم مجھے دنیا و عاقبت میں اس کا اجر عطا فرمائے۔ آمین۔ وآخر دعوٰینا ان الحمد للہ رب العالمین

انکسار توامان محمد نعیم الرحمٰن

Marfat.com

# اساتذہ سے التماس

## یا ایھا الذین آمنوا کونوا انصار اللہ

ہماری شامت اعمال نے ایک یہ غلط خیال مسلمانوں کے دلوں میں ڈال دیا ہے کہ تمام دُنیا کی زبانوں میں صرف عربی زبان ہی ایسی سخت ہے کہ اگر وہ قطعاً غیر ممکن الحصول نہیں، تو قریباً غیر ممکن الحصول ہے۔ اس کا اثر یہ ہے کہ مسلمان، بچے، جوان اور بوڑھے عربی سے ایسے ڈرتے ہیں کہ سانپ بچھو سے بھی اتنا نہیں ڈرتے۔ اس غلط خیال نے اتنا بڑا دینی و دنیوی نقصان مسلمانوں کو پہنچایا ہے اور غیروں کی نظروں میں انہیں اس درجہ حقیر کر دیا ہے کہ اُس کی تلافی دشوار نظر آتی ہے۔ اسی غلط خیال نے قرآن مجید کی طرف سے مسلمانوں کی توجہ کو ہٹا دیا، بلکہ اُس کو بھلا دیا؛ تا بہ دیگر علوم عربیہ چہ رسد! بیسیوں انگریزی مدرسوں اور کالجوں سے عربی محض اس لیے اُٹھ گئی کہ طلبہ اور اُن کے اولیاء عربی سے ڈر کر اس خوفناک زبان کے پاس پھٹکنا نہیں چاہتے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ آپ جیسے اساتذہ کرام روزی سے محروم ہو گئے اور ہوتے جاتے ہیں۔

(۲) مجھے یقین ہے، اور آپ کا تجربہ بھی اس کا شاہد ہوگا، کہ عربی زبان کے اس قدر مشکل ہونے کا خیال غلط اور باطل ہے۔ **اس لیے آپ کا فرض اولین یہ ہے** کہ اس غلط خوف کو طلبہ اور اُن کے اولیاء کے دلوں سے بالکل دور کر دیجیے اور یہ ثابت کر دیجیے کہ عربی ڈرنے کی چیز نہیں، بلکہ وہ ایک آسان اور بہت ہی دل چسپ زبان ہے۔ اسی میں خود آپ کی اور تمام مسلمانوں کی دین و دُنیا کی صلاح و فلاح ہے۔

(۳) یہ صحیح ہے کہ صرف و نحو خشک فن ہے، مگر آپ اس کو بہ ادنیٰ

Marfat.com

کوشش دل چسپ بنا سکتے ہیں۔ اسی کی آپ کی ذات والا صفات سے توقع کی جاتی ہے۔

(۴) جہاں تک ہو سکے اپنے شاگردوں میں رٹنے کی عادت نہ پڑنے دیجیے، اگر آپ ذرا سی بھی توجّہ فرمائیں گے، تو لڑکے آپ کے پاس سے اپنے سبق پر حاوی ہو کر اُٹھیں گے۔

(۵) تختۂ سیاہ کا زیاد استعمال فرمائیے۔ مثالیں اتنی دیجیے کہ ہر مسئلہ لڑکوں کے پوری طرح دل نشین ہو جائے۔

(۶) جتنی مشقیں کتاب میں ہیں اُن کو ضرور کرائیے اور اُن کے علاوہ اور مشقیں خود دیجیے اور کرائیے۔

(۷) الگ کاپیوں پر لڑکوں سے کسی آسان عبارت پر زبر زیر لگوانا آپ کو زیادہ مفید معلوم ہوگا۔ اس سے لڑکوں کا قریباً روزانہ امتحان ہوتا رہے گا، اُن کی لیاقت نا معلوم طور پر بڑھتی رہے گی، اور ترقّی کرنے کا شوق پیدا ہوتا چلا جائے گا۔

(۸) اُن کی غلطیوں پر بہ شفقت اُن کو متنبہ فرمائیے۔

(۹) لڑکوں کے سوالات سے ہرگز نہ گھبرائیے، بلکہ اُن کو سوالات کرنے کی ترغیب دیجیے اور اُن کی، بہ شفقت تمام، ایسی تشفّی کر دیجیے کہ پھر اُنھیں دوسروں کے پاس جانے کی ضرورت نہ پڑے۔

(۱۰) اتنا اور عرض کرنا ہے کہ مسلمان بچّوں کی تمام تر ذمّہ داری آپ پر ہے۔ اپنے مقدور بھر سعی کیجیے کہ آپ کے شاگرد اللہ، اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے حضور میں، قوم، ملک اور دُنیا میں نہ خود شرمندہ ہوں نہ آپ کو بدنام کریں۔

Marfat.com

(۱۱) آخر میں ایک ضروری التماس یہ ہے کہ کوئی شخص قطعاً
یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ وہ غلطی نہیں کرتا۔ ممکن ہے کہ اس کتاب میں
نادانستہ غلطیاں رہ گئی ہوں، یا فروگزاشتیں ہوگئی ہوں۔ ان کے رفع
ہونے میں آپ کی مدد درکار ہے۔ اگر آپ کو اس کتاب میں کوئی نقص
معلوم ہو، یا کچھ کمی و بیشی کی ضرورت آپ دیکھیں، یا کتاب کی ترتیب
میں کوئی تبدیلی ضروری سمجھیں، تو بے تکلف معتمد انجمن عربی
(۱۷ ایلی روڈ، الہ آباد) کو اطلاع دیجیے تاکہ آیندہ اشاعت میں اُس پر
غور کیا جا سکے۔

محمد نعیم الرحمٰن

Marfat.com

# بچّوں سے خطاب

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذِىۡ خَلَقَ

پیارے بچّو! اللہ تمہیں بہت علم اور نیکیاں دے۔ سب سے پہلی اور سب سے ضروری بات یہ ہے کہ تُم اپنے دل سے یہ غلط خیال بالکل نِکال ڈالو کہ عربی بہت سخت زبان ہے۔ بھلا غور تو کرو کہ عربی کیسے مُشکل ہوسکتی ہے، جب کہ تُم اپنے ماں، باپ، بہن، بھائی، عزیزوں دوستوں سے جو زبان بولتے اور اپنے پاس پڑوس میں جو زبان بولتے سُنتے ہو، اُس میں آدھے سے زیادہ عربی ہوتی ہے۔

تُم کو تو یہ زبان سیکھ لینا بہت ہی آسان ہے۔ تعجُّب ہے کہ تُم انگریزی کو آسان جانتے ہو؛ حال آن کہ خود تمہاری زبان میں مُشکل سے چند ہی لفظ انگریزی کے ہیں۔ بات یہ ہے کہ تُم انگریزی کا ہر جگہ رواج دیکھتے ہو۔ اگر قرآن مجید بھی تُم پڑھتے رہتے، تو عربی سے تمہارے کان آشنا رہتے، اور عربی مشکل نہ معلوم ہوتی۔ تُم کو یہ سُن کر سخت تعجُّب ہوگا کہ یورپ والے، جن کو عربی سے دور کا واسطہ بھی نہیں، اس کو مانتے ہیں کہ عربی بہت آسان زبان ہے۔ اس کے جہاں اور بہت سے سبب ہیں، ایک سبب یہ بھی ہے کہ عربی کے قواعد صرف و نحو ایسے مکمل اور اٹل ہیں اُس نے اس زبان کو اور بھی آسان بنا دیا ہے. تم بے شک عربی بولتے اور سمجھتے ہو، مگر بہت سے لفظ غلط بولتے اور اُن کو غلط استعمال کرتے ہو۔ صرف و نحو تمہیں صحیح عربی بولنا اور لِکھنا سکھلا دے گی۔ اسی واسطے سب سے

Marfat.com

پہلے یہی تمہارے سامنے پیش کی جاتی ہے۔

یہ دیکھ کر نہ گھبرا اُٹھنا کہ یہ کتاب کسی قدر موٹی سی ہے۔ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ ہم نے تمہاری آسانی کے لیے اور یہ ثابت کرنے کے لیے کہ عربی بہت آسان ہے، بہت سے ترجمے عربی کے اور بہت سی مشقیں دی ہیں۔

اب بسم اللہ کرکے شروع کرو اور خود تجربہ کرلو کہ عربی کتنی آسان زبان ہے۔

محمد نعیم الرحمٰن

Marfat.com

# پہلا حِصّہ

Marfat.com

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْرِ

# سبق اوّل

## (۱) تمہید

دو، یا زیادہ انسانی آوازوں کے ایسے مجموعے کو، جو ایک مُفرد معنی رکھتا ہو "لفظ" کہتے ہیں۔ کئی لفظوں کو ایک خاص ڈھنگ سے جوڑنے سے ایک پوری بات بنتی ہے، تو اُسے "جُملہ" کہتے ہیں۔

ان ہی جُملوں کے مجموعے کا نام "زبان" یا "بُولی" ہے اور اُسی کو "لُغت" بھی کہتے ہیں۔

لُغت کا حقیقی بنانے والا تو اللہ ہی ہے؛ لیکن دُنیا میں اُس کو رواج دینے والی انسان کی وہ پیدائشی خواہش ہے، جو اُسے مجبور کرتی ہے کہ وہ اپنی بات دوسروں کو سمجھادے اور دوسروں کی بات کو خود سمجھے۔

عربی لُغت کو سمجھنے اور بہ خوبی جاننے کے لیے بہت سے قاعدے اور قانون ہیں اور کئی طرح کے علم ہیں۔ ان سب کو ملاکر "علوم عَرَبِیَّہ" (یعنی عربی زبان کے علم) کہتے ہیں؛ اور وہ بہت سے ہیں۔ ان علموں کا مقصد یہ ہے کہ اُن کے حاصل کرلینے سے آدمی اُن غلطیوں سے بچ سکے، جو عربی زبان کے بولنے اور لکھنے میں سرزد ہوسکتی ہیں۔

Marfat.com

علوم عربیہ میں سے ہمیں اس کتاب میں صرف دو علموں، یعنی صرف اور نحو، کا بیان کرنا مقصود ہے۔

## (۲) حروف تہجّی

بولنے میں ہر ایک آواز جس جس طرح پیدا ہوتی ہے، اُس کو سمجھنے اور لکھنے کے لیے جو شکلیں اختیار کی گئی ہیں، اُن میں سے ہر ایک کو حرف ہجاء کہتے ہیں۔ عربی زبان میں یہ حروف ہجائیہ ۲۸ ہیں۔ اُن کی شکلیں اور اُن کے نام یہ ہیں :-

| حرف کی شکل | حرف کا نام | حرف کی شکل | حرف کا نام |
|---|---|---|---|
| ا | الف | ض | ضاد |
| ب | با | ط | طاء |
| ت | تا | ظ | ظاء |
| ث | ثا | ع | عَین |
| ج | جیم | غ | غَین |
| ح | حا | ف | فاء |
| خ | خا | ق | قاف |
| د | دال | ك | کاف |
| ذ | ذال | ل | لام |
| ر | راء | م | میم |
| ز | زاء | ن | نون |
| س | سین | و | واو |
| ش | شین | ه | ھاء |
| ص | صاد | ی | یا |

Marfat.com

# سبق ۳

## حرکت . اعراب

(۱)

| الف | ب | ج |
|---|---|---|
| قُتِلَ | اَبَاكَ | جاءَ الرَّجُلُ |
| اَسْلِمْ | اَبِيكَ | رَاَيتُ الرَّجُلَ |
| عالِمًا | اَبُوكَ | مَرَرْتُ بالرَّجُلِ |
| قاتِلٍ | | مَنْ جَدَّ وَجَدَ |
| كافِرٌ | | |

(۱) الف کے نیچے کی مثالوں میں جو لفظ ہیں اُن کو لکھنے میں ہر ایک لفظ کے ہر حرف پر (۱) ـَـ (۲) ـِـ یا (۳) ـُـ میں سے کوئی نہ کوئی علامت لگی ہوئی ہے. اس علامت سے اُس حرف کے زبان سے بجانے کا طریقہ، یا طرز ادا، معلوم ہوتی ہے. ان علامتوں میں سے ہر ایک علامت کو حَرَکت کہتے ہیں.

ان تینوں حرکات کے نام یہ ہیں: (۱) کو فتحہ، یا فتح، یعنی زبر کہتے ہیں. (۲) کو کسرہ، کسر، یعنی زیر کہتے ہیں (۳) کو ضمّہ، ضم، یعنی پیش کہتے ہیں. جس حرف پر فتحہ ہو، اُسے مفتوح؛ جس پر کسرہ ہو، اُسے مکسور؛ جس پر ضمّہ ہو، اُسے مضموم کہتے ہیں. جس حرف پر فتحہ، کسرہ، یا ضمّہ ہو اُس حرف کو مُتَحَرِّك کہتے ہیں. یوں الف کے نیچے کی مثالوں میں اَسْلِمْ کے س اور م کے سوا سب حروف متحرّک ہیں.

Marfat.com

حرف پر کسی حرکت کے نہ ہونے کی صورت کو سُکون یا جَزم کہتے ہیں، اور جو حرف بغیر حرکت کے ہو اُسے ساکِن یا مجزوم۔ اَسْحَر کی مثال میں س اور م ساکن حروف ہیں۔

اُردو میں ہر لفظ کا آخری حرف ساکن ہوتا ہے؛ مگر عربی میں اکثر لفظ ایسے ہیں، جن کے آخری حرف پر حرکت ہوتی ہے؛ جیسے: کافِرٌ اور مَکَرَتْ؛ اور بہت ہی کم ایسے لفظ ہیں جن کا آخری حرف ساکن ہو؛ جیسے: مِنْ اور فِي۔

(۳) ج کے نیچے کی مثالوں پر غور کرو۔ ان میں اَلرَّجُلُ کا آخری حرف، ل، پہلی مثال میں مضموم، دوسری میں مفتوح اور تیسری میں مکسور ہے۔ الرَّجُلُ کا آخری حرف ل اگر مضموم ہو، تو پورے کا پورا لفظ "الرَّجُلُ" مَرْفوع کہلائے گا۔ اسی طرح اگر یہ ل مفتوح ہو، تو سارا لفظ "الرَّجُلَ" منصوب، اور اگر مکسور ہے تو "الرَّجُلِ" مجرور کہلائے گا۔ اسی وجہ سے کہا جائے گا کہ الرَّجُلُ (لام مضموم) رفع کی حالت میں ہے، الرَّجُلَ (لام مفتوح) نصب کی حالت میں اور الرَّجُلِ (لام مکسور) جَرّ کی حالت میں ہے۔

رفع کی حالت میں لفظ کے آخر میں انِ اور وْنَ اور ات بھی آتے ہیں۔ اسی طرح نصب اور جرّ کی حالت میں ینَ اور یْنِ آتے ہیں۔
رفع، نصب اور جر کو اِعْراب کہتے ہیں۔

یہ رفع، نصب اور جر کی ابتدائی صورتیں ہیں۔ ان کی اور صورتیں بھی آتی ہیں، جو تم کو آگے کے سبقوں میں اپنے اپنے موقعوں پر ملیں گی۔

یہ بات یاد رکھو کہ حرکت صرف ایک حرف پر ہوتی ہے، اور اِعْراب

Marfat.com

پورے لفظ کی حالت کو کہتے ہیں۔

رفع، نصب، جر اور جزم کی حالت کسی اور لفظ کے عمل، یعنی اثر، سے پیدا ہوتی ہے، خواہ وہ لفظ اُس فقرے میں موجود ہو، یا نہ ہو۔ جس لفظ کے عمل سے رفع، نصب، جر یا جزم کی حالت پیدا ہو، اُسے عامِل کہتے ہیں؛ چنانچہ اوپر کی مثالوں میں جاءَ رَاٰیتُ، اور بِ عامل ہیں؛ کیوں کہ اُن کے عمل سے الرّجل کی حالت رفع، نصب، اور جر کی ہوگئی ہے۔

(۴)

جو تین حرکات اوپر بیان ہوری ہیں، اُن حرکات میں فتحہ کو لمبا کرنے یا کھینچ کر ادا کرنے سے ا، کسرہ کے لمبا کرنے سے ی اور ضمّہ کے کھینچنے سے و کی آواز پیدا ہوتی ہے: جیسا کہ ب کے نیچے کی مثالوں میں با، بی اور بو سے ظاہر ہے۔ آواز کے کھینچنے یا لمبا کرنے کو اِشباع کہتے ہیں۔

فتحہ کے اشباع سے جو الف پیدا ہوتا ہے، اُس کی دو صورتیں ہوتی ہیں: (۱) الف زیادہ لمبا نہیں کھینچا جاتا؛ جیسے: کُبریٰ، عِیسیٰ کے آخر کا الف۔ اس کو الف مَقصُورہ (چھوٹا الف) کہتے ہیں۔ (۲) الف کو کچھ زیادہ لمبا کرکے ادا کیا جاتا ہے؛ جیسے: عُلَمَاءُ، خَنسَاءُ کا الف۔ اس کو الف مَمدُودہ (کھینچا ہوا الف) کہتے ہیں۔

اسی طرح ج کے نیچے کی مثالوں میں جاءَ میں بھی الف ممدودہ ہے۔ اسے ممدودہ اس لیے کہتے ہیں کہ اُسے کھینچ کر ادا کرنا پڑتا ہے۔ اسی کھینچنے کا نام مَدّ ہے۔ یہ بھی دیکھو کہ جاءَ میں اس مد کے بعد

Marfat.com

جو حرف ہے وہ حلق میں ایک جھٹکے کے ساتھ ادا ہوتا ہے؛ یہ حرف ہمزہ ء ہے۔

ج ہی کی مثالوں میں اَلرَّجُلُ اور جَدَّ کی رے اور دال پر غور کرو کہ یہ بولنے میں دو دفعہ زبان سے نکلتے ہیں۔ اس دُہرانے کو تَشْدِید کہتے ہیں۔ لکھنے میں ایسے حرف کو دو دفعہ نہیں لکھا جاتا، بلکہ اس پر تشدید کی علامت (ّ) بنا دیتے ہیں۔ ایسے حرف کو مُشَدَّد کہتے ہیں۔

الف کی مثالوں کو پھر دیکھو۔ عَالِمًا، قَاتِلٍ، کَافِرٌ میں سے ہر ایک کے آخری حرف پر دو زبر، دو زیر، دو پیش ہیں اور اُن کو زبان سے نکالتے وقت ایک نون پیدا ہو جاتا ہے۔ اِن دوہرے زبر، زیر، پیش کو تَنْوِین (نون پیدا کرنا) کہتے ہیں، اور تنوین والے حرف کو مُنَوَّن۔

ج کی مثالوں میں اَلرَّجُلُ کے شروع میں الف لام بھی لگا ہوا ہے؛ اور تم یہ بھی دیکھتے ہو کہ اُس کے آخری حرف پر تنوین بھی نہیں ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ تنوین آخری حرف پر ہی آتی ہے، اور جس لفظ کے شروع میں الف لام ہوتا ہے، اُس کے آخری حرف پر تنوین ہرگز نہیں آتی۔

Marfat.com

# سبق ۳

## مَادّہ، وزن

---

الف

ف ع ل   فَعَلَ   فُعِلَ   فَاعِلٌ   مَفْعُولٌ

اَفْعَلَ   فَعِيلٌ   فَعَّالٌ   اِفْتَعَلَ

فَعَّلَ   مُتَفَعِّلٌ   فَعْلَلَ   تَفَعْلَلَ

ب

ك ت ب   كَتَبَ   ضُرِبَ   كَامِلٌ   مصروفٌ

اَكْرَمُ   سَعِيْدٌ   حَمَّالٌ   اِمْتَحَنَ

كَسَّرَ   مُتَحَمِّلٌ   دَحْرَجَ   تَدَحْرَجَ

---

(۱) الف کے نیچے جو لفظ ہیں، ان سب میں ف ع ل کے حروف ضرور آرہے ہیں۔ فَعَلَ اور فُعِلَ میں صرف ف ع ل ہیں، باقی سب میں ایک، دو، یا تین حروف اور زیادہ ہیں۔

عربی میں لفظوں کی بِنا، یعنی بُنیاد، عموماً تین حرفوں پر ہوتی ہے۔ زیادہ تر لفظ تین حروف کے ہیں؛ اس سے کم چار حروف کے؛ اور اس سے بھی کم پانچ حروف کے۔ یہ جتنے لفظ ہیں سب میں ف ع ل موجود ہے، اور ان ہی حروف سے مِل کر یہ لفظ بنے ہیں۔ اس لیے کہتے ہیں کہ اِن کا مَادّہ ف ع ل ہے۔ یہی حروف اِن لفظوں کے اصلی حروف کہلاتے ہیں۔

Marfat.com

(۲) ب کے نیچے اتنے ہی لفظ ہیں جتنے الف کے نیچے ہیں ۔ ترتیب وار پڑھو، تو ب کا ہر لفظ اسی طرح مُنہ سے نکلتا ہے، جس طرح الف کے لفظ ۔ جہاں جہاں الف والے لفظوں میں حرف تین حرف ہیں، وہیں ب والوں میں بھی تین ہیں، اور جہاں الف والوں میں کوئی حرف مشدّد، یا زائد ہے وہیں ب والوں میں بھی مشدّد، یا زائد ہے ۔ اس بات کو یوں بھی کہا اور سمجھا جا سکتا ہے کہ اگر ہم ب والے لفظوں میں اُن کے حروف کی جگہ ف ع ل سمجھ کر پڑھیں، تو الف اور ب کے لفظوں میں کوئی فرق نہ رہے گا ۔ ف ع ل کے ذریعے ہم ب کے لفظوں کو ناپتے، یا تولتے ہیں، تو دونوں برابر نکلتے ہیں ۔ اس طرح کسی لفظ کو ف ع ل کے ذریعے تولنے کو وزن کہتے ہیں ۔

کَتَبَ کا وزن فَعَلَ ہے ، سَعِیدٌ کا فَعِیلٌ ہے، اِمْتَحَنَ کا اِفْتَعَلَ ، دَحْرَجَ کا فَعْلَلَ ہے ۔ اسی طرح اور سب کو آزما لو ۔

تُم نے یہ بھی دیکھا کہ وزن کے جانچنے میں ف ع ل کی جگہ ب کے لفظوں کے اصلی حروف آ گئے ، مگر حرفوں کی حرکت دونوں جگہ ایک ہی رہی ۔ معلوم ہوا کہ وزن کے جانچنے میں حرکت نہیں بدلتی ۔

ب والے لفظوں کی جانچ میں یوں کہیں گے کہ کَتَبَ کا مادّہ ک ت ب ہے ، اور وزن فَعَلَ ہے ۔ اسی طرح ضُرِبَ، کامِلٌ، مصروف ..... کے مادّے، بالترتیب، ض ر ب، ک م ل ، ص ر ف ..... ہیں اور ان کے وزن فُعِلَ ، فَاعِلٌ، مفعولٌ ..... ہیں ۔

۱۲/ اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ :-

Marfat.com

(۱) جن اصلی حرفوں سے کوئی لفظ بنے وہ حرف اُس لفظ کا مادّہ ہوتے ہیں۔
(۲) لفظوں کے جانچنے کے لیے ف ع ل کے حروف استعمال کیے جاتے ہیں۔ اصلی حروف کی جگہ ف ع ل رکھ کر جانچتے ہیں، مگر حروف کی حرکت نہیں بدلتی۔

---

## مشق

نیچے کے لفظوں کے مادّے اور وزن بتاؤ:-

| | | | |
|---|---|---|---|
| عامِلٌ | کَرِیمٌ | مُتَصَرِّفٌ | اَفْضَلُ |
| قَتَلَ | اِقْتَرَبَ | مَصَّرَ | مَحْمُودٌ |
| بَقَّالٌ | فُصِلَ | زَخْرَفَ | تَبَرْقَعَ |

Marfat.com

# سبق ۴

(۱)

## اِسم، فعل، حرف

الف

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حَمِیدٌ | رَجُلٌ | قِطٌّ | وَرْدَةٌ | مِصْبَاحٌ |
| کسی مرد کا نام | آدمی | بلّی | گلاب | چراغ |

ب

| | | | |
|---|---|---|---|
| یَشْرِبُ | جَلَسَ | یَجْرِی | وَقَفَ |
| وہ پیتا ہے | وہ بیٹھا | وہ بھاگتا ہے | وہ کھڑا ہوا |

ج

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | اِلَی | عَلَی | هَلْ | وَ | فِی |
| سے | طرف | اوپر | کیا؟ | اور | اندر |

(۱) اوپر کی مثالوں میں الف کے نیچے جتنے کلمے ہیں، وہ کسی شخص یا چیز کے نام ہیں، جسے ہم دیکھ یا چھو سکتے ہیں۔ اس قسم کے کلموں کو اِسم (جمع=اَسْماء) کہتے ہیں۔

مگر ایسی چیزوں کے بھی تو نام ہوتے ہیں، جن کو نہ ہم دیکھ سکتے ہیں، نہ چھو سکتے ہیں، بلکہ اُن کا صرف ایک خیال ہمارے ذہن میں ہے؛ جیسے علو اور صِدْقٌ (سچائی) یہ بھی اسماء ہی ہیں۔

(۲) ب کے نیچے جو کلمے ہیں، اُن سے کسی کام کا کسی خاص زمانے میں کرنا، یا ہونا معلوم ہوتا ہے؛ جیسے: یَشْرِبُ۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے

Marfat.com

کہ ذکر کرنے کے وقت کسی نے کوئی چیز پی ہے۔ اسی طرح جَلَسَ سے معلوم ہوتا ہے کہ بات کرنے کے وقت سے پہلے (گزرے ہوئے زمانے میں) کوئی بیٹھا۔ اس قسم کے کلموں کو فِعْل (جمع= اَفْعَال) کہتے ہیں۔

(۳) ج کے نیچے جو کلمے ہیں، اُن کے معنی اُس وقت تک پوری طرح نہیں بنتے جب تک کہ وہ کسی جُملے میں نہ شامل کیے جاویں؛ مثلاً: فِی اور عَلٰی کے معنی پوری طرح نہیں کُھلتے؛ یعنی صرف اُن کے سُننے سے سُننے والا پوری بات نہیں سمجھ سکتا۔ لیکن جب تُم یہ کہو کہ: اَلْوَلَدُ فِی الْحُجْرَۃِ (لڑکا کوٹھری میں ہے) یا یہ کہو کہ: اَلْوَلَدُ عَلَی السَّرِیْرِ (لڑکا تخت پر ہے) تو سُننے والے کے سمجھ میں آجاوے گا کہ تم یہ بتلانا چاہتے ہو کہ لڑکا کوٹھری میں ہے، یا لڑکا تخت پر ہے۔ اب تمہیں معلوم ہوگیا ہوگا کہ اکیلے فِی اور عَلٰی کے کوئی معنی نہیں ہیں۔

اس قسم کے جتنے کلمے ہیں وہ حرف (جمع= حروف) کہلاتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** کلمے تین طرح کے ہوتے ہیں: اِسْم (۱)، فِعْل (۲)، حرف (۳)۔

(۱) اِسم وہ کلمہ ہے جس سے کسی چیز کا نام معلوم ہو؛ خواہ وہ چیز دیکھی جاسکے، یا چُھوئی جاسکے، یا ایسی ہو کہ جس کو نہ ہم دیکھ سکیں نہ چُھو سکیں، بلکہ اُن کا نام لینے سے اُس کا خیال ذہن میں پیدا ہوجاوے۔

(۲) فِعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کسی خاص زمانے میں کیا جانا، یا ہونا معلوم ہو۔

(۳) حَرف وہ کلمہ ہے جس کے معنی کسی اور کلمے سے ملائے بغیر نہ ظاہر ہوں۔

Marfat.com

(۲)

## جُملہ

اَلْكِتَابُ مَفْتُوحٌ — ذَهَبَ التِّلْمِيذُ

کتاب کھلی ہوئی ہے — شاگرد گیا

جَاءَتْ سَعِيدَةٌ — جَلَسَ سَعِيدٌ عَلَى الْكُرْسِيِّ

سعیدہ آئی — سعید کرسی پر بیٹھا

اوپر والے فقرے دو، یا زیادہ کلموں سے مل کر بنے ہیں۔ پہلے ہی فقرے (اَلْكِتَابُ مَفْتُوحٌ) پر غور کرو، تو معلوم ہوگا کہ کہنے والے کو جو کچھ کہنا تھا وہ کہہ چکا اور اُس کا پورا مطلب سمجھ میں آگیا۔ اس طرح کے فقروں کو جُمْلَہ کہتے ہیں۔

بعض وقت صرف ایک ہی کلمے سے جُملہ بن جاتا ہے؛ جیسے: اُكْتُبْ (لکھ)۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ**: ہر ایسے فقرے کو، جس سے سُننے والا پوری بات سمجھ جائے، **جُمْلَہ** کہتے ہیں۔

جُملے میں عموماً دو، یا زیادہ کلمے ہوتے ہیں، مگر بعض صورتوں میں صرف ایک کلمہ بھی ہوسکتا ہے۔

## مشق

نیچے کے جُملوں میں اِسم، فعل اور حرف بتادو:

(۱) جَاءَ سُلَيْمَانُ — (۲) خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ طِينٍ

سُلیمان آیا — انسان کو مٹی سے بنایا

Marfat.com

(۳) اُنظُرْ اِلٰی حِمارِكَ

اپنے گدھے کی طرف دیکھ

(۴) سَلَامٌ عَلٰی موسٰی وھارون

موسیٰ اور ہارون پر سلام

(۵) ھَلْ اَتَاكَ حَدِیثُ موسٰی ؟

کیا تجھے موسیٰ کی خبر ملی ؟

(۶) یَدْخُلون فِی دِیْنِ اللّٰہِ

وہ سب اللہ کے دین میں داخل ہوتے ہیں

(۷) قالُوا تَاللّٰہِ

اُنہوں نے کہا اللہ کی قسم

(۸) آمَنْتُ بِاللّٰہ

مَیں اللہ پر ایمان لایا

(۹) لَا تَخَفْ

مت ڈر

(۱۰) کُل

کھا

Marfat.com

# سبق ۵

## اِسم : مذکّر ، مؤنّث

الف

سَعِیدٌ
عاصِمٌ
نُعْمانُ
دِیکٌ
(مُرغ)

ب

سَعِیدةٌ
عاصِمَةٌ
مَیمُونَةٌ
دَجاجَةٌ
(مُرغی)

ج

ثُرَیّا
لَیلیٰ
خَنْساءُ
عَذْراءُ

د

زَینَبُ
سُعادُ
هِندُ

اسمار میں بعض ایسے ہوتے ہیں، جو مرد، یا نر چیز، کو ظاہر کرتے ہیں، اور بعض عورت، یا مادہ چیز کو۔ پہلے قسم کے اسمار کو مُذَکَّر اور دوسری قسم کو مُؤَنَّث کہتے ہیں۔

(۱) اوپر کی مثالوں میں الف کے نیچے کی سب مثالیں مذکّر اسمار کی ہیں اور ب، ج اور د کی مثالیں سب مؤنث اسمار کی ہیں۔

Marfat.com

(۲) ب اور ج کے نیچے کی مثالوں پر غور کرو۔ تم دیکھو گے کہ ب کے نیچے کی تمام مثالوں کے، آخر میں ۃ ہے۔ ج کے نیچے کی پہلی دو مثالوں کے آخر میں الف مقصورہ ہے اور دوسری دو کے آخر میں الف ممدودہ۔ اس سے معلوم ہوا کہ بعض صورتوں میں مذکر اسم کے آخر میں ۃ لگانے سے مؤنث اِسم بن جاتا ہے؛ چنانچہ ب کے نیچے کی مثالوں میں مذکر اسم عاصِم کے آخر میں ۃ لگاکر عاصِمَةٌ مؤنث اسم بنا لیا ہے۔ اس ۃ کو تانیث کی ۃ کہتے ہیں۔

(۳) ج کی مثالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض صورتوں میں مؤنث اِسم کے آخر میں الف مقصورہ، یا الف ممدودہ ہوتا ہے۔

(۴) د کے نیچے جو مثالیں ہیں، وہ بھی مؤنث اِسم ہیں؛ لیکن تم یہ دیکھ رہے ہو کہ اُن کے آخر میں اوپر بتلائی ہوئی مؤنث کی علامتوں میں سے کوئی بھی علامت موجود نہیں ہے۔ ایسے اسم مؤنث کو مُؤنَّث مَعْنَوِيّ کہتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ**: مؤنث اِسم کی تین علامتیں ہیں، جو اُس اسم کے آخر میں ہوتی ہیں:

(۱) تانیث کی ۃ، (ب) الف مقصورہ اور (ج) الف ممدودہ۔ بعض مؤنث اسم ایسے ہوتے ہیں جن میں مؤنث کی کوئی علامت نہیں ہوتی، مگر وہ حقیقت میں مؤنث ہوتی ہیں۔ ایسے اِسم مؤنث کو مُؤَنَّث مَعْنَوِيّ کہتے ہیں۔

Marfat.com

## مشق

نیچے کے جملوں میں مذکر اور مؤنث اسم بتلاؤ، اور اُن میں مؤنث اسموں کی علامتیں بتلاؤ۔

۱۔ هٰذَا رَحْمَةٌ مِنْ رَبِّي — یہ میرے رب کے پاس سے ایک رحمت ہے۔

۲۔ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ — سچ آیا اور جھوٹ مٹ گیا۔

۳۔ قَالَتْ اِمْرَأَةُ الْعَزِيزِ — عزیز کی بیوی نے کہا۔

۴۔ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ — وہ مسیح ہے مریم کا بیٹا۔

۵۔ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً — اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں نیکی دے۔

۶۔ كَذَّبَ بِالْحُسْنٰى — اُس نے نیکی کو جھٹلایا۔

Marfat.com

# سبق ۶

## اسم: واحد، تثنیہ اور جمع

| | | | |
|---|---|---|---|
| (واحد) | مَحْمُودٌ | زَیْنَبُ | عُصْفُوْرٌ (چڑیا) |
| (تثنیہ) | مَحْمُودَانِ ـ مَحْمُودَیْنِ | زَیْنَبَانِ ـ زَیْنَبَیْنِ | عُصْفُورَانِ عُصْفُورَیْنِ |
| (جمع) | مَحْمُودُونَ ـ مَحْمُودِیْنَ | زَینبَاتٌ | عَصافِیرُ |

اگر کوئی اِسم ایک ہی چیز پر دلالت کرے، تو اُسے اِسْمُ واحِد کہتے ہیں؛ دو چیزوں پر دلالت کرے، تو اُسے اِسْمُ تَثْنِیَہ اور دو سے زیادہ کو ظاہر کرے، تو اُسے اِسْمُ جَمع کہتے ہیں۔

اوپر کی مثالوں پر غور کرو تو معلوم ہوگا کہ:

(۱) مَحْمودٌ اور زَیْنَبُ صرف ایک لڑکے اور ایک ہی لڑکی کا نام ہے؛ اور عُصْفورٌ ایک ہی چڑیا ہے

(۲) مَحْمودَانِ، مَحْمُودَیْنِ؛ زَیْنَبَانِ، زَیْنَبَیْنِ؛ عُصْفورانِ عُصْفورَیْنِ، دو لڑکے، دو لڑکیاں اور دو چڑیاں ہیں؛ اس لیے یہ اسم تثنیہ کہلاتے ہیں۔ یہ اس طرح بنے ہیں کہ واحد پر الف اور ن (انِ) یا ی اور ن (یْنِ) بڑھا دیا ہے۔ انِ رفع کی حالت میں آتا ہے اور یْنِ نصب اور جر کی حالت میں۔

(۳) مَحمودُونَ، مَحمودِین سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دو سے زیادہ محمود (یعنی جمع) ہیں۔ واحد پر واو اور نون (وْنَ) یا ی اور ن (یْنَ) مفرد پر بڑھانے سے جمع بنتی ہے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ یہ اسم مذکر ہے۔

Marfat.com

اس طرح کی جمع کو جَمعِ مُذَکَّرسالِم کہتے ہیں۔ وْنَ رفع کی حالت میں استعمال ہوتا ہے، اور یْنَ نصب اور جر کی حالت میں۔

اسم زَیْنَبَاتُ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دو سے زیادہ عورتوں کا ذکر ہے، جن دونوں کا نام زینب ہی ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ مؤنث ہیں۔ واحد پر الف اور ت (ات) بڑھانے یہ جمع بنتی ہے، چوں کہ یہ مونث ہے، اس لیے اس جمع کو جمع مُؤنث سَالِمْ کہتے ہیں۔ حالت رفع میں جمع مؤنث سالم پر ضمّہ آتا ہے اور نصب اور جر کی حالت میں کسرہ۔

(۴) اِسم عَصافِیْرُ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دو سے زیادہ (جمع) چڑیاں ہیں۔ مفرد کی صورت میں تبدیلی کر دینے سے یہ جمع بنتی ہے۔ کُتُبٌ، اَنھارٌ، مَدارِسُ، اَقْلامٌ، غِلْمانٌ وغیرہ بھی اسی طرح، یعنی مفرد کی صورت میں تبدیلی کر دینے سے بنے ہیں۔ اس قسم کی جمع کو جمع مُکَسَّر کہتے ہیں۔ اعراب میں ان کی حالت مفرد کی سی ہوتی ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ: اِسْم کی تین صورتیں ہیں:-**

(۱) واحد؛ وہ ہے جو صرف ایک اِسم کو بتاتا ہے۔

(۲) تثنیہ: وہ ہے جو دو اسموں کو بتاتا ہے۔ الف اور نون (ان) بڑھانے سے اور حالت نصب اور جر میں ي اور ن (یْن) مفرد پر بڑھانے سے بنتا ہے۔

(۳) جمع؛ جو دو سے زیادہ اِسموں کو بتاتا ہے۔

جمع کی تین قسمیں ہیں:

Marfat.com

(۱) جمع مذکر سالم: جو دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو بتائے، یہ جمع حالت رفع میں مفرد پر واو اور ن (وْن) بڑھانے سے بنتی ہے، اور حالت نصب اور جر میں مفرد پر ی اور ن (یِن) بڑھانے سے بنتی ہے۔

(۲) جمع مؤنث سالم: وہ ہے جو دو سے زیادہ اسموں کو بتلاتی ہے۔ یہ مفرد پر الف اور ت (ات) بڑھانے سے بنتی ہے۔

(۳) جمع مکسّر وہ ہے جو دو سے زیادہ عدد کو ظاہر کرے۔ یہ واحد کی صورت میں کچھ تبدیلی کرنے سے بنتی ہے۔

---

## مشق ۱

نیچے کے فقروں کو پڑھ کر بتاؤ کہ ان میں واحد، تثنیہ اور جمع اسم کون کون سے ہیں، اور ان میں سے مذکر اور مؤنث اور ان کی قسمیں بھی بتاؤ:

۱۔ الوالِداتُ یُرضِعنَ اَولادَھُنَّ حولَینِ کامِلَینِ

۲۔ اَلَّذِینَ آمَنُوا وعَمِلُوا الصّالِحاتِ لَھُمْ جنّاتُ النَّعِیمِ

۳۔ ھٰذا صِراطٌ مُّستَقِیمٌ

۴۔ خَلَقَ السَّماواتِ والاَرضَ

۵۔ ما اَنتَ اِلّا بَشَرٌ مِثْلُنا وَاِنْ نَظُنُّکَ لَمِنَ الکاذِبِینَ

۶۔ ربُّ المَشرِقِ والمَغرِبِ لا اِلٰہَ اِلّا ھُوَ

۷۔ قَد اَفلَحَ المُومِنُونَ

۸۔ لِمَن خافَ مَقامَ رَبِّہٖ جَنَّتانِ

Marfat.com

۹۔ رَبُّ المَشْرِقَيْنِ ورَبُّ المغرِبَيْنِ
۱۰۔ باعِدْ بَيْنَ اَسْفارِنا

---

## مشق ۲

نیچے کے جملوں میں اسم تثنیہ جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم بتا دو، اور یہ بتاؤ کہ ان میں سے ہر ایک رفع نصب اور جر کی کس کس حالت میں ہے۔

۱۔ کانَتا تحتَ عَبْدَيْنِ مِن عِبادِ ناصالِحَيْنِ
۲۔ الخَبيثاتُ لِلْخَبيثِينَ والخبيثُون لِلْخَبيثاتِ
۳۔ كَذَّبَتْ ثَمودُ المُرْسَلِينَ
۴۔ لا تَعْثَوْا فِي الاَرْضِ مُفْسِدِينَ
۵۔ لا اَنتُم عابِدُونَ ما اَعْبُدُ
۶۔ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهاتُكُمْ وَبَناتُكُمْ وَاَخَواتُكُمْ وَعَمّاتُكُمْ
۷۔ اِنّا لَصادِقُونَ
۸۔ ماتُوا وَهُم فاسِقُونَ
۹۔ كَذالِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الاَمْثالَ
۱۰۔ لَيَعْلَمَنَّ الكاذِبِيْنَ
۱۱۔ كانَ بِالمُومِنِيْنَ رَحِيمًا
۱۲۔ كَفَرُوا بِآياتِ اللّٰهِ

---

Marfat.com

# سبق ۷

## اِسم : جمع مکسّر

### الف : اَفْعَالٌ [ جمع ]

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَعَلٌ | وَلَدٌ | (بیٹا) | اَوْلادٌ |
| فَعِیل | شَرِیفٌ | | اَشْرافٌ |
| فِعْل | طِفْلٌ | (لڑکا) | اَطْفالٌ |

### ب : فُعُولٌ [ جمع ]

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَعْل | بَحْرٌ | (سمندر) | بُحُورٌ |
| فَعَل | أَسَدٌ | (شیر) | اُسُودٌ |
| فَعِلٌ | مَلِكٌ | (بادشاہ) | مُلُوك |

### ج : فِعالٌ [ جمع ]

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَعْل | كَلْبٌ | (کُتّا) | كِلابٌ |
| فَعُل | رَجُلٌ | (آدمی) | رِجالٌ |
| فَعِیل | كَبِیرٌ | (بڑا) | كِبار |

### د : فُعُلٌ [ جمع ]

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِعال | كِتابٌ | | كُتُبٌ |
| فَعِیلَة | مَدِینَةٌ | (شہر) | مُدُنٌ |
| فَعْل | فَرْشٌ | | فُرُشٌ |

Marfat.com

۵ : اَفْعُلٌ [جمع]

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَعْل | نَھْرٌ (دریا) | | اَنْھُرٌ |
| فِعْل | رِجْلٌ (پاؤں) | | اَرْجُلٌ |

تُم نے ابھی اوپر جمع سالم کا حال پڑھا ہے، اور تُم سمجھ چکے ہو کہ جمع سالم میں واحد اِسم کی بناء قائم رہتی ہے۔ اوپر کی مثالوں میں بھی بہت سے واحد اسم اور اُن کی جمع کی صورتیں ہیں۔ ذرا سے غور سے معلوم کر لوگے کہ اِن سب میں جمع کی صورت واحد کی صورت سے تھوڑی سی بدلی ہوئی ہے۔ سب میں واحد کی صورت ٹوٹ گئی ہے۔ اسی لیے اس قسم کی جمع کو مُکَسَّر (ٹوٹی ہوئی) کہتے ہیں۔

ان مثالوں میں جمع مکسر کے پانچ مختلف وزن نظر آتے ہیں: اَفْعالٌ۔ فُعُولٌ۔ فِعالٌ۔ فُعُلٌ اور اَفْعُلٌ۔ واحد کے ہر وزن کے ساتھ ساتھ اُس واحد کا وزن بھی لکھا ہے، جس پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ جمع کے ایک ہی وزن کے لیے واحد کے کئی کئی وزن آتے ہیں؛ یا یوں کہو کہ کئی وزنوں کے واحد کی جمع ایک ہی وزن پر آتی ہے؛ مثلاً: اَفْعالٌ جمع کے لیے فَعَلٌ، فَعِیلٌ، فِعْل تین وزن آتے ہیں۔ یہی حال جمع کے باقی اور چاروں وزنوں کا ہے۔

ان میں ایک بات یہ بھی نظر آتی ہے کہ واحد کے ایک ہی وزن کے لیے جمع کے کئی وزن آجاتے ہیں؛ مثلاً: فَعِیل وزن کے لیے اَفْعالٌ اور فِعالٌ جمع کے دو وزن ہیں؛ جیسے: شَرِیف سے اَشْراف اور کبیر سے کِبار۔ اسی طرح فَعْلٌ واحد سے فُعُول اور فِعال اور فُعُل اور اَفْعُل چار وزن آتے ہیں؛ جیسے بَحْر سے بُحُور، کَلْب سے کِلاب، کِتاب سے

60075

Marfat.com

کُتُب اور نَھر سے اَنھُر۔

یہ نہ سمجھ لینا کہ جمع مکسر کے صرف یہی پانچ وزن ہیں۔ اس کے اور بہت سے وزن ہیں۔ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ واحد کے کس وزن کے لیے جمع مکسر کا کیا وزن آتا ہے، لُغت کی کتاب سے مدد لی جاتی ہے۔ تُم عربی کے مطالعے میں خود بخود جمع مُکسّر کے وزنوں کو سمجھتے چلے جاؤ گے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (۱) جب جمع بننے میں واحد کی صورت ٹوٹ جائے، تو ایسی جمع کو جمعِ مُکسّر کہتے ہیں۔

(۲) جمع مکسر کے وزن بہت سے ہیں۔

(۳) واحد کے ایک ہی وزن کے لیے جمع کے کئی وزن آتے ہیں، اور کئی وزن کے واحد کے لیے جمع کا ایک ہی وزن بھی ہوتا ہے۔

## سبق ۸

## صفت اور موصوف

الف — ب

(۱) ظَھَرَ الْبَدْرُ الْمُنِیْرُ
پورا چاند چمکتا ہوا ظاہر ہوا

(۲) رَاَیْتُ الْبَدْرَ الْمُنِیْرَ
میں نے چمکتا ہوا پورا چاند دیکھا

(۳) نَظَرْتُ اِلَی الْبَدْرِ الْمُنِیْرِ
مَیں نے پورے چمکتے ہوئے چاند کو دیکھا

(۴) فِی دھلی تِمْثَالٌ بَدِیْعٌ
دہلی میں ایک عجیب بُت ہے

(۵) رَاَیْتُ فِی لَاھُوْرَ تِمْثَالًا بَدِیْعًا
مَیں نے لاہور [illegible] عجیب بُت دیکھا

(۶) نَظَرْتُ اِلٰی تِمْثَالٍ بَدِیْعٍ
مَیں نے عجیب بُت دیکھا

Marfat.com

خاص افعال، یا حروف کے عمل سے اسم کبھی مرفوع ہوتا ہے، کبھی منصوب اور کبھی مجرور۔

اوپر کی مثالیں دیکھ کر شاید تمہیں تعجب ہوگا کہ اُن میں ایسے اسمار ہیں جن کے مرفوع، یا منصوب، یا مجرور ہونے کا کوئی سبب نہیں معلوم ہوتا۔

بات یہ ہے کہ بعض اسمار ایسے ہیں کہ وہ کسی دوسرے کے تابع ہوتے ہیں۔

(۱) الف کے نیچے تین جملوں میں ہم نے بدر (پورے چاند) کا ذکر کیا ہے، اور لفظ مُنِیرٌ (چمک دار) سے اُس کی صفۃ، یعنی تعریف، بیان کی ہے۔ اسی طرح ب کے نیچے کے تین جملوں میں تِمثالٌ (بت) کی صفت میں ہم نے بدیعٌ (عجیب) کہا ہے۔ ظاہر ہے کہ مُنیر اور بدیع دونوں صفت کے کلمے ہیں، اور بدر اور تِمثال، جن کی تعریف ہوئی ہے، موصوف ہیں۔

(۲) سب مثالوں میں تم دیکھتے ہو کہ ہر صفت رفع، نصب اور جر کے لحاظ سے اپنے موصوف کے مطابق ہے؛ یعنی جو حرکت بدر کی ہے، وہی منیر کی ہے، اور جو تِمثال کی ہے، وہی بدیع کی ہے۔ اسی مطابق ہونے کو تابع ہونا کہتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ ۵** : (۱) وہ اسم، جو اپنے سے پہلے کلمے کی تعریف کرے، خواہ وہ تعریف اچھی ہو، یا بُری، وہ صفۃ کہلاتا ہے؛ اور جو کلمہ اُس سے پہلے ہو، وہ موصوف۔

(۲) رفع، نصب اور جر کے لحاظ سے صفۃ اپنے موصوف کے تابع ہوتی ہے۔

## مشق

نیچے کے جملوں میں صفت اور موصوف پہچانو:

(۱) يَفْرَحُ الْمُعَلِّمُ بِالتِّلْمِيْذِ الْمُهَذَّبِ

معلم مہذب شاگرد سے خوش ہوتا ہے۔

Marfat.com

(۲) الْهَوَاءُ الْبَارِدُ يُفِيْدُ الْجِسْمَ

ٹھنڈی ہوا جسم کو مفید ہوتی ہے۔

(۳) يُحْبَسُ الحيوانُ الْمُفْتَرِسُ فی قفسٍ حَدِيْدِيٍّ

ہوشیار جانور لوہے کے پنجرے میں بند کیا جاتا ہے۔

(۴) يَزُوْرُ الْهِنْدَ عَدَدٌ كَبِيْرٌ مِنَ السَّيَّاحِ

ہندوستان میں بہت سے سیاح آتے ہیں۔

(۵) الْأَبُ الشَّفِيْقُ لَا يَنْسَى اَبْنَاءَهُ الصَّغِيْرَةَ

شفیق باپ اپنے چھوٹے بیٹے کو نہیں بھولتا۔

(۶) الضَّوْءُ الشَّدِيْدُ يُضْعِفُ الْبَصَرَ

سخت روشنی نظر کو کم زور کر دیتی ہے۔

Marfat.com

# سبق ۹

## صفت سببی

### الف

صفت حقیقی

(۱) يُفْرِحُ التِّلْمِيذُ النَّاجِحُ

کامیاب شاگرد خوش ہوگا۔

(۲) أَكْرَمْتُ الضَّيْفَيْنِ الْعَظِيمَيْنِ

میں نے دونوں بڑے مہمانوں کی عزّت کی۔

(۳) يَسْعَدُ الْوَطَنُ بِالْمُلُوكِ الْعَادِلِينَ

عدل کرنے والے بادشاہوں سے وطن سعادت پاتا ہے۔

(۴) رَسَمْتُ صُورَةً بَدِيعَةً

میں نے اچھی تصویر کھینچی۔

(۵) اِشْتَرَيْتُ بَقَرَتَيْنِ كَبِيرَتَيْنِ

میں نے دو بڑی گائیں خریدیں۔

(۶) نَرْقَى بِالْأُمَّهَاتِ الْعَاقِلَاتِ

ہم عقلمند ماؤں کی وجہ سے ترقی کرتے ہیں۔

### ب

صفت سببی

(۱) يُسَرُّ الرَّجُلُ النَّاجِحُ ابْنُهُ

جس شخص کا بیٹا کامیاب ہوا وہ خوش ہوگا۔

(۲) أَكْرَمْتُ الطِّفْلَيْنِ الْغَائِبَ أَبُوهُمَا

میں نے اُن دو لڑکوں کی عزّت کی جن کا باپ غائب ہے۔

(۳) اِتَّصَلْتُ بِالْعُلَمَاءِ الْكَثِيرِ زُوَّارُهُمْ

میں اُن عالموں سے ملا جن کے پاس بہت سے آدمی آتے ہیں۔

(۴) هٰذِهِ بِنْتٌ عَاقِلٌ أَبُوهَا

یہ وہ لڑکی ہے جس کا باپ عقلمند ہے۔

(۵) هٰذَانِ وَلَدَانِ عَاقِلَانِ أُخْتَاهُمَا

ان دونوں لڑکوں کی دونوں بہنیں عقلمند ہیں۔

(۶) تَدْرُسُ الْمُعَلِّمَةُ لِبَنَاتٍ غَنِيٍّ آبَاؤُهُنَّ

جن لڑکیوں کے باپ دولتمند ہیں اُن کو استانی پڑھاتی ہے۔

---

جو کلمات الف کی مثالوں کے آخر میں آ رہے ہیں، وہ سب صفت حقیقی ہیں، کیوں کہ وہ اپنے ماقبل کی صفت کو بیان کرتے ہیں؛ مثلاً پہلی مثال میں کلمۂ ناجح تِلمیذ

Marfat.com

کی صفت بیان کرتا ہے، لیکن ب کے نیچے کی پہلی مثال میں یہی کلمہ اپنے مابعد یعنی 'ابن' کی صفت بیان کرتا ہے۔ یہی حال ب کی اور مثالوں کا ہے کہ کلمات الغائب، الکثیر، عاقل، عاقلۃ ہیں۔ چوں کہ اُن کے ماقبل اور مابعد کے آپس میں ایک سبب یعنی تعلق ہے اس لیے اس قسم کی ہر صفت کو "صفت سببی" کہتے ہیں؛ کیوں کہ ابن اور الرّجل میں اور اب اور الطّفلین میں رشتہ ہے۔ اسی طرح دوسری مثالوں میں ہوا ہے۔ اب صفت حقیقی اور صفت سببی میں جو لفظی فرق ہے اسے سمجھو:

(۱) جو صفت حقیقی الف کی مثالوں میں ہیں اُن سب میں تم دیکھو گے کہ صفت اپنے موصوف کے اس طرح موافق ہیں کہ:

الف۔ صفت کا اعراب ہر صورت میں وہی ہے جو موصوف کا ہے۔

ب۔ واحد، تثنیہ اور جمع ہونے میں بھی صفت اپنے موصوف کا ساتھ دیتی ہے۔

ج۔ معرفہ اور نکرہ ہونے میں بھی صفت اور موصوف ایک ہی طرح کے ہیں۔ پہلی تین مثالوں میں دونوں معرفہ ہیں اور بعد کی تین مثالوں میں دونوں نکرہ۔

معرفہ اور نکرہ کی تفصیل تم آگے پڑھو گے۔ یہاں صرف اتنا سمجھ لو کہ معرفہ ایک خاص معیّن چیز کو کہتے ہیں، اور نکرہ کسی عام اور غیر معیّن چیز کو۔

د۔ مذکر اور مؤنث ہونے میں بھی دونوں یکساں ہیں۔ پہلی تین مثالوں میں دونوں مذکر ہیں اور بعد کی تین مثالوں میں مؤنث۔

(۲) ب کے نیچے صفت سببی اپنے موصوف سے اس طرح موافق ہیں کہ

الف۔ صفت کا اعراب ہر صورت میں وہی ہے جو موصوف کا ہے۔

ب۔ معرفہ اور نکرہ ہونے میں بھی دونوں کی ایک ہی صورت ہے۔

واحد پر اس سے ماقبل اور مابعد کا کچھ اثر نہیں ہوتا، وہ اپنی ہی حالت پر رہتا ہے؛ مگر تذکیر و تانیث میں موصوف اپنے ماقبل سے مخالف اور مابعد سے موافق ہوتا ہے، جیسا کہ (ب) کی چوتھی، پانچویں اور چھٹی مثال سے ظاہر ہے۔

Marfat.com

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (الف) صفت حقیقی وہ تابع ہے، جو اپنے متبوع کی صفت کے لیے آتا ہے اور اپنے اعراب میں واحد، تثنیہ، جمع؛ تذکیر، تانیث، اور معرفہ ونکرہ میں اُس کے موافق ہوتا ہے۔

(ب) صفت سببی وہ تابع ہے، جو اپنے اُس مابعد کی صفت بیان کرتا ہے، جس کا کوئی تعلق متبوع سے ہو۔ وہ صفت حقیقی کی طرح اعراب، معرفہ اور نکرہ میں اپنے ماقبل کے موافق ہوتا ہے۔ فرق ہوتا ہے تو یہ کہ صفت سببی ہمیشہ مفرد ہوتا ہے اور اپنے مابعد کی تذکیر اور تانیث کے موافق ہوتا ہے۔

ایک یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ معرفہ کے بعد جو جملہ ہوتا ہے وہ حال ہوتا ہے۔ مثلاً اگر تم کہو کہ جَلَسَ الْوَلَدُ يَكْتُبُ تو جملہ يكتب حال ہوگا کیوں کہ یہاں اَلْوَلَدُ معرفہ ہے، نکرہ کے بعد جو جملہ ہوتا ہے وہ صفت ہوتا ہے؛ جیسے یہ کہا جارے کہ جَلَسَ وَلَدٌ يَكْتُبُ، تو يكتب صفت ہوگا، کیوں کہ یہاں وَلَدٌ نکرہ ہے۔

---

## مشق

نیچے کی عبارت میں صفت حقیقی اور صفت سببی بتلاؤ:

رَاَيْتُ طَيَّارًا هِنْدِيًّا، مُحَلِّقًا فِي الْجَوِّ بِطَيَّارَتِهِ الْجَمِيلُ شَكْلُهَا.

مَیں نے ایک ہندوستانی ہوا ری جہاز باں دیکھا، جو اپنے خوبصورت جہاز کو لیے ہوے ہوا میں منڈلا رہا تھا۔

فَسَارَ بِهَا مَسَافَةً طَوِيلَةً سَيْرًا سَرِيعًا. وَكَانَ رِجَالٌ كَثِيرٌ

وہ اُسے لے کر دور فاصلے تک تیز چال سے چلا گیا۔ اور لوگ جو گنتی میں بہت سے تھے،

عَدَدُهُم، يَنْظُرُونَ إِلَيهِ بِوُجُوهٍ مُشْرِقَةٍ، وَقُلُوبٍ فَرِحَةٍ.

اُس کی طرف چمکتے ہوے چہروں اور خوشی سے بھرے ہوے دلوں سے دیکھ رہے تھے۔

Marfat.com

ثُمَّ عَادَ، فَنَزَلَ فِي مَطَارٍ وَاسِعَةٍ أَرْجَاؤُهُ مَبْسُوطَةٍ أَرْضُهُ،
پھر وہ واپس آیا اور وہ ہوائی جہاز کے پڑاو میں اُترا، جس کے اطراف وسیع تھے اور جس کی زمین پھیلی ہوئی تھی۔
فَهَنَّأَهُ الْحَاضِرُوْنَ بِنَجَاحِهِ الْبَاهِرِ، وَمَهَارَتِهِ الْفَائِقَةِ.
جو لوگ وہاں موجود تھے اُنہوں نے اُس کی کھلی ہوئی کامیابی اور اُس کی بڑی مہارت پر اُسے مبارکباد دی۔

---

# سبق ۱۰

## مضاف اور مضاف الیہ

رَسَمْتُ صُوْرَةَ الْمَلِكِ
میں نے بادشاہ کی تصویر بنا دی

رَسَمْتُ صُوْرَةَ سَبُعٍ
مَیں نے درندے کی تصویر بنا دی

الف

(۱) حَضَرَ مُعَلِّمٌ
معلم حاضر ہوا

(۲) رَسَمْتُ زَهْرَةً
مَیں نے کلی کی تصویر بنا دی

(۳) مَشَيْتُ فِي شَارِعٍ
مَیں راستے میں چلا

(۴) حَضَرَ طَبِيبَانِ
طبیب حاضر ہو ے

(۵) رَبِحَ زَارِعُونَ
کھیتی کرنے والوں نے فائدہ اُٹھایا

ب

(۱) حَضَرَ مُعَلِّمُ الْحِسَابِ
حساب کا معلم حاضر ہوا

(۲) رَسَمْتُ زَهْرَةَ الْوَرْدِ
مَیں نے گلاب کی کلی کی تصویر بنا دی

(۳) مَشَيْتُ فِي شَارِعِ الدِّهْلِي
مَیں دہلی کے راستے میں چلا

(۴) حَضَرَ طَبِيبَا الْمَرِيضِ
بیمار کے دو طبیب حاضر ہو ے

(۵) رَبِحَ زَارِعُو الْقُطْنِ
روری بونے والوں نے فائدہ اُٹھایا

جب تم " رَسَمْتُ صُوْرَةً " (مَیں نے ایک تصویر بنا دی) کہہ کر چُپ ہو جاؤ،

Marfat.com

تو تم یہ نہیں بتاتے کہ کس کی تصویر بنا دی۔ لیکن جب یہ کہو کہ: "رَسَمْتُ صورَۃَ الْمَلِكِ" تو تم نے کسی خاص، یا معین چیز کا ذکر کیا اور اُس کی طرف تصویر کو نسبت دے دی۔ جب تم نے یہ کہا کہ: "رَسَمْتُ صورَۃَ سَبُعٍ" تو اس سے یہ معلوم ہوا کہ تُم نے کسی درندے کی تصویر بنا دی ہے۔ اس طرح تم نے اپنے اِن قولوں سے تصویر کو کسی بادشاہ، یا درندے کی طرف نسبت دی، یا مضاف کیا؛ جس کا یہ مطلب ہے کہ تمہارا منسوب الیہ، یا مضاف الیہ کوری بادشاہ یا درندہ ہے۔ اب اس کو یوں کہا جاوے گا کہ تصویر مضاف ہے اور بادشاہ، یا درندہ مضاف الیہ ہے۔

(۱) الف کی مثالوں میں صرف اسم ہی دئے گئے ہیں؛ مثلاً: کہا گیا ہے کہ حَضَرَ الْمُعَلِّمُ۔ یہ نہیں بتلایا گیا کہ کس بات کا مُعَلِّم، عربی کا، یا انگریزی کا؛ ب کی مثالوں میں اسم کا مضاف الیہ بھی بتلایا گیا ہے؛ مثلاً: حَضَرَ مُعَلِّمُ الْحِسابِ، یعنی حساب کا معلم۔

(۲) پہلی تین مثالوں میں مضاف پر تنوین تھی اُسے اُڑا دیا گیا ہے۔ چوتھی مثال میں تثنیہ اسم کو مضاف بنانے کے وقت اس کا نون حذف کر دیا گیا ہے، اِسی طرح پانچویں مثال میں جمع کا نون بھی نکال پھینکا ہے۔

(۳) دوسری بات یاد رکھنے کی یہ ہے کہ اگرچہ مضاف اِسم مرفوع، مفتوح اور اور مجرور ہے، مگر جو اسم مضاف الیہ ہے، اُس کے آخری حرف پر کسرہ (زیر) ہی ہے۔ اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ: (۱)** ایک اسم دوسرے اسم سے اس طرح منسوب، یا مضاف ہو سکتا ہے کہ پہلے اسم کی تعیین، یا تخصیص ہو جاوے۔ ان میں سے پہلا اسم (جو منسوب، یا مضاف کیا جاوے) مضاف کہلاتا ہے؛ اور دوسرا اسم، جو منسوب، یا مضاف ہو،

Marfat.com

وہ مضاف الیہ کہلاتا ہے ۔

(۲) مضاف کی تنوین گرجاتی ہے ؛ اور اسی طرح تثنیہ، یا جمع، یا جمع مذکر سالم کا (جس کا بیان آگے آوے گا) نون بھی حذف ہوجاتا ہے ۔

(۳) مضاف اسم پر اُس کے فاعل کے لحاظ سے فتحہ، کسرہ، ضمّہ سب آسکتے ہیں، مگر مضاف الیہ کے آخری حرف پر ہمیشہ زیر ہی آتا ہے ۔

---

## مشق

نیچے کے جملوں میں مضاف اور مضاف الیہ الگ الگ بتلادو :

(۱) وادِی السِّندِ خَصِیبٌ
دریائے سندھ کی وادی زرخیز ہے

(۲) دَرّاجَةُ خالِدٍ سَرِیعَةٌ
خالد کی بائیسکل تیز ہے ۔

(۳) حَضَرَ لاعِبو الْکُرَةِ
گیند کھیلنے والے حاضر ہوگئے

(۴) رَبَّیْتُ دودَةَ الْقَزِّ
میں نے ریشم کے کیڑے پالے

(۵) سَألْتُ مِنْ طالِبِی الْعِلْمِ سُؤالاتٍ
مَیں نے طالب علموں سے سوالات پوچھے ۔

(۶) وَضَعَ السَّجّانُ الْحَدِیدَ فی رِجْلَیِ الْمُجْرِمِ
جیلر نے مجرم کے پیروں میں بیڑیاں ڈالیں ۔

(۷) مُدِیرُو الْمَحْکَمَاتِ یُمَثِّلونَ الْحُکُومَةَ
محکموں کے افسران حکومت کرتے ہیں ۔

(۸) أَنْقَذَ الرِّجالُ ساکِنِي الْمَنْزِلِ
لوگوں نے گھر کے رہنے والوں کو چھڑایا ۔

---

Marfat.com

# سبق ۱۱

## زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسمیں

### ماضی، مضارع، امر اور نہی

---

(۱) وَقَفَ الوَلَدُ

لڑکا کھڑا ہوا

(۲) جَلَسَتْ فاطِمَةُ

فاطمہ بیٹھی

(۳) كَتَبُوا الْأَطفالُ

لڑکوں نے لکھا

(۴) يَأْكُلُ حامِدٌ

حامد کھاتا ہے (کھاوے گا)

(۵) نَلْعَبُ الْكُرَةَ

ہم گینڈ کھیلتے ہیں (کھیلیں گے)

(۶) تَكْتُبُ مَحْمودَةٌ

محمودہ لکھتی ہے (لکھے گی)

(۷) اِجْلِسْ عَلَى الْكُرْسِيِّ

کرسی پر بیٹھ

(۸) اُنْظُرْ اِلَى الْكِتابِ

کتاب کی طرف دیکھ

(۹) لا تَشْرَبْ هٰذَ الماءَ

اس پانی کو نہ پی

(۱۰) لا تَذْهَبْ هُنا

وہاں نہ جا

---

(۱) اوپر کے جملوں میں سے پہلے تین میں وَقَفَ، جَلَسَتْ اور كَتَبُوا ایسے فعل ہیں جو گزرے ہوسے وقت، یا زمانے میں کیے گئے، یا ہو سے ہیں، ایسے فعل کو فِعل ماضی کہتے ہیں۔

(۲) مثال ۴، ۵، ۶ میں يَأْكُلُ، نَلْعَبُ، تَكْتُبُ ایسے فعل ہیں، جو اُس وقت میں کیے جارہے ہیں، جب اُن کا ذکر ہورہا ہے، یا

Marfat.com

اُس وقت کے بعد آئندہ وقت میں کیے جائیں گے۔ ایسے فعل کو فعل مضارع کہتے ہیں۔

یہ یاد رکھو کہ مضارع کا پہلا حرف الف، ت، ی، ن میں سے کوئی ایک ضرور ہوتا ہے۔ اسی لیے ان کو حُروفُ المضارع کہتے ہیں۔

(۳) مثال ۷، ۸ میں اِجْلِسْ، اُنْظُرْ سے تم کسی کو، جو تمھارے سامنے موجود ہے، بیٹھنے اور دیکھنے کا حکم دے رہے ہو۔ ایسے فعل کو فعل امر کہتے ہیں۔

(۴) مثال ۹، ۱۰ میں لا تَشْرَبْ اور لا تَذْهَبْ کہہ کر تم نے سُننے والے کو پینے اور جانے کے کام سے روکا ہے۔ یہ بھی حکم ہے؛ مگر کام کرنے سے منع کرتا یا روکتا ہے۔ ایسے اَمر کو امرِ اِمْتِنَاعِيّ یا نَهْي کہتے ہیں۔

زرا سے غور سے معلوم ہوگا کہ اَمْر اور نَهْي دونوں کا آخری حرف ساکن ہوتا ہے۔ تُم یہ بھی دیکھ رہے ہو کہ نَهْي کی صورت صرف یہ ہے کہ مضارع کے شروع میں حرف لا لگا دیا گیا ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ**: زمانے کے لحاظ سے فعل تین طرح کا ہوتا ہے۔

(۱) فعل ماضی: وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا گزرے ہوئے زمانے یا وقت (ماضی) میں کرنا یا ہونا معلوم ہو۔

(۲) فعل مُضارع: وہ فعل ہے جس کا کرنا یا ہونا بات کرنے کے وقت (حال) میں، یا اس کے بعد کے وقت (مستقبل) میں پایا جائے۔

(۳) فعل اَمر: وہ فعل ہے جس سے کسی کو آئندہ وقت میں کوئی کام کرنے کا حکم دیا جائے۔

(۴) فعل نَهْي، یا امرِ امتناعِيّ: وہ فعل (امر) جس سے کسی کو

Marfat.com

کسی کام کے کرنے سے روکا جارے۔

(۵) فعل امر اور فعل نهي کا آخری حرف ساکن ہوتا ہے؛ اور نهي مضارع کے شروع میں لا لگانے سے بنتا ہے۔

اس سبق کے بعد اِن سب فعلوں کی پوری پوری گردانیں دی جاتی ہیں، اُنھیں غور سے پڑھو۔

---

## مشق

نیچے کے جُملوں میں ماضی، مضارع، امر اور نہی کے افعال الگ الگ بتاؤ۔

| | |
|---|---|
| ۱۔ رَجَعَ مُوسیٰ اِلیٰ قَومِہٖ | موسیٰ اپنی قوم کی طرف لوٹا |
| ۲۔ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ | ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں |
| ۳۔ اِنَّ اللّٰهَ یَأۡمُرُ بِالعَدۡلِ | اللہ عدل کا حکم دیتا ہے |
| ۴۔ اَعُوۡذُ بِكَ | مَیں تیرے پاس پناہ لیتا ہوں |
| ۵۔ لَا تَقُلۡ لَهُمَا اُفٍّ | ان (دونوں) سے اُف نہ کہہ |
| ۶۔ لِمَ تَقُوۡلُوۡنَ مَا لَا تَفۡعَلُوۡنَ | تُم کیوں کہتے ہو وہ جو تم نہیں کرتے ہو؟ |
| ۷۔ اِنِّیۡ رَأَیۡتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوۡکَبًا | میں نے گیارہ ستارے دیکھے |
| ۸۔ هٰذَا مَا کَنَزۡتُمۡ لِاَنۡفُسِکُمۡ | یہ ہے وہ جو تم نے اپنے لیے جمع کیا |

---

Marfat.com

# گردانیں

## (۱) فعل ماضی

كَتَبَ کی گردان

| | | | |
|---|---|---|---|
| مذکّر | واحد | كَتَبَ | اُس (ایک مرد) نے لکھا |
| | تثنیہ | كَتَبَا | اُن (دو مردوں) نے لکھا |
| | جمع | كَتَبُوا | اُن (سب مردوں) نے لکھا |
| مؤنث | و | كَتَبَتْ | اُس (ایک عورت) نے لکھا |
| | ت | كَتَبَتَا | اُن (دو عورتوں) نے لکھا |
| | ج | كَتَبْنَ | اُن (سب عورتوں) نے لکھا |
| مذکّر | و | كَتَبْتَ | تو (ایک مرد) نے لکھا |
| | ت | كَتَبْتُمَا | تم (دو مردوں) نے لکھا |
| | ج | كَتَبْتُمْ | تم (سب مردوں) نے لکھا |
| مؤنث | و | كَتَبْتِ | تو (ایک عورت) نے لکھا |
| | ت | كَتَبْتُمَا | تم (دو عورتوں) نے لکھا |
| | ج | كَتَبْتُنَّ | تم (سب عورتوں) نے لکھا |
| مذکّر اور مونث | و | كَتَبْتُ | مَیں (ایک مرد یا عورت) نے لکھا |
| | ت ج | كَتَبْنَا | ہم (دو مردوں یا عورتوں ۔ یا ۔ سب مردوں یا عورتوں) نے لکھا |

اوپر کی گردان کو غور سے پڑھو گے تو معلوم ہوگا کہ:

Marfat.com

(۱) پوری گردان کے تین بڑے ٹکڑے ہیں : غائب ، حاضر اور متکلم ۔
غائب وہ ہے جو بات کرتے وقت موجود نہیں ہے غائب ہے، مگر اسی کے بارے میں بات کی جارہی ہے ۔

حاضر وہ ہے جس سے بات کرنے والا بات کر رہا ہے اور وہ موجود ہے ۔
مُتکلّم وہ ہے، جو بات کر رہا ہے ۔

(۲) اِن تینوں میں پھر ہر ایک کی دو دو صورتیں ہیں : مذکّر اور مؤنث؛ کیوں کہ ہر شخص یا تو مذکّر ہوگا یا مؤنث ۔ پھر یہ شخصیت بھی ایک ہوگی یا دو ، یا زیادہ ، جسے تُم واحد، تثنیہ اور جمع کہتے ہو ۔

(۳) لفظ کَتَبَ کے آخر میں کچھ حروف بڑھانے اور حرکات کے بدلنے سے صورت بدلتی جاتی ہے، اور ہر ایک کے معنی بھی بدلتے جاتے ہیں ۔

(۴) حاضر میں تثنیہ کی صورت مذکّر اور مؤنث دونوں کے لیے ایک سی ہے ۔

(۵) غائب کی پوری چھ صورتیں ہیں، مگر حاضر کی صرف پانچ اور متکلم کی صرف دو، اس طرح بجائے اٹھارہ کے صرف تیرہ صورتوں سے کام لیا جاتا ہے ۔

اِن صورتوں میں سے ہر ایک کو صِیغَہ کہتے ہیں ۔

بس بالکل یہی چودہ صیغے مضارع میں بھی ہوتے ہیں، اور یہی امر اور نہی میں ۔ اب مضارع کی گردان کا سمجھ لینا دشوار نہیں رہا ۔

Marfat.com

# (۲) فِعل مضارع

یَذْہَبُ کی گردان:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غائب | مذکر | و | یَذْہَبُ | وہ (ایک) مرد جاتا ہے یا جاوے گا |
| | | ت | یَذْہَبَانِ | وہ (دو) مرد جاتے ہیں یا جاویں گے |
| | | ج | یَذْہَبُوْنَ | وہ (سب) مرد ״ ״ ״ |
| | مؤنث | و | تَذْہَبُ | وہ (ایک) عورت جاتی ہے یا جاوے گی |
| | | ت | تَذْہَبَانِ | وہ (دو) عورتیں جاتی ہیں یا جاویں گی |
| | | ج | یَذْہَبْنَ | وہ (سب) ״ ״ ״ ״ |
| حاضر | مذکر | و | تَذْہَبُ | تو (ایک مرد) جاتا ہے یا جاوے گا |
| | | ت | تَذْہَبَانِ | تم (دو مرد) جاتے ہو یا جاوو گے |
| | | ج | تَذْہَبُوْنَ | تم (سب مرد) ״ ״ ״ |
| | مؤنث | و | تَذْہَبِیْنَ | تو (ایک عورت) جاتی ہے یا جاوے گی |
| | | ت | تَذْہَبَانِ | تم (دو عورتیں) جاتی ہو یا جاوو گی |
| | | ج | تَذْہَبْنَ | تم (سب عورتیں) ״ ״ ״ |
| متکلم | مذکر اور مؤنث | و | اَذْہَبُ | میں (ایک مرد یا ایک عورت) جاتا، جاتی ہوں۔ جاوں گا۔ جاوں گی |
| | | ت ج | نَذْہَبُ | ہم (دو مرد یا عورت، سب مرد یا عورت) جاتے ہیں۔ جاویں گے |

دیکھو جیسے کَتَبَ میں ہُوا تھا ویسے ہی یہاں بھی ہُوا ہے کہ پہلے صیغے یَذْہَبُ کے بعد کچھ حروف بڑھانے سے صیغے اور معنی بدلتے چلے گئے!

تم دیکھ رہے ہو کہ کَتَبَ میں دوسرا حرف ت ہے اور یَذْہَبُ میں دوسرا اصلی حرف ہ ہے (کیونکہ ی تو حرفِ مضارع ہے، اسے الگ کر دو) ۔ دونوں میں

Marfat.com

دوسرا حرف مفتوح ہے۔ اب یہ یاد رکھو کہ یہ ضروری بات نہیں ہے کہ ہر ماضی اور مضارع کا دوسرا حرف مفتوح ہی ہو۔ یہ مکسور اور مضموم بھی ہوسکتا ہے؛ مثلاً، فَرِحَ، کَبُرَ بھی ماضی ہیں، اور یَشْرِبُ اور یَنْصُرُ بھی مضارع ہیں، مگر اس سے گردان میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ماضی فَرِحَ کی گردان یوں ہوگی:

فَرِحَ، فَرِحا، فَرِحُوا۔ فَرِحَتْ، فَرِحَتا، فَرِحْنَ۔ فَرِحْتَ ......

اور کَبُرَ کی:

کَبُرَ، کَبُرا، کَبُروا۔ کَبُرَتْ، کَبُرَتا، کَبُرْنَ۔ کَبُرْتَ، کَبُرْتُما ......

اسی طرح مضارع یَشْرِبُ کی گردان میں:

یَشْرَبُ، یَشْرَبانِ، یَشْرَبون۔ تَشْرَبُ ...... کہیں گے، اور یَنْصُرُ میں:

یَنْصُرُ، یَنْصُرانِ، یَنْصُرُونَ۔ تَنْصُرُ، تَنْصُران .... نَنْصُرُ کہیں گے۔

اب فعل امر کی گردان دیکھو:

## (۳) فعل امر

اُکْتُبْ کی گردان

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حاضر | مذکر | و | اُکْتُبْ | تو (ایک مرد) لکھ |
| | | ت | اُکْتُبا | تم (دو مرد) لکھو |
| | | ج | اُکْتُبُوا | تم (سب مرد) لکھو |
| | مؤنث | و | اُکْتُبِی | تو (ایک عورت) لکھ |
| | | ت | اُکْتُبا | تم (دو عورتو) لکھو |
| | | ج | اُکْتُبْنَ | تم (سب عورتو) لکھو |

تم نے دیکھا کہ امر کی گردان میں صرف حاضر ہی کے صیغے ہیں۔ غائب اور

Marfat.com

متکلم اس لیے نہیں ہیں کہ امر حکم ہوتا ہے، اور حکم صرف حاضر شخص، یا اشخاص ہی کو دیا جاتا ہے۔ یوں اس کی گردان اتنی چھوٹی سی ہو جاتی ہے۔

البتہ غائب اور متکلم کے امر کی صورت میں یوں حکم دیا جاسکتا ہے کہ "چاہیے کہ وہ کرے یا کریں" اور "چاہیے کہ میں کروں یا ہم کریں"۔ اس غرض کے لیے عربی میں امر بنانا اور بھی آسان ہے۔ وہ یوں کہ مضارع کے غائب اور متکلم کے صیغے لے لو، اور غائب کے چھٹے صیغے (جمع مؤنث) کے آخر کا نون رہنے دو، باقی سب نون گرا دو، اور حرف مضارع سے پہلے ل لگا دو۔ امر اُكْتُبْ کی گردان یوں ہو جائے گی:

غائب میں: لِيَكْتُبْ۔ لِيَكْتُبَا۔ لِيَكْتُبُوا۔ لِتَكْتُبْ لِتَكْتُبَا لِيَكْتُبْنَ

متکلم میں: لِأَكْتُبْ لِنَكْتُبْ۔

امر کی طرح نهي کی گردان میں بھی چھ ہی صیغے ہوتے ہیں۔

## (۴) نهي

لَا تَكْتُبْ کی گردان:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حاضر | مذکر | و | لَا تَكْتُبْ | تو (ایک مرد) نہ لکھ |
| | | ت | لَا تَكْتُبَا | تم (دو مرد) نہ لکھو |
| | | ج | لَا تَكْتُبُوا | تم (سب مرد) نہ لکھو |
| | مؤنث | و | لَا تَكْتُبِي | تو (ایک عورت) نہ لکھ |
| | | ت | لَا تَكْتُبَا | تم (دو عورتو) نہ لکھو |
| | | ج | لَا تَكْتُبْنَ | تم (سب عورتو) نہ لکھو |

اب تم خود ہی کہہ اٹھو گے کہ غائب اور متکلم کے لیے نهي بنانا بالکل آسان ہے۔ امر کی طرح وہ بھی ہو جاتا ہے۔ اوپر حاضر ہی کی گردان میں کیا ہوا ہے؟

Marfat.com

یہی کہ مضارع کے پہلے لا ہے، آخری حرف ساکن ہے، اور چھٹے (جمع مؤنث) کا نون باقی ہے، باقی سب گر گئے ہیں۔

ان چاروں گردانوں میں ایک اور آسانی اور خوبی تم یہ دیکھو گے کہ بعض صیغے دو دو صورتوں میں ایک ہی ہیں؛ جیسے ماضی میں کَتَبْتُمَا، مضارع میں تَذْهَبُ اور تَذْهَبَانِ۔

## مشق

نیچے لکھے ہوئے ماضی، مضارع، امر اور نہی کی پوری گردانیں کرو:

(۱) ماضی: صَبَرَ، ذَهَبَ، عَرَضَ
سَمِعَ، حَسِبَ، عَمِلَ
كَثُرَ، حَسُنَ، ثَقُلَ

(۲) مضارع: يَرْحَلُ، يَشْرَبُ، يَنْصُرُ
يَكْسِرُ، يَطْبَعُ، يَشْرُقُ
يَسْبِكُ، يَدْخُلُ، يَطْرَبُ

(۳) امر: اِعْمَلْ، اِشْرَبْ، اُنْصُرْ، اِضْرِبْ
اُقْتُلْ، اِصْبِرْ

(۴) اوپر کے مضارعوں سے نہی کے صیغے بنا دو۔

Marfat.com

# سبق ۱۲
## فاعِلٌ

(۱) جَلَسَ الْوَلَدُ
لڑکا بیٹھا

(۲) ظَهَرَ الْقَمَرُ
چاند ظاہر ہوگیا

(۳) يَسِيرُ الْقِطَارُ
ریل (چل) جا رہی ہے

(۴) يَطِيْرُ الْعُصْفُوْرُ
چڑیا اُڑ رہی ہے

اوپر کے جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ:

(۱) ان میں سے ہر جملے میں دو دو کلمے ہیں، جن میں سے پہلا فعل ہے اور دوسرا اسم۔

(۲) یہ اسماء اُس شخص، یا چیز کو بتاتے ہیں، جس نے وہ کام کیا ہے؛ جیسے پہلے جملے میں بیٹھنے کا فعل وَلَدٌ (لڑکے) نے کیا اور چوتھے میں اُڑنے کا فعل عُصْفُوْرٌ (چڑیا) نے کیا۔ اسی طرح باقی جملوں کا خیال کرلو۔ بیٹھنے والا، ظاہر ہونے والا، جانے والا، اُڑنے والا فاعِل کہلائے گا، کیوں کہ وہی کام کرنے والا ہے۔

(۳) جو اسماء کسی کام کے کرنے والے (فاعِل) کو بتاتے ہیں، وہ مَرْفُوْع ہیں: یعنی یہ کہ اُن کی فاعلی حالت کی وجہ سے اُن کے آخری حرف پر پیش بولا جاتا ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** فاعل وہ اسم ہے، جو فعل کے بعد آکر اُس شخص یا چیز کو

Marfat.com

بتاتا ہے، جس نے وہ کام کیا ہے۔ فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے۔

## مشق

نیچے کے جملوں میں فاعل بتاؤ

۱۔ تَنَزَّلُ الْمَلَائِکَةُ — اُترتے ہیں فرشتے

۲۔ قَالَ الْاِنْسَانُ مَالَھَا — انسان نے کہا اسے کیا ہوگیا

۳۔ جَاءَتْ سَیَّارَۃٌ — قافلہ آیا

۴۔ اَتٰی اَمْرُاللّٰہِ — اللہ کا حکم آیا

۵۔ یَوْمَ یَصْدُرُالنَّاسُ — جس دن لوگ نکلیں گے

۶۔ اَذِنَ لَہُ الرَّحْمٰنُ — رحمان نے اسے حکم دیا

۷۔ سَیَقُوْلُ السُّفَھَاءُ — کمینے لوگ کہیں گے

۸۔ خَلَقَ اللّٰہُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ — اللہ نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا

۹۔ عَصٰی اٰدَمُ رَبَّہٗ — آدم نے اپنے رب کی نافرمانی کی

۱۰۔ کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ — ثمود نے جھٹلایا

۱۱۔ اِذْ یَرْفَعُ اِبْرَاھِیْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ

جب ابراہیم گھر کی بنیاد کی دیواریں اُٹھاتا تھا۔

۱۲۔ وَدَّ کَثِیْرٌ مِّنْ اَھْلِ الْکِتَابِ — کتاب والوں میں سے بہتوں نے چاہا

۱۳۔ لَنْ تَرْضٰی عَنْکَ الْیَھُوْدُ — یہودی تجھ سے ہرگز خوش نہ ہوں گے

۱۴۔ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ — اُسے اونگھ نہیں آتی

Marfat.com

# سبق ۱۳

## فعل مجہول اور نائب فاعل

---

**الف**

(۱) سَمِعَ الْخَادِمُ الْجَرَسَ ــــ سُمِعَ الْجَرَسُ

نوکر نے گھنٹے (کی آواز) کو سنا ــــ گھنٹے (کی آواز) سُنی گئی

(۲) فَتَحَ الْبَوَّابُ الْبَابَ ــــ فُتِحَ الْبَابُ

دربان نے دروازہ کھولا ــــ دروازہ کھولا گیا

(۳) دَخَلَ الزَّائِرُ الْحُجْرَةَ ــــ دُخِلَتِ الْحُجْرَةُ

آنے والا کوٹھری میں داخل ہوا ــــ کوٹھری میں داخل ہو گیا

**ب**

(۱) يَشْرَبُ الرَّجُلُ الْمَاءَ ــــ يُشْرَبُ الْمَاءُ

آدمی پانی پیے گا ــــ پانی پیا جاوے گا

(۲) يُكْرِمُ أَبِي الضُّيُوفَ ــــ يُكْرَمُ الضُّيُوفُ

میرا باپ مہمانوں کی عزّت کرے گا ــــ مہمانوں کی عزّت کی جاتی ہے

(۳) يَأْكُلُ الْأَوْلَادُ الْفَاكِهَةَ ــــ تُؤْكَلُ الْفَاكِهَةُ

لڑکے میوہ کھاتے ہیں ــــ میوہ کھایا جاتا ہے

---

یہ تو تمہیں معلوم ہی ہے کہ فاعل وہ اِسم ہے، جس کا ذکر فعل کے بعد ہو اور جو کسی کام کے کرنے والے پر دلالت کرے۔ اب اوپر کی مثالیں دیکھو۔

Marfat.com

(۱) الف کے نیچے جو مثالیں ہیں اُن میں تین تین جُملے ہیں اور ہر جُملہ فعل ماضی مجہول فاعل اور مفعول بہٖ سے مرکب ہے۔ ان ہی جُملوں کے سامنے ان کے ہم معنی جُملے ہیں، جن کا فاعل محذوف ہے۔ اس سے فعل ماضی کی صورت میں تغیّر پیدا ہوگیا ہے؛ یعنی بجائے فعل ماضی معروف کے ماضی مجہول لایا گیا ہے۔ صرف یہ ہی نہیں، بلکہ مفعول بہٖ کے آخری حرف میں بھی تبدیلی ہوگئی ہے؛ یعنی اُس پر نہ صرف پیش ہی ہوگیا ہے، بلکہ فاعل محذوف کا قائم بن گیا ہے۔ اس حالت میں فعل ماضی کو "مجہول" کہتے ہیں اور جو مفعول کہ فاعل کا قائم مقام ہے اُسے "نائب فاعل"۔

(۲) ب کے نیچے بھی جو مثالیں ہیں اُن میں بھی تین تین جُملے ہیں، جو فعل مضارع فاعل اور مفعول بہٖ سے مل کر بنے ہیں۔ اُن ہی کے سامنے تین جُملے ہیں، جن سے فاعل محذوف ہے۔ اس سے مضارع معروف کی جگہ مضارع مجہول لانا پڑا ہے اور جو مفعول کہ فاعل کا قائم مقام ہے وہ نائب فاعل ہے۔

(۳) الف کے نیچے تیسرے جُملے میں جو واحد مؤنث اسم حُجْرَةٌ آیا ہے، وہ نائب فاعل ہوگیا، تو اس کے ساتھ ہی فعل ماضی کا صیغہ بھی مؤنث کا ہوگیا۔ اسی طرح ب کے نیچے کی تیسری مثال میں فَاکِھَةٌ نائب فاعل ہوگیا، تو اس کے لیے بھی مؤنث لانا پڑا، کیوں کہ فَاکِھَةٌ مؤنث ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** جب فاعل محذوف کر دیا جاتا ہے، تو نائب فاعل قائم مقام ہوجاتا ہے۔ اگر نائب فاعل کے ساتھ فعل مجہول ہو، تو فعل ماضی معروف کی جگہ ماضی مجہول لایا جاتا ہے، اور مضارع معروف کی جگہ ماضی مجہول۔ فاعل کی طرح اگر نائب فاعل مؤنث ہو تو فعل بھی مؤنث آتا ہے۔

Marfat.com

## مشق

نیچے کے جملوں میں فعل مجہول اور اُن کے نائب فاعل بتلادو:

(۱) اُخْتُرِعَتِ الْمِظَلَّةُ
چھتری ایجاد کی گئی

(۲) تُؤْكَلُ الْفَاكِهَةُ إِذَا انْضَجَتْ
پھل (اُس وقت) کھایا جاتا ہے جب پک جاتا ہے

(۳) فُهِمَتِ الْمَسْأَلَةُ
سوال سمجھایا گیا

(۴) لَمْ يُهْزَمِ الْعَدُوُّ الْجَيْشَ
دشمن نے لشکر کو نہیں ہرایا

(۵) اُعْتُقِلَ الْجَانِي
مجرم کو باندھا گیا

(۶) لَا يُسْتَشَارُ الْأَحْمَقُ
احمق سے مشورہ نہیں لیا جاتا

(۷) لَا يُنَالُ الْمَجْدُ بِغَيْرِ تَعَبٍ
بغیر تکلیف اُٹھائے بڑائی نہیں حاصل کی جاتی۔

(۸) تُلْبَسُ الْمَعَاطِفُ فِي الشِّتَاءِ
سردی میں کوٹ پہنے جاتے ہیں

---

نیچے کی عبارت میں نائب فاعل اور اُن کے افعال بتلادو۔

يُزْرَعُ قَصَبُ السُّكَّرِ فِي الْهِنْدِ. طَرِيقَةُ زَرْعِهِ أَنْ
ہندوستان میں گنّا بویا جاتا ہے۔ اُس کے بونے کا طریقہ یہ ہے کہ
تُحْرَثَ الْأَرْضُ جَيِّدًا؛ ثُمَّ تُخَطَّطَ خُطُوطًا طَوِيلَةً، ثُمَّ
زمین میں خوب ہل چلایا جاتا ہے؛ پھر لمبی لمبی نالیاں بنائی جاتی ہیں، پھر
تُدْفَنَ كُعُوبُ الْقَصَبِ فِي بَاطِنِ الْخُطُوطِ، وَتُرْوَى بِالْمَاءِ
گنّے کے ٹکڑے نالیوں کے اندر دفن کردیے جاتے ہیں اور اُس کے بعد پانی سے بھگودیا جاتا ہے۔
بَعْدَ ذٰلِكَ، وَقَدْ يُدْفَنُ الْعُودُ كُلُّهُ فِي الْخَطِّ بَعْدَ أَنْ
گنّے کی لکڑی ساری کی ساری نالی میں دفن کردی جاتی ہے بعد اس کے
يُنْزَعَ مَا عَلَيْهِ مِنَ الْوَرَقِ.
کہ اس کے اوپر سے تمام چھلکا اُتار لیا جاتا ہے۔

Marfat.com

اس سبق میں ماضی مجہول اور مضارع مجہول کا ذکر ہوا ہے ۔ ماضی مجہول کی صورت یہ ہوتی ہے کہ اُس کے پہلے حرف پر پیش اور دوسرے کے نیچے زیر ہوتا ہے، تیسرے حرف پر زبر ہی رہ جاتا ہے ۔ فَعَلَ، سَمِعَ، کَرَّمَ، سب ماضی معروف ہیں ۔ ان سے فُعِلَ، سُمِعَ، کُرِمَ ماضی مجہول ہوجاویں گے ۔ ماضی مجہول کی گردان بھی بالکل ویسے ہی ہوتی ہے، جیسے ماضی معروف کی ۔ مضارع مجہول میں علامت مضارع (یعنی ی، ت، الف، نون) پر پیش آتا ہے اور آخری سے پہلے حرف پر زبر آتا ہے ۔ آخری حرف کا اعراب عامل کے لحاظ سے بدلتا رہتا ہے ۔ یَفْعَلُ، یَشْرِبُ، یَنْصُرُ، یَمْتَحِنُ سب مضارع معروف ہیں اور ان کے مضارع مجہول کی صورتیں یُفْعَلُ، یُشْرَبُ، یُنْصَرُ اور یُمْتَحَنُ ہوجاویں گی ۔ مضارع مجہول کی بھی گردان ویسے ہی ہوتی ہے، جیسے مضارع معروف کی ۔

## مشق

نیچے کی ماضی معروف سے ماضی مجہول بناؤ اور پوری گردان کرجاؤ :

صَرَّفَ، شَرُفَ، اَبْصَرَ، فَتَحَ، سَمِعَ، غَسَلَ، اِسْتَکْرَمَ ۔

نیچے کے مضارع معروف سے مضارع مجہول بناکر پوری گردان کرجاؤ :

یَفْتَحُ، یُسْلِمُ، یَصْرِفُ، یَجْتَمِعُ، یَلْعَبُ، یَتَکَلَّفُ، یَحْضُرُ ۔

Marfat.com

# سبق ۱۴

## مَفعُول بِہٖ

(۱) يَقْطَعُ الْبُسْتَانِيُّ الْغُصْنَ
مالی ٹہنی کاٹ رہا ہے

(۲) صَادَ الثَّعْلَبُ دَجَاجَةً
لومڑی نے مرغی کا شکار کیا

(۳) قَذَفَ اللَّاعِبُ الْكُرَةَ
کھیلنے والے نے گیند پھینکی

(۴) يَشُمُّ الْوَلَدُ الْوَرْدَةَ
لڑکا گلاب سونگھ رہا ہے

اوپر کے جملوں پر غور کرنے سے یہ باتیں معلوم ہوں گی :

(۱) ان میں سے ہرایک جملے میں تین تین کلمے ہیں؛ پہلا کلمہ فعل ہے، دوسرا فاعل ہے، اور تیسرا اُس شخص، یا چیز کا نام (اِسم) ہے، جس پر اُس کام کا اثر پہنچا ہے.

پہلی مثال میں يَقْطَعُ (کاٹتا ہے) فعل ہے، اَلْبُستانی (مالی) فاعل ہے اور اَلْغُصْنُ (ٹہنی) وہ چیز ہے جس پر فعل کا اثر پڑا. اس (تیسرے) کو مَفْعُول بِہٖ کہتے ہیں.

اسی طرح اور مثالوں کو سمجھ لو.

(۲) ایک اور بات دیکھو کہ ان میں سے ہرایک مَفْعُول بِہٖ منصوب ہے. چنانچہ اوپر کی مثالوں میں اَلْغُصْنَ (ٹہنی) دَجَاجَةَ (مرغی) اَلْكُرَةَ (گیند) اَلْوَرْدَةَ (گلاب) سب منصوب ہیں.

چوں کہ فاعل اور مفعول بہ دونوں ہی اِسم ہوتے ہیں، اس لیے تم اُن دونوں کے فرق کو یوں سمجھو کہ:

Marfat.com

| مفعول بہٖ | فاعل |
| --- | --- |
| (۱) مفعول بھی اسم ہوتا ہے | (۱) فاعل اِسم ہوتا ہے |
| (۲) مفعول وہ ہے جس پر فعل کا اثر پہنچا ہو | (۲) فاعل وہ ہے جس نے فعل کیا ہو |
| (۳) مفعول ہمیشہ منصوب ہوتا ہے | (۳) فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے |

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** جس اِسم پر کسی فعل کا اثر پڑے، وہ **مَفْعُول بِہٖ** کہلاتا ہے. **مَفْعُول** ہمیشہ منصوب ہوتا ہے.

## مشق

نیچے کے جُملوں میں مفعول بہ بتا دو.

۱- بَعَثَ اللّٰہُ غُرَابًا — اللہ نے ایک کوّا بھیجا

۲- ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلاً — اللہ نے ایک مثل بیان کی

۳- عَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ — فرعون نے رسول کی نافرمانی کی

۴- نَادٰی نُوْحٌ رَبَّہٗ — نوح نے اپنے رب کو پکارا

۵- اَتَّضَعُ الْحَرْبُ اَوْزَارَھَا — لڑائی اپنے بوجھ رکھ دیتی ہے

۶- بَسَطَ اللّٰہُ الرِّزْقَ لِعِبَادِہٖ — اللہ نے اپنے بندوں کے لیے روزی بڑھادی.

۷- اِتَّخَذَ اللّٰہُ اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلاً — اللہ نے ابراہیم کو دوست بنایا

۸- وَرِثَ سُلَیْمَانُ دَاؤدَ — سُلیمان وارث ہوا داؤد کا

Marfat.com

# سبق ۱۵

## مفعول مطلق

الف

ضَرَبْتُہ ضَرْبًا — سَارَ سَيْرًا

مَیں نے اُسے مار ماری — وہ چال چلا

لَعِبْتَ لَعْبًا

تو کھیل کھیلا

ب

نَامَ الطِّفْلُ نَوْمًا طَوِيلًا — سَافَرْنَا سَفَرًا سَعِيدًا

بچہ لمبی نیند سویا — ہم نے مبارک سفر کیا

أَنْعِمْ إِنْعَامَ الْكَرِيمِ

بزرگوں کا سا انعام دے۔

ج

جَلَسْتَ مَعَہٗ جَلْسَةً — وَقَفْتُ هُنَا وَقْفَتَيْنِ

تو اس کے پاس ایک دفعہ بیٹھا — مَیں وہاں دو دفعہ ٹھیرا

د

شُكْرًا لِلّٰہِ عَلٰی إِحْسَانِہٖ — صِدْقًا فِي حَدِيثِكَ

اللہ کے احسان پر اُس کا شکر ہے — اپنی بات میں سچ بول



Marfat.com

(۱) الف کے نیچے جو مثالیں ہیں اُن میں ضَرْب، لَعِب، سیر کے لفظ دو دو دفعہ، شروع اور آخر میں، آرہے ہیں۔ ایک لفظ کو دو مرتبہ لانے سے جملے میں تاکید کے معنی پیدا ہوجاتے ہیں؛ مثلاً پہلے جملے کے یہ معنی ہوئے کہ مَیں نے اُسے بہت مارا۔ یہی حال باقی دو اور جملوں کا ہے۔

(۲) ب کے نیچے جو مثالیں ہیں اُن میں بھی تین کلمے ایسے ہیں، جو جملے کے فعل کے مشابہ ہیں۔ ان میں دوسرا کلمہ پہلے کلمے سے مل کر فعل کی نوعیت بتلاتا ہے۔ اگر ہم صرف اتنا کہتے کہ نامَ الطِّفلُ تو اُس سے سونے کی نوعیت نہ معلوم ہوتی۔ جب ہم نے کہا کہ نَوماً طَوِیلاً تو معلوم ہوا کہ بچّہ تھوڑا سویا، یا بہت۔ یہی حال باقی اور مثالوں کا ہے۔

(۳) ج کے نیچے جو مثالیں ہیں اُن میں جَلْسَۃً اور وَقْفَتَیْن آرہے ہیں معنی اور الفاظ کے لحاظ سے یہ دونوں اُس فعل کے مشابہ ہیں، جو جملے میں پہلے آیا ہے۔ یہ عدد پر دلالت کرتے ہیں؛ چنانچہ جَلْسَۃً سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف ایک مرتبہ بیٹھا اور وَقْفَتَیْن سے یہ مطلب ہوا کہ دو مرتبہ ٹھیرا۔

اب غور سے دیکھو تو معلوم ہوگا کہ اس طرح جو اسمار دو دو دفعہ آرہے ہیں، خواہ وہ تاکید کے لیے ہیں، یا نوع ظاہر کرنے کے لیے، یا عدد بیان کرنے کے لیے، وہ سب منصوب ہیں۔ ایسے اسمار ”مفعول مطلق“ کہلاتے ہیں۔

(۴) د کے نیچے کی مثالوں میں شُکْراً اور صِدْقاً جملوں کے شروع میں آرہے ہیں۔ پہلی مثال اصل میں یوں ہونی چاہیے: اَشْکُرُ شُکْراً لِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ (مَیں شکر کرتا ہوں، شکر کرنا اللہ کا اُس کے احسان پر) اور دوسری مثال اُصْدُقْ صِدْقاً فِی حَدِیْثِکَ (اپنی بات میں سچ ہی بولو) ہم نے بولنے میں اختصار کے لیے اَشْکُرُ اور اُصْدُقْ کو چھوڑ دیا ہے۔

Marfat.com

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ :** (۱) اگر ایک ہی اسم دو مرتبہ فعل کی تاکید، یا نوعیت کے بیان، یا عدد کے بیان کے لیے آرے تو وہ اُس فعل کے عمل سے، جو اُس کے پہلے آیا ہے، منصوب ہوگا۔ ایسے اسم کو مَفْعُول مُطْلَق کہتے ہیں۔

(۲) فعل محذوف کے عمل سے بھی مفعول مطلق منصوب ہوتا ہے۔

---

## مشق

نیچے کے جملوں میں بتلاؤ کہ مفعول مطلق کون کون سے ہیں اور کس کس قسم کے ہیں:

| | |
|---|---|
| (۱) مَرَّتِ الطَّيَّارَةُ مَرَّ السَّحَابِ ۔ | ہوائی جہاز بادل کی چال سے گزرا ۔ |
| (۲) نَأْكُلُ فِى الْمَدْرَسَةِ أَكْلَةً وَاحِدَةً ۔ | ہم مدرسے میں ایک ہی دفعہ کھاتے ہیں ۔ |
| (۳) تَصِيحُ الدِّيكَةُ فِى الْفَجْرِ صِيَاحًا ۔ | مُرغا صبح کو ایک پکار پکارتا ہے ۔ |
| (۴) نَامَ الْمَرِيضُ نَوْمًا هَادِئًا ۔ | مریض آرام کی نیند سویا ۔ |
| (۵) قُدُومًا مُبَارَكًا، أَيُّهَا الصَّدِيقُ! | اے دوست! تم اچھا آنا آوے ۔ |
| (۶) غَزَا السُّلْطَانُ مَحْمُودٌ غَزَوَاتٍ كَثِيرَةٍ ۔ | سُلطان محمود نے بہت سی لڑائیاں لڑیں ۔ |
| (۷) يَثِبُ الْقِطُّ وُثُوبَ الْأَسَدِ ۔ | بلّی شیر کی جھپٹ جھپٹی ۔ |
| (۸) قَتَلَ الْحَارِسُ اللِّصَّ قَتْلًا ۔ | چوکیدار نے چور کو بُری طرح قتل کیا ۔ |
| (۹) أَسِفَ الْمُذْنِبُ أَسَفًا شَدِيدًا ۔ | گنہگار نے افسوس بہا افسوس کیا ۔ |
| (۱۰) شُكْرًا لَكَ عَلَى هَدِيَّتِكَ ۔ | مَیں تیرے تحفے کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ |

---

Marfat.com

# سبق ۱۶
## مفعول لہٗ

(۱) اِسْتَقْبَلْتُ الضَّيْفَ اِكْرَامًا لَهٗ

میں نے مہمان کا استقبال اُس کے اکرام کے لیے کیا۔

(۲) شَرِبَ الْمَرِيْضُ الدَّوَاءَ اَمَلًا فِي الشِّفَاءِ

مریض نے شفا کی اُمید پر دوا پی۔

(۳) يُعَيَّنُ الْقُضَاةُ اِنْصَافًا لِلْمَظْلُوْمِ

(کئی) قاضی مظلوم کا انصاف کرنے کے لیے تعینات کیے جاتے ہیں۔

(۴) يُسَافِرُ التُّجَّارُ اِبْتِغَاءَ الْكَسْبِ

سوداگروں نے کمائی کے واسطے سفر کیا۔

(۵) اِفْتَحِ النَّوَافِذَ تَجْدِيْدًا لِلْهَوَاءِ

تازی ہوا کے لیے راستے کھول دو۔

---

ہم بہت سے جملۂ فعلیہ ایسے بول جاتے ہیں کہ اُن میں اپنے فعل کا سبب، یا وجہ نہیں بتلاتے؛ مثلاً جب ہم نے کہا کہ اِسْتَقْبَلْتُ الضَّيْفَ، تو ہم نے استقبال کی وجہ نہیں بتلا ری؛ یا ہم نے کہا کہ شَرِبَ الْمَرِيْضُ الدَّوَاءَ، تو ہم نے دوا پینے کا سبب نہیں بتلایا۔ جب ہم سے پوچھا جاوے کہ کیوں؟ تب بتلاتے ہیں۔

اوپر کی مثالوں کو دیکھو تو معلوم ہوگا کہ:

(۱) ان جملوں میں ہم نے اپنے کاموں کا سبب ان کلموں سے بتلایا ہے کہ

Marfat.com

اِکْرَامًا، اَمَلاً وغیرہ؛ یعنی اکرام سبب ہے استقبال کا، اَمَلاً فِی الشِّفَاءِ سبب ہے دوا پینے کا، وغیرہ۔ اسی لیے یہ سارے کلمے مفعولٌ لَہٗ کہلاتے ہیں۔

(۲) اوپر کی مثالوں سے یہ بھی معلوم ہو گا کہ جو اسمار سبب بیان کرنے کے لیے لاے گئے ہیں، اُن پر زبر آیا ہے، تو اس سے ظاہر ہے کہ مفعول لہٗ پر بھی ہمیشہ زبر ہی آوے گا۔ لیکن اگر اُس سے پہلے لامِ جرّ آوے، تو وہ اپنا عمل کرے گا؛ مثلاً: جب ہم پہلی مثال کو یوں کہیں کہ: اِسْتَقْبَلْتُ الضَّیْفَ لِاِکْرَامِہٖ، تو اکرام پر جو مفعول لہٗ ہے زیر آجاے گا۔ اسی پر اور مثالوں کو قیاس کرلو۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** ہر اسم، جو فعل کا سبب بتلانے کے لیے آوے وہ ہمیشہ منصوب ہوتا ہے اور مفعول لہٗ کہلاتا ہے۔ اگر لام جارّہ آوے تو وہ اسم مجرور ہو جاتا ہے۔

## مشق

نیچے کے جملوں میں مفعول لہٗ بتلاؤ:

(۱) تَقِفُ التَّلَامِیْذُ اِحْتِرَامًا لِلْمُعَلِّمِ
شاگرد معلم کے ادب کے لیے کھڑے ہوتے ہیں

(۲) یُعْدَمُ الْقَاتِلُ تَخَلُّصًا مِنْ شَرِّہٖ
قاتل کو اس لیے گم کر دیا جاتا ہے کہ اُس کے شر سے خلاصی ہو

(۳) تُبْنَی الْمُسْتَشْفَیَاتُ رَحْمَۃً بِالْمَرْضٰی
شفا خانے مریضوں پر رحم کرنے کے لیے (بنائے) جاتے ہیں

(۴) هَرَبَ الْفَأْرُ خَشْیَۃً مِنَ الْقِطِّ
چوہے بلی کے خوف کے سبب سے بھاگے

(۵) یَصْطَفُّ التَّلَامِیْذُ حِفْظًا لِلنِّظَامِ
شاگردوں نے نظام قائم رکھنے کے لیے صف باندھی

(۶) یُصَاحَبُ الْغَنِیُّ طَمَعًا فِی مَالِہٖ
دولتمند آدمی کا اُس کی دولت کی وجہ سے ساتھ دیا جاتا ہے

(۷) سَافَرْتُ رَغْبَۃً فِی التَّعَلُّمِ
میں نے تعلیم کی رغبت کے لیے سفر کیا

(۸) اِقْتَصَدْتُ اِقْتِدَاءً بِاَبِیْ
میں نے اپنے والد کی اقتدار کے لیے (چلنے کا) ارادہ کیا

(۹) حَضَرْتُ وَفَاءً بِالْمِیْعَادِ
میں وعدہ پورا کرنے کے لیے حاضر ہوا

(۱۰) طُرِدَ الْمُذْنِبُ زَجْرًا لَہٗ
مجرم دھمکی کے لیے نکال دیا گیا

Marfat.com

نیچے کی عبارت میں مفعول لہٗ بتلا دو :

أَخَذَنِي أَبِي إِلَى الْبُمْبَئِي تَرْوِيحًا لِلنَّفْسِ فَقَضَيْنَا الصَّيْفَ

میرے والد تفریح طبع کے لیے مجھے بمبئی لے گیے۔ پس ہم نے گرمی کا موسم

هُنَاكَ هَرَبًا مِنَ الْحَرِّ. كُنَّا نَجْلِسُ عَلَى سَاحِلِ الْبَحْرِ، رَغْبَةً

گرمی سے بھاگنے کے لیے وہیں گزارا۔ ہم سمندر کے کنارے بیٹھے رہتے تھے اس رغبت سے

فِي التَّمَتُّعِ بِمُشَاهَدَةِ الْأَمْوَاجِ تَعْلُو وَتَهْبِطُ.

کہ موجوں کو اُٹھتے اور گرتے دیکھ کر فائدہ اُٹھائیں۔

وَلٰكِنَّ أَبِي لَمْ يَسْمَحْ لِي بِالْاِسْتِحْمَامِ، خَوْفًا مِنَ الْغَرَقِ

ولیکن میرے والد نے غرق ہونے کے خوف سے مجھے نہانے کی اجازت نہیں دی۔

---

# سبق ۱۷

## جملۂ اسمیہ و جملۂ فعلیہ

| ب | الف |
| --- | --- |
| (۱) وَقَفَ الْوَلَدُ | (۱) اَلْوَلَدُ وَاقِفٌ |
| لڑکا کھڑا ہوا | لڑکا کھڑا ہے |
| (۲) نَامَ الطِّفْلُ | (۲) اَلطِّفْلُ نَائِمٌ |
| بچّہ سو گیا | بچّہ سو رہا ہے |
| (۳) طَارَ الْعُصْفُورُ | (۳) اَلْعُصْفُورُ طَائِرٌ |
| چڑیا اُڑ گئی | چڑیا اُڑ رہی ہے |

جملے میں دو، یا دو سے زیادہ، کلمے ہوتے ہیں۔ یہاں اوپر کے جملوں پر غور کرنے سے

Marfat.com

یہ باتیں معلوم ہوتی ہیں کہ :

(۱) الف کے نیچے کا ہر جملہ دو اِسموں سے مِل کر بنا ہے ۔ ان میں سے پہلے اِسم کو مُبْتَدَأ کہتے ہیں اور دوسرے کو خَبَر ۔

یہ بھی غور کرو کہ ان میں سے ہر جملے میں مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہیں ۔ اس طرح کے جملے کو جُمْلَہ اِسْمِیَّہ کہتے ہیں ، کیوں کہ اس کے شروع میں اِسم ہے ۔

(۲) ب کے نیچے کا ہر جملہ ایک اِسم اور ایک فعل سے مِل کر بنا ہے ، اور وہ اِسم اس فعل کا فاعل ہے ۔ اس جملے کو جُمْلَہ فِعْلِیَّہ کہتے ہیں ، کیوں کہ یہ فعل اور فاعل سے مِل کر بنا ہے ۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ :

**قاعدہ :** ا- (ا) جن دو اِسموں سے مِل کر ایک جملہ بنتا ہے ، اُن میں سے پہلا اِسم مُبْتَدَأ اور دوسرا خَبَرْ کہلاتا ہے ۔

(ب) مُبْتَدَأ اور خَبَرْ دونوں مرفوع ہوتے ہیں ۔

(ج) جو جملہ مُبْتَدَأ اور خَبَرْ سے مِل کر بنے ، اُسے جُمْلَہ اِسْمِیَّہ کہتے ہیں ۔

(۲) جو جملہ فعل اور فاعل سے مِل کر بنے اُسے جُمْلَہ فِعْلِیَّہ کہتے ہیں ۔

---

Marfat.com

## مشق ۱

نیچے کے جملوں میں مُبتدا اور خبر بتلادو:

۱- اَللّٰهُ اَحَدٌ

اللہ ایک ہے

۲- كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ

ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے

۳- اَلْآخِرَةُ خَيْرٌ

آخرت اچھی ہے

۴- اُكُلُهَا دَائِمٌ

اس کا پھل ہمیشہ رہنے والا ہے

۵- جَزَاءُهُ جَهَنَّمُ

اس کا بدلہ جہنم ہے

۶- اَللّٰهُ عَلِيْمٌ

اللہ جاننے والا ہے

---

## مشق ۲

نیچے کا ہر فقرہ جملۂ فعلیہ ہے، اس کے اجزاء بتادو:

۱- قَالَ قَائِلٌ

کہنے والے نے کہا

۲- اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ

وقت قریب آگیا

۳- آمَنَ النَّاسُ

لوگ ایمان لائے

۴- جَاءَ سُلَيْمَانُ

سُلیمان آیا

۵- يَقُوْلُ الْمُنَافِقُوْنَ

منافق لوگ کہتے ہیں

۶- ذَهَبَ الْخَوْفُ

ڈر چلا گیا

۷- يَحْكُمُ اللّٰهُ

اللہ حکم دیتا ہے

۸- وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ

ہونے والی بات ہوئی

۹- خَرَّ مُوْسٰی

موسیٰ گر پڑا

Marfat.com

# سبق ۱۸
## مبتدا اور خبر کی مطابقت

| ب | الف |
| --- | --- |
| (۱) اَلْبِنْتُ جالِسَةٌ | (۱) اَلْجُنْدِیُّ رَاکِبٌ |
| لڑکی بیٹھی ہے | سپاہی گھوڑے پر سوار ہے |
| (۲) اَلْبِنْتانِ جالِسَتانِ | (۲) اَلْجُنْدِیّانِ رَاکِبانِ |
| دو لڑکیاں بیٹھی ہیں | دو سپاہی گھوڑے پر سوار ہیں |
| (۳) اَلْبَناتُ جالِساتٌ | (۳) الْجُنْدِیُّوْنَ رَاکِبُوْنَ |
| بہت سی لڑکیاں بیٹھی ہیں | بہت سے سپاہی گھوڑے پر سوار ہیں |

اوپر کے سب جملے مبتدا اور خبر سے مل کر بنے ہیں۔ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ :

(۱) جو مثالیں الف کے نیچے ہیں، وہ سب مذکر کی ہیں۔ ان میں مبتدا اور خبر دونوں ایک دوسرے کے مطابق، واحد، تثنیہ اور جمع ہیں۔

(۲) جو مثالیں ب کے نیچے ہیں، وہ سب مؤنث کی ہیں۔ ان میں بھی مبتدا اور خبر دونوں، واحد، تثنیہ اور جمع ہیں۔

ان سب مثالوں میں جو خبریں ہیں وہ مُفرد کہلائیں گی؛ کیوں کہ خبر، خواہ تثنیہ ہو، یا جمع، خبر کا ایک ہی لفظ ہے۔ پس رَاکِبانِ، رَاکِبونَ، جالِسَتانِ، جالِساتٌ چاروں مفرد خبریں ہیں۔

اگر مبتدا واحد ہو اور اس کی خبر جمع ہو اور غیر عاقل کی طرف دلالت کرے



Marfat.com

تو خبر کا واحد، یا جمع لانا جائز ہے؛
مثلاً: اَلْكُتُبُ مَفْتُوحَةٌ بھی کہہ سکتے ہیں اور مَفْتُوحَاتٌ بھی۔
اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (الف) واحد، تثنیہ اور جمع اور مذکر اور مونث میں خبر اپنے مبتدا کے موافق ہوتی ہے۔
(ب) اگر کوئی خبر جمع ہو اور غیر عاقل پر دلالت کرے، تو اُس کا واحد مؤنث، یا جمع مؤنث کی صورت میں ہونا جائز ہے۔

---

## مشق

بتاؤ کہ نیچے کے جملوں میں مبتدا، اور خبر آپس میں کیوں کر موافق ہیں:

۱- اَلتَّاجِرُ اَمِيْنٌ
سوداگر امانت دار ہے

۲- اَلْاَرْضُ وَاسِعَةٌ
زمین فراخ ہے

۳- اَلْمَطَرُ كَثِيْرٌ
بارش بہت ہے

۴- اَلْهِنْدِيُّوْنَ مُسَالِمُوْنَ
ہندی لوگ صلح پسند ہیں

۵- اَلطَّالِبَاتُ حَاضِرَاتٌ
پڑھنے والی لڑکیاں موجود ہیں

۶- اَلْكِتَابُ نَافِعٌ
کتاب نفع مند ہے

۷- اَلْخَادِمَانِ عَاقِلَانِ
دونوں نوکر عقل مند ہیں

۸- اَلْبِنْتُ صَغِيْرَةٌ
لڑکی چھوٹی ہے

۹- اَلسَّفِيْنَتَانِ جَارِيَتَانِ
دونوں کشتیاں چل رہی ہیں

۱۰- اَلرَّسُوْلُ كَرِيْمٌ
پیغمبر کریم ہے

---

Marfat.com

# سبق ۱۹

## فعل : لازم، متعدی

| ب | الف |
|---|---|
| (۱) صَنَعَ الغُلامُ طَيَّارَةً | (۱) طَلَعَ القَمَرُ |
| لڑکے نے ہوائی جہاز بنایا | چاند نکل آیا |
| (۲) أَوْجَدَ مَحْمُودٌ الطَّيَّارَةَ كَبِيرَةً | (۲) أَوْرَقَ الشَّجَرُ |
| محمود نے ہوائی جہاز بڑا بنایا | درخت پتے لے آیا |
| (۳) أَرَيْتُ مَحْمُودًا الطَّيَّارَةَ مُرْتَفِعَةً | (۳) نَضِجَ الثَّمَرُ |
| میں نے محمود کو ہوائی جہاز اونچا بڑھا ہوا دکھایا | پھل پک گئے |

بہت سے فعل ایسے ہیں جن کا کوئی مفعول نہیں ہوتا ؛ جیسے : فَرِحَ، عَظُمَ، عَطِشَ.
بہت سے فعل ایسے بھی ہیں، جن کے ایک یا دو، یا اور زیادہ، مفعول بہ ہوتے ہیں؛ جیسے : شَرِبَ، رَأَى، أَعْطَى.

(۱) الف کے نیچے جو فعل، طَلَعَ، أَوْرَقَ، نَضِجَ ہیں، ان میں سے کسی کے بعد مفعول بہ نہیں ہے. ایسے فعل کو فِعل لازِم کہتے ہیں.

(۲) ب کے نیچے جو فعل، صَنَعَ، وَجَدَ اور أَرَى ہیں اُن کا اثر فاعل سے گزر کر مفعول بہ تک پہنچتا ہے. فعل (صَنَعَ) کا صرف ایک مفعول بہ ہے : طیارۃ؛ دوسرے فعل (وَجَدَ) کے دو مفعول بہ ہیں : الطیارۃ اور کبیرۃ. تیسرے فعل (أَرَيْتُ) کے تین مفعول بہ ہیں : محمود، الطیارۃ اور مُرتفعۃ. ایسے فعل کو فِعل مُتَعَدِّی کہتے ہیں. اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ فعل متعدی تین قسم کا ہوسکتا ہے :

Marfat.com

(ا) وہ جس کا صرف ایک مفعول ہو،

(ب) وہ جس کے دو مفعول بہ ہوں، اور

(ج) وہ جس کے تین مفعول بہ ہوں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ**: (ا) فعل دو قسم کا ہوتا ہے:

(۱) لازم، وہ جس کا مفعول بہ نہیں ہوتا، اور

(۲) مُتَعَدّی، وہ جس کا ایک مفعول بہ ہو یا ایک سے زیادہ ہوں۔

(ب) فعل متعدی تین طرح کا ہوتا ہے:

وہ جس کا ایک مفعول ہو، یا دو ہوں، یا تین۔

---

## مشق

نیچے کے جُملوں میں لازم اور متعدی فعل کو پہچان کر بتادو:

| | |
|---|---|
| ۱۔ إِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ | ہم تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں |
| ۲۔ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم | اللہ اُن سے خوش ہوا |
| ۳۔ جَمَعَ مالاً وَعَدَّدَهُ | اُس نے مال جمع کیا اور اُسے گِنا |
| ۴۔ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا | لوگ بکھرے ہوئے نکلیں گے |
| ۵۔ رَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ | ہم نے تیرا بول بالا کیا |
| ۶۔ جاءَ أَجَلُهُم | اُن کا وقت آگیا |
| ۷۔ خَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ | اُن پر چھت گر پڑی |
| ۸۔ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً | اُس نے آسمان سے پانی اُتارا |

---

Marfat.com

## مشق ۲

نیچے کے جملوں میں تینوں قسم کے متعدی افعال الگ الگ کرکے بتا دو :

| | |
|---|---|
| ۱۔ اَطِیعُوا الرَّسُولَ | رسول کی فرماں برداری کرو |
| ۲۔ اَوْرَثْنَاهَا قَوْمًا آخَرِینَ | ہم نے دوسرے لوگوں کو اُس کا وارث بنا دیا |
| ۳۔ آتَیْنَاهُمُ الْکِتَابَ الْمُسْتَبِینَ | ہم نے اُن کو صاف بیان کرنے والی کتاب دی |
| ۴۔ قَرَأْتَ الْقُرْآنَ | تو نے قرآن پڑھا |
| ۵۔ لَا تَجِدُ اَکْثَرَهُمْ شَاکِرِینَ | تو ان میں سے اکثر کو شکر کرنے والا نہ پائے گا |
| ۶۔ سَخَّرَ لَکُمُ الشَّمْسَ | اُس نے سورج کو تمہارے قابو میں کردیا |
| ۷۔ لَا یَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاءَ | بہرے پکار کو نہیں سُنتے |
| ۸۔ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَکُمْ | تُم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا |

---

# سبق ۳۰

## فعلِ مضارع کے آخری حرف کی حالت

| | |
|---|---|
| یَجْلِسُ مَحْمُودٌ | تَشْرَبُ فَاطِمَةُ الْمَاءَ |
| محمود بیٹھتا ہے | فاطمہ پانی پیتی ہے |
| اَطْلُبُ حَقِّی | نَعْلَمُ الْقَاعِدَةَ |
| مَیں اپنا حق مانگتا ہوں | ہم قاعدہ جانتے ہیں |

فعلِ مضارع کا کچھ حال تُم پڑھ چکے ہو۔ اس کا آخری حرف عام طور پر مرفوع ہوتا ہے۔ اس حالت کو اس طرح ظاہر کرتے ہیں کہ آخری حرف پر ضمہ بولتے ہیں ؛

Marfat.com

جیسا کہ اوپر کی چاروں مثالوں سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔

لیکن بعض وقت جملے میں کوئی لفظ ایسا آجاتا ہے کہ اُس کے عمل یا اثر سے اگر اُس کے بعد فعل مضارع ہو تو اُس فعل کا آخری حرف مرفوع ہونے کی بجائے منصوب، یا مجزوم ہو جاتا ہے؛ اور ان حالتوں کو، بالترتیب، فتحہ اور جزم کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے؛ مثلاً: یَجْلِسُ کی جگہ یَجْلِسَ یا یَجْلِسْ بولا جاوے گا۔ ایسے لفظ کو اُس مضارع کا عامِل کہتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ**: فعل مضارع کا آخری حرف عام طور سے مرفوع ہوتا ہے، لیکن کسی لفظ کے عمل، یا اثر سے منصوب، یا مجزوم بھی ہو جاتا ہے۔ ایسے لفظ کو اُس مضارع کا عامل کہتے ہیں۔

## مشق

نیچے کے جملوں میں مضارع بتاؤ، اور ہر ایک کی پوری گردان کرو:

۱۔ یَکْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَھُمْ یَعْلَمُوْنَ — وہ سچ کو چھپاتے ہیں اور جانتے ہیں

۲۔ أَأَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ؟ — کیا میں اسے سجدہ کروں جسے تو نے پیدا کیا؟

۳۔ یَأْکُلُوْنَ کَمَا تَأْکُلُ الْاَنْعَامُ — وہ کھاتے ہیں جیسے چوپاے کھاتے ہیں

۴۔ تَحْسَبُھُمْ اَیْقَاظًا — تو اُن کو جاگتا ہوا سمجھتا ہے

۵۔ نَبْعَثُ فِیْ کُلِّ اُمَّةٍ شَھِیْدًا — ہم ہر قوم میں ایک گواہ بھیجیں گے

۶۔ یَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ — وہ جانتا ہے تم کیا کرتے ہو

۷۔ یَوْمَ یَنْظُرُ الْمَرْءُ — جس روز دیکھے گا آدمی

Marfat.com

# سبق ۲۱

## فعل مضارع کا نصب

(۱) اَنْ

يَحْسُنُ أَن تُشَاهِدَ قُطْبَ مِينَار
بہتر ہے کہ تو قطب مینار دیکھ لے
يَسُرُّنِي أَن تَذْهَبَ مَعِي
میں اس سے خوش ہوں گا کہ تو میرے ساتھ چلے

(۲) لَنْ

لَنْ يَفُوزَ الْكَسْلَانُ
سست آدمی کو کامیابی نہیں ہوتی
لَنْ أُقَصِّرَ فِي الْوَاجِبِ
میں ہرگز واجب بات میں کمی نہ کروں گا

(۳) کَیْ

اِجْلِسْ كَيْ تَأْكُلَ مَعِي
بیٹھ تاکہ تو میرے ساتھ (کھانا) کھا
اِجْتَهِدْ كَيْ تَنَالَ جَائِزَةً
کوشش کر تاکہ تجھے انعام ملے

(۴) إِذَنْ

إِذَنْ أَلْعَبَ مَعَكَ (یہ اس کا جواب ہو کہ کوئی کہے کہ اَلْعَبُ بِالْكُرَةِ
تب تو میں تیرے ساتھ کھیلوں گا۔ میں کیند کھیلوں گا)
إِذَنْ تَأْمَنَ مِنَ الْغَرَقِ (اس قول کے جواب میں کہ أَتَعَلَّمُ السِّبَاحَةَ
تب تو تو غرق ہونے سے بچے گا کیا تو تیرنا سیکھے گا)

اوپر کی مثالوں پر غور کرنے سے تمہیں معلوم ہو گا کہ اگر مضارع سے پہلے

Marfat.com

أَن (کہ) لَنْ (ہرگز نہیں) کَی (تاکہ) اِذَنْ (جب، تب، اب) میں سے کوئی آجاتا ہے، تو مضارع منصوب ہوجاتا ہے؛ اور اس سبب سے یہ چاروں لفظ (جن کو حروف کہتے ہیں) نَوَاصِبُ الْمُضَارِع، یعنی مضارع کو نصب دینے والے کہلاتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** اگر مضارع سے پہلے أَن، لَن، کَی اور اِذَن میں سے کوئی لفظ آجاوے تو اُس کے عمل سے مضارع منصوب ہوجاتا ہے۔

## مشق

نیچے کے جملوں میں منصوب مضارع کون کون سے ہیں؟ بتاؤ کہ وہ کیوں منصوب ہوئے:

| | |
|---|---|
| ۱۔ لَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا | تو لمبائی میں ہرگز پہاڑوں تک نہیں پہنچے گا |
| ۲۔ اَنْ تَقُولَ نَفْسٌ یَاحَسْرَتٰی! | یہ کہ کوئی کہے، ہائے ری حسرت! |
| ۳۔ لَنْ یَنَالَ اللّٰهَ لُحُومُهَا | اُن کے گوشت اللہ تک ہرگز نہیں پہنچیں گے |
| ۴۔ کَیْ نُسَبِّحَكَ کَثِیْرًا | تاکہ ہم تیری بہت تسبیح کریں |
| ۵۔ نَخَافُ اَنْ یَفْرُطَ عَلَیْنَا | ہم ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے گا |
| ۶۔ فَرَجَعْنَاكَ اِلٰی اُمِّكَ | ہم نے تجھے تیری ماں کے پاس لوٹا دیا |
| ۷۔ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا | تاکہ اُس کی آنکھ ٹھنڈی ہو |
| ۸۔ اِذَنْ تَزْدَادَ مَحَبَّتُكَ | تب تیری محبت زیادہ ہوجاوے گی |
| ۹۔ اِذَنْ یَعْلَمَ اَنِّیْ صَادِقٌ | تب تو وہ جانے گا کہ میں سچا ہوں۔ |

Marfat.com

# مضارع منصوب کی گردان

مضارع مرفوع کی گردان تم سمجھ چکے ہو؛ اب منصوب مضارع کی گردان پڑھو:

لَنْ يَّذْهَبَ کی گردان:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غائب | مذکر | واحد | لَنْ يَّذْهَبَ | وہ ہرگز نہ جاے گا |
| | | ت | لَنْ يَّذْهَبَا | وہ (دو) ہرگز نہ جاویں گے |
| | | جمع | لَنْ يَّذْهَبُوا | وہ (سب) ″ ″ |
| | مؤنث | و | لَنْ تَذْهَبَ | وہ ہرگز نہ جاوے گی |
| | | ت | لَنْ تَذْهَبَا | وہ (دو) ہرگز نہ جاویں گی |
| | | ج | لَنْ يَّذْهَبْنَ | وہ (سب) ″ ″ |
| حاضر | مذکر | و | لَنْ تَذْهَبَ | تو ہرگز نہ جاوے گا |
| | | ت | لَنْ تَذْهَبَا | تم (دو) ہرگز نہ جاوگے |
| | | ج | لَنْ تَذْهَبُوا | تم (سب) ″ ″ |
| | مؤنث | و | لَنْ تَذْهَبِي | تو ہرگز نہ جاے گی |
| | | ت | لَنْ تَذْهَبَا | تم (دو) ہرگز نہ جاوگی |
| | | ج | لَنْ تَذْهَبْنَ | تم (سب) ″ ″ |
| متکلم | مذکر و مؤنث | و | لَنْ اَذْهَبَ | میں ہرگز نہ جاوں گا ۔ جاوں گی |
| | | ت ج | لَنْ نَذْهَبَ | ہم (دو ۔ سب) ہرگز نہ جاویں گے ۔ نہ جاویں گی |

اس گردان پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ:

(۱) مرفوع مضارع کے شروع میں لَنْ آنے سے جتنے صیغوں کے آخر میں نون تھے



Marfat.com

۵) سوا دو صیغوں: غائب اور حاضر جمع مؤنث کے ۔ سب گر گئے ہیں۔

(ب) مضارع کے معنی صرف مُستقبل (زمانہ آئندہ) کے ہو گئے ہیں۔

اَنْ، کَیْ اور اِذَنْ بھی مضارع کو منصوب کر دیتے ہیں۔ ان میں سے جو کوئی حرف مضارع مرفوع کے پہلے لگا دیا جاوے گا یہی عمل کرے گا؛ اور گردان اسی طرح ہوگی۔ اَنْ اور اِذَنْ سے تو مستقبل کے معنی ہو جاویں گے، مگر کَیْ سے شرط کے سے معنی بن جاویں گے؛ جیساکہ تم اِس سبق میں اوپر سمجھ چکے ہو۔

# سبق ۲۲

## فعل مضارع کا جزم: لَمْ، لَا، اِنْ

### الف

(۱) لَمْ

| | |
|---|---|
| لَمْ يَشْرَبْ مَسْعُوْدُ الدَّوَاءَ ۔ | مسعود نے دوا نہیں پی |
| لَمْ يَنَمْ صَادِقٌ ۔ | صادق نہیں سویا |
| لَمْ تُثْمِرْ هٰذِهِ الشَّجَرَةُ ۔ | یہ درخت نہیں پھلا |

### ب

(۲)

| | |
|---|---|
| لَا تَقِفْ هُنَا ۔ | تو یہاں نہ کھڑا ہو |
| لَا تُهْمِلْ عَمَلَكَ ۔ | اپنے کام میں سُستی نہ کر |
| لَا تُخَالِفْ وَالِدَكَ ۔ | اپنے باپ کی مخالفت نہ کر |

### ج

(۳) إِنْ

| | |
|---|---|
| إِنْ تَجْتَهِدْ تَنْجَحْ ۔ | اگر تو کوشش کرے گا تو کامیاب ہوگا |
| إِنْ تَنَمْ تَسْتَرِحْ ۔ | اگر تو سووے گا تو آرام پاوے گا |
| إِنْ تَقْرَأْ تَسْتَفِدْ ۔ | اگر تو پڑھے گا تو فائدہ اُٹھاوے گا |

Marfat.com

(۱) الف کے نیچے جو مثالیں ہیں اُن میں مضارع یشرِبْ ، یَسَمْ ، تُثْمِ کے آخری حرف پر جزم ہے۔ کیوں؟ اس لیے کہ اُن میں سے ہر ایک کے پہلے حرف لَمْ آیا ہے۔ اسی نے مضارع کو جزم دے دیا۔ چوں کہ یہ حرف کسی بات کی نفی کرتا ہے، اس لیے حرف نَفْی وجَزْم کہلاتا ہے۔

(۲) ب کے نیچے جو تین مضارع، تَقِفْ، تُهْمِلْ، تُخَالِفْ، ہیں اُن کے آخری حروف پر جزم ہے؛ کیوں کہ اُن کے پہلے حرف لا ہے۔ لا کے معنی "نہیں" کے ہیں اور وہ سُننے والے کو کسی کام سے نَهْي (منع) کرتا ہے۔ اسی لیے اسے حرف نَهْي وجزم کہتے ہیں۔

(۳) ج کے ہر جُملے میں دو دو مضارع ہیں اور دونوں پر جزم ہے؛ کیوں کہ اُن کے پہلے حرف إِنْ ہے۔ اِنْ کے معنی ہیں "اگر" یہ کسی شرط کو قائم کرتا ہے؛ مثلاً پہلا ہی جُملہ لو؛ اگر تو کوشش کرے گا تو کامیاب ہوگا؛ یعنی کامیابی کی شرط اِنْ یہ ہے کہ تو کوشش کرے۔ اسی لیے اِنْ کو حرف شَرْطْ وجزم کہتے ہیں۔ ان تینوں جملوں کے پہلے مضارع، تَجْتَهِدْ (اور اسی طرح تَنَمْ، تقرأ) کو فعل الشرط کہتے ہیں اور دوسرے مضارع، تَنْجَحْ (اور اسی طرح تَسْتَرِحْ، تَسْتَفِدْ) کو جَواب الشرط۔

ج کے جُملوں پر پھر غور کرو تو معلوم ہوگا کہ اِنْ کے عمل سے فعل شرط اور اور جواب شرط، دونوں مضارع، مجزوم ہو گئے ہیں۔

یہ تینوں حرف (لَمْ، لَا اور اِنْ) جن کے عمل سے مضارع پر جزم آجاتا ہے جَوازِمُ الْمُضارِع (یعنی مضارع کو جزم دینے والے) کہلاتے ہیں۔

اِس سے یہ قاعدے نکلے :

**قاعدہ :** (۱) اگر کوئی حرفِ جازم کسی مضارع کے پہلے آجائے تو وہ مضارع مجزوم ہوجاتا ہے۔ وہ حرف یہ ہیں :

Marfat.com

(ا) لَمْ، جس کو حرف نفي وجزم کہتے ہیں: یہ صرف ایک مضارع کو مجزوم کرتا ہے۔

(ب) لا، جس کو حرف نَهْي وجَزْم کہتے ہیں۔ یہ بھی صرف ایک ہی مضارع کو مجزوم کرتا ہے۔

(ج) اِنْ، جس کو حرفِ شَرْط وجزم کہتے ہیں، دونوں مضارعوں، یعنی فِعل الشَّرْط اور جَوابُ الشَّرْط کو مجزوم کر دیتا ہے۔ پہلا مضارع فعل الشرط اور دوسرا جَوابُ الشَّرْط کہلاتا ہے۔

(۲) جَوابُ الشَّرْط کے لیے، جو مضارع بولا جاتا ہے، اُس کا بھی آخری حرف مجزوم ہوتا ہے۔

---

## مشق

نیچے کے جُملوں میں مضارع مجزوم بتاؤ، اور یہ بتاؤ کہ وہ مجزوم کیوں ہیں؟

| | |
|---|---|
| ۱۔ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ | اگر تمہیں کوئی اچھائی پہنچتی ہے تو اُنہیں بُری لگتی ہے |
| ۲۔ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ | اُس نے انسان کو وہ سکھایا جو وہ نہ جانتا تھا |
| ۳۔ لَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ | اپنے بچّوں کو قتل نہ کرو |
| ۴۔ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً | وہ نہیں ٹھہرے، مگر تھوڑے سے وقت |
| ۵۔ اِنْ يَنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ | اگر اللہ تمہیں مدد دے تو کوئی تم پر غالب نہ ہوگا |
| ۶۔ لَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ | ان کے خلاف جلدی نہ کر |
| ۷۔ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَاءَكُمْ | اگر تو اُنہیں بُلائے گا تو وہ تمہاری پکار نہ سُنیں گے |
| ۸۔ اِنْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا | اگر تم نے نہ کیا اور تم ہرگز نہ کروگے |
| ۹۔ لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِنْ قَوْمٍ | ایک قوم دوسری قوم کی ہنسی نہ اُڑاوے۔ |

Marfat.com

## مضارع مجزوم کی گردان

مضارع منصوب کی پوری گردان تم اوپر کے سبق میں سمجھ چکے ہو، اب مضارع مجزوم کی گردان اور بھی آسان ہوگئی، کیوں کہ یہ بالکل منصوب مضارع کی طرح ہوتی ہے۔ منصوب مضارع میں آخری حرف پر نصب ہوتا ہے، مجزوم میں جزم ہوتی ہے۔ جس طرح اُس میں دو کے سوا باقی سب نون آخر سے گر گئے تھے، ویسے ہی یہاں بھی گر جائیں گے۔ مثلاً لَمْ يَعْلَمْ (اس نے نہیں جانا) کی گردان یوں ہوگی:

غائب : لَمْ يَعْلَمْ ۔ لَمْ يَعْلَمَا ۔ لَمْ يَعْلَمُوا ..... لَمْ يَعْلَمْنَ

حاضر : لَمْ تَعْلَمْ ۔ لَمْ تَعْلَمَا ۔ لَمْ تَعْلَمُوا ..... لَمْ تَعْلَمْنَ

متکلم : لَمْ أَعْلَمْ ۔ لَمْ نَعْلَمْ

بالکل اسی طرح إِنْ يَعْلَمْ کی گردان بھی کر لو۔

لَا تَعْلَمْ (تو مت جان) فعل نَهْي ہے، اور اس کی گردان تم اوپر کے ایک سبق میں پڑھ اور سمجھ چکے ہو۔

اب ایک ضروری بات یہ یاد رکھو کہ مضارع کے پہلے اگر لَمْ آتا ہے، تو مضارع کے معنی حال یا مستقبل کے نہیں رہتے، بلکہ ماضی کے ہو جاتے ہیں۔ اور چوں کہ لَمْ نَفْي کا حرف ہے، اس لیے اس پورے مرکب مضارع میں ماضی مَنْفِي کے معنی آجاتے ہیں۔ لَمْ يَعْلَمْ ، لَمْ يَفْعَلْ ، لَمْ يَذْهَبْ کے معنی ہوں گے: اُس نے نہیں جانا، اُس نے نہیں کیا، وہ نہیں گیا، وغیرہ۔

اسی طرح إِنْ شرط کا حرف ہے، اس کے آنے سے مضارع میں شرط کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں — إِنْ يَفْعَلْ : اگر وہ کرے گا: إِنْ يَذْهَبْ : اگر وہ جائے گا۔ وغیرہ۔

---

Marfat.com

# سبق ۲۳

## مضارع کا جزم: لَمّا، لِ

| ب | الف |
| --- | --- |
| (۱) لِتُحسِن مُعامَلَتَكَ | (۱) لَمّا تَظهَرُ نَتيجَةُ الاِمتِحانِ |
| چاہیے کہ تو اپنا معاملہ اچھا کرے | امتحان کا نتیجہ نہیں نکلا |
| (۲) لِتُطِعْ والِدَكَ | (۲) لَمّا اَذهَبْ هُنا |
| چاہیے کہ تو اپنے باپ کی فرماں برداری کرے۔ | میں وہاں نہیں گیا |
| (۳) فَلْتَكْتَسِبْ خَيرًا | (۳) لَمّا يَدخُلْ خادِمُهُ |
| تجھے چاہیے کہ تو نیکی حاصل کرے | اس کا نوکر داخل نہیں ہوا |
| (۴) وَلْيَشرَبْ ماءً | |
| اور اسے چاہیے کہ وہ پانی پیے | |

یہ تو تمہیں معلوم ہو گیا کہ نفی کا لَمْ اور نہی کا لاَ مضارع واحد کو جزم دیتے ہیں ان کے علاوہ اور حروف بھی ہیں جو یہی عمل کرتے ہیں۔

(۱) الف کے نیچے کی مثالوں میں تَظهَرْ، اَذهَبْ اور يَدخُلْ مضارع ہیں۔ ان کے پہلے لَمّا ہے جس نے ان سب کو مجزوم کر دیا ہے، اور یہ معنی پیدا کر دیے ہیں کہ گزرے ہوئے زمانے سے لے کر اب (بولنے کے وقت) تک یہ سب کام نہیں ہوئے ہیں۔ معلوم ہوا کہ لَمّا بھی حرف جازم ہے اور لَمْ ہی کا سا عمل بھی کرتا ہے۔ فرق دونوں میں یہ ہے کہ لَمْ سے زمانہ ماضی میں فعل کی نفی ہوتی ہے، اور لَمّا میں یہ نفی

Marfat.com

زمانۂ حال تک باقی رہتی ہے۔ لَمْ یَذْھَبْ، یعنی وہ زمانۂ ماضی میں نہیں گیا؛ لَمَّا یَذْھَبْ، وہ اب تک نہیں گیا ہے (ممکن ہے اب چلا جائے)۔

(۲) ب کی مثالوں میں جو مضارع ہیں اُن کے پہلے ل آیا ہے، جس نے ان مضارعوں میں حکم کے معنی پیدا کر دیے ہیں۔ اسی لیے اِس لام کو لامِ اَمر کہتے ہیں، اور یہ حرفِ جزم و اَمر ہے۔ دیکھو، پہلی دو مثالوں میں جہاں یہ لام اکیلا آیا ہے، یہ مکسور ہے، مگر تیسری اور چوتھی مثال میں، جہاں اس سے پہلے ف اور و بھی ہیں، یہ ساکن ہو گیا ہے۔ مگر ہر صورت میں یہ لام امر ہی ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ: مضارع کو یہ حروف بھی جزم دیتے ہیں:**

(ا) لَمَّا: جو کسی فعل کے زمانۂ ماضی سے زمانۂ حال تک واقع ہونے کی نفی کرتا ہے۔

(ب) لامِ امر (لِ): جو کسی ایسے فعل کا حکم کرتا ہے جو بات کرنے کے وقت کے بعد ہونے والا ہے۔

لام امر مکسور ہوتا ہے؛ مگر جب اس کے پہلے ف یا و ہو تو ساکن ہو جاتا ہے۔

## مشق

نیچے کے جُملوں میں مضارع مجزوم بتاؤ اور بتلاؤ کہ وہ کیوں مجزوم ہوئے:

۱۔ لَمَّا یَدْخُلِ الْاِیمانُ فِی قُلُوبِکُمْ — ایمان اب تک تمہارے دلوں میں نہیں آیا ہے

۲۔ بِذٰلِکَ فَلْیَفْرَحُوا — اسی سے اُن کو خوش ہونا چاہیے

۳۔ لِیُنْفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ — چاہیے کہ دولت مند اپنی دولت میں سے خرچ کرے۔

۴۔ لَمَّا یَلْحَقُوا بِھِمْ — وہ اب تک اُس کے ساتھ نہیں ملے ہیں

۵۔ وَلْیَسْئَلُوا مَا اَنْفَقُوا — اُنہیں پوچھنا چاہیے کہ وہ کیا خرچ کریں

۶۔ لَمَّا یَذُوقُوا عَذَابِی — اُنہوں نے اب تک میرا عذاب نہیں چکھا

Marfat.com

# سبق ۲۴

## دو مضارعوں کے جازم حروف اور اسماء

(۱) إِنْ تَصْبِرْ تَظْفَرْ

اگر تو صبر کرے گا تو کامیاب ہوگا

(۲) اذما تَصْدُقْ تُحْتَرَمْ

جب تو سچ بولے گا تیری عزت ہوگی

(۳) مَن يَزْرَعْ خَيْرًا يَحْصُدْ خيرًا

جو کوئی نیکی بوئے گا نیکی کاٹے گا

(۴) ما يَكْثُرْ يَرْخُصْ

جو چیز زیادہ ہوتی ہے سستی ہوتی ہے

(۵) مَهْمَا تَقْتَصِدْ يَنْفَعْكَ

جو کچھ تو میانہ روی سے کرے گا وہ تجھے نفع دے گا

(۶) مَتَى تَعْجَلْ تَنْدَمْ

جب تو جلدی کرے گا شرمندہ ہوگا

(۷) أَيَّانَ يَسْعَدْ وَطَنُكَ تَسْعَدْ

جب کبھی تیرا وطن خوش بخت ہوگا تو بھی خوش بخت ہوگا

(۸) أَيْنَ تُقِمْ تَجِدْ رِزْقَكَ

تو جہاں ٹھیرے گا اپنی روزی پائے گا

(۹) أَنَّى يُسافِرْ غَنِيٌّ يُخْدَمْ

دولتمند آدمی جہاں کہیں جائے گا اُس کی خدمت ہوگی

(۱۰) حَيْثُمَا تَسْتَقِمْ تَنْجَحْ

جہاں کہیں تو سیدھا ہو جائے گا کامیاب ہوگا

(۱۱) كَيْفَمَا تَقْتَصِدْ تَسْتَفِدْ

تو جس طرح بھی میانہ روی کرے گا فائدہ پائے گا

(۱۲) أَيُّ إِنْسَانٍ يَجُدْ يُحْمَدْ

جو کوئی آدمی سخاوت کرے گا اس کی تعریف ہوگی

تم جان چکے ہو کہ حرفِ إِنْ دو مضارعوں کو جزم دیتا ہے۔ ان میں سے پہلا مضارع شرط ہوتا ہے، اور دوسرا اس شرط کا جواب۔ إِنْ کے علاوہ اور بھی شرط کے حروف اور اسماء ہیں جو دو مضارعوں کو جزم دیتے ہیں۔

اوپر جو مثالیں ہیں، ان میں سے ہر ایک کے شروع میں شرط کا ایک لفظ ہے،

Marfat.com

اور اس کے بعد دو مضارع مجزوم ہیں ؛ مثلاً : پہلی مثال میں اِنْ حرف شرط ہے، اور اس کے بعد پہلا مضارع تَصْبِرْ شرط ہے، اور دوسرا تَظْفَرْ جواب شرط ہے۔ یہی حال باقی سب مثالوں کا ہے۔

اب اور جملوں کو دیکھو۔ ایک ہیں اِذْما ہے، جو ایسی ہستی کے لیے استعمال ہوتا ہے، جو عاقل (یعنی عقل والی) ہو۔ پھر ما اور مَهْما ہیں، جو غیر عاقل کے لیے آتے ہیں۔ اس کے بعد مَتیٰ اور اَیّانَ ہیں جو زمان (یعنی وقت) کے اظہار کے لیے استعمال ہوتے ہیں، اور اَیْنَ، اَنّیٰ اور حَیْثُما مکان (جگہ) کے اظہار کے لیے۔ کَیْفَما حالت ظاہر کرتا ہے، اَیٌّ اِن تمام حالتوں کے اظہار کے لیے آتا ہے، اور یہ معنی ہیں اس کلمے سے معلوم ہوتے ہیں جو اُس کے بعد آتا ہے۔ اگر ہم نے اَیُّ اِنسانٍ (کون سا آدمی) کہا تو وہ عاقل کے لیے استعمال ہوا، اور اگر ہم نے اَیُّ کِتابٍ (کون سی کتاب) کہا تو وہ غیر عاقل کے لیے برتا گیا۔

ان سب کلموں میں اِنْ اور اِذْما تو حروف ہیں، باقی سب اسماء ہیں۔

اِس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ :** دو مضارعوں کو جزم دینے والے کلمے بارہ ہیں۔

اِنْ ، اِذْما ، مَنْ ، ما ، مَهْما ، مَتیٰ ، اَیّانَ ، اَیْنَ ، اَنّیٰ ، حَیْثُما ، کَیْفَما ، اَیٌّ ۔

## مشق

نیچے کے جملوں میں شرط اور جواب شرط کے افعال بتاؤ اور جزم کا عامل بتلاؤ:

| | |
|---|---|
| ۱۔ حَیْثُما تَذْهَبْ تَجِدْ اَعْوانًا | تو جہاں کہیں جائے گا مددگار پائے گا۔ |
| ۲۔ اِنْ تَكْذِبْ تَأْثَمْ | اگر تو جھوٹ بولے گا تو گناہ کرے گا |
| ۳۔ مَنْ یَأْكُلْ كَثیرًا یَمْرَضْ | جو کوئی زیادہ کھائے گا بیمار ہوگا |



Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۴- ما تَفْعَلْ مِنْ خَيرٍ يَعْلَمْهُ اللهُ | جو کچھ تو نیکی کرتا ہے اللہ اُسے جانتا ہے |
| ۵- مَتَى يَأْتِ الصَّيفُ يَذْهَبِ الغَنِيُّ مِنْ هُنا | جب گرمی آوے گی تو دولت مند یہاں سے چلا جاوے گا |
| ۶- كَيفَما تُعامِلْنا نُعامِلْكَ | جیسا کچھ تو ہم سے سلوک کرے ہم بھی کریں گے |
| ۷- أَيَّ لَعِبٍ تَلْعَبْ أَلْعَبْ | جو کچھ کھیل تو کھیلے گا میں بھی کھیلوں گا |
| ۸- أَيّانَ أُسافِرْ أَجِدْ أَحِبّائِي | میں جب کبھی سفر کروں گا اپنے دوستوں کو پاؤں گا |
| ۹- أَنّى يَكُنِ النَّهْرُ جارِيًا تُخْصِبِ الأَرْضُ | جہاں کہیں دریا چلے گا زمین ہری ہو جاوے گی |
| ۱۰- مَهْما تَفْعَلْ بِنا نَفْعَلْ بِكَ | جو کچھ تو ہمارے ساتھ کرے گا ہم تیرے ساتھ بھی کریں گے |
| ۱۱- حَيثُما تَكُونُوا تَجِدُوا سَماءً | جہاں کہیں تم ہو گے وہیں آسمان پاؤ گے |
| ۱۲- إِذْ ما تَقْرَأْ يُفِدْكَ | جب کبھی تو پڑھے گا وہ تجھے فائدہ دے گا |

Marfat.com

# سبق ۲۵

## محذوف اَن کے بعد مضارع کا نصب

(۱)

الف

(۱) ماکَانَ الْعاقِلُ لِیُسْرِفَ
عقل مند آدمی فضول خرچی نہیں کرتا

(۲) لَمْ یَکُنِ الْاَمِیْنُ لِیَسْرِقَ
امانت دار آدمی چوری نہیں کرتا

(۳) لَمْ اَکُنْ لِاَظْلِمَ النَّاسَ
میں ایسا نہیں ہوں کہ لوگوں پر ظلم کروں

ب

(۱) لَا تَرْتَقِی حَتّٰی تَجْتَہِدَ
جب تک تو محنت نہیں کرے گا ترقی نہیں پا رے گا

(۲) اِزْرَعْ حَتّٰی تَحْصُدَ
کھیت بو کر تو فصل کاٹ لے

(۳) لَا تَنَالُ الرَّاحَۃَ حَتّٰی تَتْعَبَ
جب تک تو محنت نہ کرے راحت نہ پا رے گا

ج

(۱) لَا تَمْدَحْ رَجُلًا اَوْ تُجَرِّبَہٗ
کسی آدمی کی تعریف نہ کر جب تک کہ اُسے آزما لے

(۲) سَاَصْبِرُ اَوْ اُدْرِکَ الْاَمَلَ
میں صبر کروں گا جب تک کہ میں آرزو پوری کروں

(۳) یُحْتَرَمُ الْاِنْسَانُ اَوْ یَکْذِبَ
آدمی کی عزت کی جاتی ہے جب تک کہ وہ جھوٹ نہ بولے

---

یہ تو تم جانتے ہی ہو کہ مضارع ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے؛ اگر اُس پر فتحہ آتا ہے،

Marfat.com

تو صرف اس صورت میں کہ چار نواصب ( نصب دینے والے الفاظ ) یعنی اَنْ، لَنْ ، کَیْ ، اِذَنْ ، میں سے کوئی اُس سے پہلے آئے ۔ اوپر کی مثالوں میں جو مضارع ہیں ، اُن کے پہلے اِن چار نواصب میں سے ایک بھی نہیں، پھر بھی وہ منصوب ہیں ۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ان میں کوئی ناصب حرف ضرور محذوف ہے؛ اور وہ اَنْ ہے۔ اَنْ کے حذف ہونے کے یہ موقعے ہیں :-

(۱) الف کے نیچے یُسْرِفَ ، یَسْرِقَ ، اَظْلِمَ ، مضارع ہیں۔ پہلی مثال میں یُسْرِفَ کے پہلے لام ہے ، جس سے پہلے نفی کا ما بھی موجود ہے۔ دوسری اور تیسری مثال میں بھی مضارع کے ساتھ لام ہے اور اُس سے پہلے نفی کا لَمْ موجود ہے ۔ نفی کے ما اور لَمْ کے بعد جس مضارع کے پہلے لِ آتا ہے اُس میں اَنْ محذوف ہوتا ہے، اور اسی سبب سے وہ مضارع منصوب ہو جاتا ہے ۔

(۲) ب کے نیچے تَجْتَہِدَ ، تَحْصُلَ ، تَتْعَبَ، مضارع ہیں۔ ان سب کے پہلے حَتّٰی ہے ۔ حَتّٰی کے بعد بھی اَنْ نہیں بولا جاتا، محذوف ہوتا ہے ۔ اس لیے اس محذوف اَنْ کے عمل سے مضارع منصوب ہو جاتا ہے ۔

(۳) ج کے نیچے تُجَرِّبَ ، اُدْرِکَ ، یَکْذِبَ ، مضارع ہیں ، اور اُن کے پہلے حرف اَوْ ہے ۔ ان جملوں کے معنی پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ پہلی اور دوسری مثال میں اَوْ کے معنی اِلٰی کے ہیں اور تیسری مثال میں اَوْ کے معنی اِلَّا کے ہیں۔ اَوْ کے بعد بھی اَنْ نہیں بولتے ، اور چوں کہ وہ محذوف ہوتا ہے، اس لیے مضارع منصوب ہو جاتا ہے ۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ :

Marfat.com

**قاعدہ:** اگر مضارع کے پہلے اَنْ محذوف ہو تو مضارع منصوب ہوجائے گا۔ نیچے کی صورتوں میں اَنْ کا محذوف ہونا واجب ہے:
(۱) لَمْ کے بعد، (۲) حَتّٰی کے بعد، اور اَوْ کے بعد، جب اَوْ کے معنی اِلٰی، یا اِلَّا کے ہوں۔

## مشق

نیچے کے جملوں میں مضارع منصوب کو پہچانو، اور نصب کا سبب بتاؤ:

۱۔ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ۔

اللہ نے یہ نہیں کیا کہ تمہارے ایمان کو ضائع کردے۔

۲۔ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلَامَ اللّٰهِ۔

یہاں تک کہ وہ اللہ کا کلام سن لے۔

۳۔ لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ۔

اللہ نے یہ نہیں کیا کہ ان کو بخش دے۔

۴۔ لَنْ نُؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا يَنْبُوْعًا۔

ہم ہرگز تجھ پر ایمان نہ لائیں گے جب تک کہ تو ہمارے لیے ایک چشمہ (نہ) نکال دے گا۔

۵۔ تُحْسَبُ اَمِيْنًا اَوْ تَخُوْنَ

تو امانت دار سمجھا جائے گا جب تک کہ تو خیانت (نہ) کرے۔

۶۔ سَاَسْبَحُ اَوْ اَبْلُغَ الشَّطَّ۔

میں تیروں گا جب تک کہ کنارے پر پہنچ جاؤں۔

Marfat.com

## (۲)

### الف

(۱) أَحْسِنْ فَيُحِبَّكَ النَّاسُ
احسان کر کہ لوگ تجھے پیار کریں

(۲) لَا تَعْجَلْ فَتَنْدَمَ
جلدی نہ کر کہ تو شرمندہ ہوگا

(۳) لَمْ يَقْتَصِدْ فَيَسْتَغْنِيَ
وہ میانہ روی سے نہیں چلا کہ دولت مند ہو جاتا

### ب

(۱) لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَ تَفْعَلَهُ
اچھی عادت سے منع نہ کر جب کہ تو خود اُسے کرتا ہے

(۲) لَا تَطْلُبِ الْعُلَا وَ تَنَامَ
بلندی مت طلب کر جب تو (عادتاً) سوتا ہو

(۳) لَمْ أَشْهَدْ وَأَكْذِبَ
میں نے گواہی نہیں دی ایسی حالت میں کہ جھوٹ بولتا ہوں

### ج

(۱) أَحْسِنْ لِتَكُونَ مَحْبُوبًا
نیکی کر تاکہ تو پیارا ہو جاوے

(۲) شَاوِرِ الْعُقَلَاءَ لِتَظْفَرَ
عقل مندوں سے مشورہ کر تاکہ تو کامیاب ہو جاوے

(۳) اِتَّعَظْتُ بِغَيْرِي لِأَسْلَمَ
میں نے کسی اور سے نصیحت پکڑی کہ میں سلامت رہوں

أَحْسِنْ لِأَنْ تَكُونَ مَحْبُوبًا
نیکی کر تاکہ تو پیارا ہو جاوے

شَاوِرِ الْعُقَلَاءَ لِأَنْ تَظْفَرَ
عقلمندوں سے مشورہ کر تاکہ تو کامیاب ہو جاوے

اِتَّعَظْتُ بِغَيْرِي لِأَنْ أَسْلَمَ
میں نے کسی اور سے نصیحت پکڑی کہ میں سلامت ہوں

---

تم ابھی پڑھ چکے ہو کہ تین موقعوں پر مضارع اس لیے منصوب ہوتا ہے کہ وہاں اَنْ کا محذوف ہونا واجب ہے۔ اس کے متعلق چند باتیں باقی رہ گئی ہیں:

(۱) جو جملے الف کے نیچے ہیں اُن میں تین مضارع، یُحِبَّ، تَنْدَمَ اور یَسْتَغْنِیَ منصوب ہیں؛ کیوں کہ ان کے پہلے فَ آیا ہے۔ اس فَ کے یہ معنی ہیں کہ جو کچھ فَ سے پہلے کہا گیا ہے وہ سبب ہے اُس چیز کے حاصل

Marfat.com

ہونے کا، جو فَ کے بعد کہا گیا ہے؛ جیسے: پہلی مثال میں اِحسان سببِ ہے محبت کے حاصل ہونے کا۔ اسی لیے یہ فَ، فاءِ سَبَبِیہ (یعنی سبب کی ف) کہلاتا ہے۔

یہ فَ پہلی دو مثالوں میں اَحسِنْ اور لَا تَعْجَلْ کے بعد آیا ہے اور دونوں جگہ کسی چیز کو طلب کرتا ہے۔ تیسری مثال میں وہ لَمْ یَقْتَصِدْ کے بعد ہے؛ اور تمہیں معلوم ہے کہ لَمْ سے نفی ہو جاتی ہے۔ عرب کے لوگ فاءِ سَبَبِیَّہ کے بعد اَنْ نہیں بولتے۔ اسی محذوف اَنْ کی وجہ سے یہ سب مضارع منصوب ہو گئے ہیں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ فَاءِ سَبَبِیَّہ کے بعد اَنْ کا مضمر (پوشیدہ) رہنا واجب ہوتا ہے، خواہ وہ فَ طلب کے معنی دے، یا نفی کے۔

(۲) ب کے نیچے بھی مضارع، تَفْعَلَ، تَنامَ اور اَکْذِبَ منصوب ہیں۔ اُن کے پہلے واو ہے، جو اپنے پہلے اور بعد کے لفظ کو جمع کر دیتا ہے اور واو مَعِیَّۃ کہلاتا ہے۔ پہلی دو مثالوں میں جو واو ہے وہ طلب کے معنی پیدا کرتا ہے، اور تیسری میں نفی (انکار) کے۔ ایسے واو کے بعد بھی اہل عرب اَنْ نہیں بولتے، بلکہ اسے مضمر رکھتے ہیں۔ اُسی مضمر اَنْ کی وجہ سے یہ مضارع منصوب ہو گئے ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ واو مَعِیَّۃ کے بعد بھی اَنْ کو مضمر رکھنا واجب ہے۔

(۳) جو مثالیں ج کے نیچے ہیں، اُن میں مضارع تَکُونَ، تَظْفَرَ اور اَسْلَمَ منصوب ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کے پہلے لام (مکسور) لگا ہوا ہے۔ اس لِ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُس کا ماقبل کوئی ایسی علّت ہے، جو اپنے مابعد کو حاصل کرنا چاہتی ہے۔ چنانچہ پہلی ہی مثال میں احسان علّت ہے محبّت کی۔ یہی حال اور مثالوں کا ہے۔ اس ل کو لامُ التَّعلیل کہتے ہیں؛ اور اُس کے بعد جو مضارع آتا ہے وہ منصوب ہوتا ہے، خواہ اُس کے ساتھ اَنْ محذوف ہو، جیسا کہ پہلی تین مثالوں میں؛ خواہ اَنْ ظاہر ہو،

Marfat.com

جیسا کہ بعد کی تین مثالوں میں ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ جس مضارع کے پہلے لِ ہو اور اُس کے بعد اَنْ ظاہر نہ ہو اُسے نصب دینا جائز ہے۔

ان دونوں سبقوں سے یہ قاعدے نکلے:

**قاعدہ:** (ا) پانچ موقعوں پر اَنْ کے مضمر ہونے کی وجہ سے مضارع کو نصب دینا واجب ہے:

(۱) لَمْ کے بعد، جب اُس کے پہلے نفی بھی ہو،

(۲) حَتّٰی کے بعد،

(۳) اَوْ کے بعد، جب اُس کے معنی الٰی یا الّا کے ہوں،

(۴) فاء سَبَبِیّہ کے بعد، جو نفی یا طلب سے پہلے آوے،

(۵) واو مَعِیّۃ کے بعد، جو نفی یا طلب سے پہلے آوے،

(ب) لام تَعْلِیْل (لِ) کے بعد، اگر اَنْ مضمر ہو، تو مضارع کو نصب دینا جائز ہے۔

---

## مشق

نیچے کے جملوں میں ایسے مضارع بتاؤ جو مضمر اَنْ کے سبب سے منصوب ہوگئے ہیں:

| | |
|---|---|
| ۱۔ جَعَلْنَاکُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا | ہم نے تمہیں جماعتیں اور قبیلے بنایا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو |
| ۲۔ لِیُخْرِجَکُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ | تاکہ وہ تمہیں اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لے جائے |
| ۳۔ لَا تَأْکُلْ وَتَفْتَحَ فَاكَ | مت کھا جب تک کہ تو اپنا منہ نہ کھولے |
| ۴۔ لَمْ اَکُنْ لِاَسْجُدَ لِبَشَرٍ | میں ایسا نہیں ہوا کہ کسی بشر کو سجدہ کروں |
| ۵۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ | تم ہرگز نیکی حاصل نہ کرو گے جب تک کہ تم اپنی پیاری چیزوں میں سے خرچ نہ کرو گے |
| ۶۔ لَا تَکْذِبْ فَتُحْتَقَرَ | جھوٹ نہ بول، تاکہ تجھے ذلیل نہ کیا جاوے |

Marfat.com

# سبق ۲۶

## مضارع: لامِ تاکید اور نونِ تاکید کے ساتھ

الف

| | |
|---|---|
| (۱) لَتَرْكَبَنَّ عَلَى الْفَرَسِ | تو گھوڑے پر ضرور ضرور چڑھے گا |
| (۲) وَاللّٰهِ لَاَضْرِبَنَّ الرَّشِيْدَ | خدا کی قسم میں رشید کو ضرور ضرور ماروں گا |
| (۳) لَتَذْهَبُنَّ اِلَى السُّوْقِ | تم سب ضرور ضرور بازار کو جاؤ گے |
| (۴) لَيَكْتُبَانِّ الرِّسَالَةَ | وہ دونوں ضرور ضرور خط لکھیں گے |

ب

| | |
|---|---|
| (۱) لَنَسْفَعَنْ بِالنَّاصِيَةِ | ہم ضرور ضرور اس کو پیشانی پکڑ کر کھینچیں گے |
| (۲) لَتَسْمَعَنْ هٰذَا الْخَبَرَ | تو ضرور ضرور یہ خبر سُنے گا |
| (۳) لَيَغْسِلَنْ يَدَيْهِ بِالصَّابُوْنِ | وہ ضرور ضرور صابون سے اپنے ہاتھ دھوئے گا |
| (۴) لَتَأْكُلِنْ دَوَاءً | تو ضرور ضرور دواری کھائے گی |

اوپر کی سب مثالوں پر غور کرو گے تو معلوم ہوگا کہ سب میں فعل مضارع کے شروع میں لَ (لام مفتوح) ہے۔ اِس لام کو لامِ تاکید کہتے ہیں۔ اسی طرح الف کے نیچے کی مثالوں کے آخر میں مشدّد نون ہے، اور ب والی مثالوں کے



Marfat.com

آخر میں ساکن نون ہے ۔ یہ دونوں نونِ تاکید کہلاتے ہیں : مشدّد نون کو نونِ ثقیلہ اور ساکن نون کو نونِ خفیفہ کہتے ہیں ۔ لامِ تاکید کی طرح اس نون سے بھی تاکید کے معنی پیدا ہوتے ہیں ۔ اسی سبب سے ان فعلوں کے معنی میں "ضرور ضرور" دو دفعہ آتا ہے ، کیوں کہ دوہری تاکید کی گئی ہے ۔ پہلے لام تاکید کے ساتھ اور پھر نونِ (ثقیلہ یا خفیفہ) کے ساتھ ۔

الف کے نیچے (۴) میں مضارع مذکر غائب کے تثنیہ کا صیغہ ہے ، مگر ب کے نیچے کہیں نہیں ہے ۔ اس کا سبب یہ ہے کہ نونِ خفیفہ کے مضارع کے تثنیہ کا کوئی صیغہ نہیں آتا ۔ اسی طرح نونِ خفیفہ کے ساتھ جمع مونث غائب اور جمع مؤنث حاضر کے صیغے بھی نہیں آتے ۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ :

**قاعدہ :** (۱) مضارع کے فعلوں میں زیادہ تاکید پیدا کرنے کے لیے مضارع کے شروع میں لامِ تاکید اور آخر میں نونِ تاکید زیادہ کیے جاتے ہیں ۔

(۲) لامِ تاکید مفتوح ہوتا ہے ، اور نونِ تاکید مشدّد ، یا ساکن ہوتا ہے ۔

(۳) جب مضارع کے بعد نون خفیفہ ہوتا ہے ، تو اُس سے تثنیہ کے صیغے نہیں آتے ۔

Marfat.com

لامِ تاکید اور نونِ تاکید کے ساتھ مضارع کی پوری گردان یوں ہوتی ہے :

## یُفْعَلُ مضارع سے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غائب | مذکر | واحد | لَيُفْعَلَنَّ | لَيُفْعَلَنْ |
| | | تثنیہ | لَيُفْعَلَانِّ | • |
| | | جمع | لَيُفْعَلُنَّ | لَيُفْعَلُنْ |
| | مونث | و | لَتُفْعَلَنَّ | لَتُفْعَلَنْ |
| | | ت | لَتُفْعَلَانِّ | • |
| | | ج | لَيُفْعَلْنَانِّ | • |
| حاضر | مذکر | و | لَتُفْعَلَنَّ | لَتُفْعَلَنْ |
| | | ت | لَتُفْعَلَانِّ | • |
| | | ج | لَتُفْعَلُنَّ | لَتُفْعَلُنْ |
| | مونث | و | لَتُفْعَلِنَّ | لَتُفْعَلِنْ |
| | | ت | لَتُفْعَلَانِّ | • |
| | | ج | لَتُفْعَلْنَانِّ | • |
| متکلم | مذکر و مونث | و | لَاُفْعَلَنَّ | لَاُفْعَلَنْ |
| | | ت ج | لَنُفْعَلَنَّ | لَنُفْعَلَنْ |

Marfat.com

# مشق

(۱)

نیچے کے مضارعوں پر لام تاکید اور نون ثقیلہ و خفیفہ لگاکر گردان کر جاؤ:

| | | |
|---|---|---|
| يَقْتُلُ | تَذْهَبُ | تَقْرَؤُنَ |
| اَسْمَعُ | يَجْلِسَانِ | يَحْسِبْنَ |
| تَكْتُبِيْنَ | تَفْتَحَانِ ۔ | |

(۲)

نیچے کے فقروں کا ترجمہ کرو:

۱- لَنَذْهَبَنَّ غَدًا

۲- وَاللهِ لَآكُلَنَّ خُبْزًا

۳- لَأَكْتُبَنَّ اِلَيْهِ مَكْتُوبًا

۴- لَيَسْمَعْنَانِّ الْخُطْبَةَ فِي الْمَسْجِدِ

۵- لَتَحْسِبِنَّ زَيْدًا عَالِمًا

۶- لَتُكْرِمُنَّ اُمَّكُمْ

Marfat.com

# سبق ۲۷

## فعل مجرد اور فعل مزید فیہ

### (۱) مجرد

| ب | الف |
|---|---|
| (۱) دَحْرَجَ اللاّعِبُ الکُرَۃَ | (۱) حَسُنَ الھَوَاءُ |
| (۲) بَعْثَرَ الخادِمُ الحَبَّ | (۲) نَجَحَ الدَّوَاءُ |
| (۳) زَلْزَلَ البُرْکَانُ الارضَ | (۳) فَرِحَ محمودٌ بالشِّفاءِ |

الف کے نیچے جو افعال (حَسُنَ، نَجَحَ، فَرِحَ) ہیں اُن میں تین تین حروف ہیں۔ ان میں کوئی حرف زاید نہیں، بلکہ سب اصلی حروف ہی ہیں۔ اس صورت کے جتنے افعال ہیں وہ ثُلاثی مجرّد کہلاتے ہیں۔

ب کے نیچے جو افعال (دَحْرَجَ، بَعْثَرَ، زَلْزَلَ) ہیں اُن میں چار چار حروف ہیں۔ ان میں کوئی حرف زاید نہیں ہے۔ اس صورت کے جتنے افعال ہیں وہ رباعی مجرد کہلاتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** فعل مجرد کی دو قسمیں ہیں:

(۱) ثُلاثی مجرّد، وہ جن میں صرف تین حروف اصلی ہوں،

(۲) رباعی مجرّد، وہ جن میں چار حروف اصلی ہوں۔

Marfat.com

## (۲) مزید فیہ

### (ا) ثُلاثی مزید فیہ

| تین حرفوں کے ساتھ | دو حرفوں کے ساتھ | ایک حرف کے ساتھ |
|---|---|---|
| (۱) إِسْتَغْفَرَ | (۱) إِنْقَطَعَ | (۱) أَخْرَجَ |
| (۲) إِخْشَوْشَنَ | (۲) إِجْتَمَعَ | (۲) قَابَلَ |
| (۳) إِجْلَوَّذَ | (۳) إِخْضَرَّ | (۳) عَلَّمَ |
| (۴) إِخْضَارَّ | (۴) تَقَابَلَ | |
| | (۵) تَعَلَّمَ | |

اوپر کے افعال میں تین حروف تو اصلی ہیں اور باقی زاید؛ مثلاً: فعل أَخْرَجَ کو لو۔ اس کی اصل تو خَرَجَ ہے؛ اس کے علاوہ جو ہمزہ اس میں ہے وہ زاید ہے۔ فعل إِنْقَطَعَ کی اصل قَطَعَ ہے اور دو حروف، ہمزہ اور نون، اس میں زاید ہیں۔ فعل إِسْتَغْفَرَ کی اصل غَفَرَ ہے اور تین حروف، ہمزہ، س اور ت، اس میں زاید ہیں۔ اسی طرح باقی افعال کو قیاس کر لو۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا:

**قاعدہ:** فعل ثُلاثی میں اگر ایک، یا دو، یا تین حروف زاید ہوں، تو وہ ثُلاثی مزید فیہ کہلاتے ہیں۔

### (ب) رباعی مزید فیہ

| دو حرفوں کے ساتھ | ایک حرف کے ساتھ |
|---|---|
| (۱) إِطْمَأَنَّ الْمَرِيْضُ | (۱) تَدَحْرَجَتِ الْكُرَةُ |
| (۲) إِحْرَنْجَمَتِ الْإِبِلُ | |

Marfat.com

فعل تَدَحرَجَ کے حروف اصلی چار ہیں اور ایک حرف (ت) زاید ہے۔ افعال اِطمَأَنَّ ، اِحرَنجَمَ ، میں حروف اصلی چار ہیں اور دو دو حروف زاید ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** اگر فعل رباعی میں ایک یا دو حروف زاید ہوں، تو وہ رباعی مَزِید فِیہِ کہلاتے ہیں۔

---

## مشق

نیچے کے جملوں میں افعال مجرّد، مزید اور حروف زایدہ بتارو:-

(۱) دَاعَبَتِ الأُمُّ طِفلَهَا
(۲) نَسَّقَ البُستَانِيُّ الأَزهَارَ
(۳) زَخرَفتُ الدَّارَ اِكرَامًا لِلضُّيُوفِ
(۴) اَثنَى النَّاظِرُ عَلَى المُجِدِّينَ
(۵) فَرِحَ التِّلمِيذُ بِجَائِزَتِهِ
(۶) اَجَادَ الصَّانِعُ عَمَلَهُ
(۷) تَأَلَّمَ الجَرِيحُ مِن جُرحِهِ
(۸) اِنقَادَ الجَمَلُ لِلطِّفلِ
(۹) اِقشَعَرَّ القِطُّ مِنَ البَردِ
(۱۰) اِستَعصَى الدَّاءُ فَعَزَّ الدَّوَاءُ
(۱۱) اِتَّعَظَ العَاقِلُ بِغَيرِهِ
(۱۲) تَبَرقَعَتِ الفَتَاةُ اهتِدَاءً بِأُمِّهَا

Marfat.com

# سبق ۲۸

## اِسمِ فاعل

---

| ب | الف |
|---|---|
| (۱) الحِصانُ مُسْرِعٌ | (۱) القمرُ طالِعٌ |
| گھوڑا تیز ہے | چاند نکلا ہوا ہے |
| (۲) الجُندِیُّ مُعتَدِلٌ | (۲) القارِبُ سائِرٌ |
| سپاہی درمیانہ قد کا ہے | کشتی چل رہی ہے |
| (۳) شَعرُ المحمُودِ مُسترسِلٌ | (۳) الملاّحُ جالسٌ |
| محمود کے بال چھٹے ہوئے ہیں۔ | ملّاح بیٹھا ہوا ہے |

---

جب ہم اَکل (کھانا) کا کام کرنے والے کو کسی اسم کے ذریعے سے بیان کرنا چاہتے ہیں، تو آکِلٌ کہتے ہیں۔ اسی طرح پینے والے کو شارِبٌ کہتے ہیں۔ تمام اسماء، جو کسی فعل کے کرنے والے پر دلالت کریں، اِسمِ فاعل کہلاتے ہیں۔

(۱) الف کی مثالوں میں کلمات طالِعٌ، سائِرٌ، جالِسٌ ایسے اسماء ہیں، جو طُلُوع، سَیر اور جلوس کے فاعل کے نام ہیں، اس لیے اسم فاعل کہلاتے ہیں ان کلمات کے افعال، یعنی طَلَعَ، سارَ اور جَلَسَ تین تین حرفوں سے بنے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ فعل ثُلاثی کا اِسم فاعل، فاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔

(۲) ب کے نیچے کی مثالوں میں اِسم فاعل مُسْرِعٌ، اور مُسْتَرسِلٌ

Marfat.com

ثلاثی مزید فیہ کے افعال أَسْرَعَ، اِعْتَدَلَ اور اِسْتَرْسَلَ سے نکلے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ثلاثی مجرد افعال کے علاوہ دوسرے افعال سے اسم فاعل، مضارع کے وزن پر اس طرح آتا ہے کہ حرف علامت مضارع کی جگہ میم مضموم آجاتا ہے اور ماقبلِ آخر مکسور ہو جاتا ہے ؛ جیسے : اسم فاعل "مُرْسِلٌ" کا مضارع "یُرْسِلُ"۔ یہی حالت "مُعْتَدِلٌ" اور "مُسْتَرْسِلٌ" کی ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ :

**قاعدہ :** اسم فاعل اگر فعل ثلاثی مجرد ہو، تو فاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے، اگر فعل ثلاثی مزید فیہ، یا رُباعی ہو، تو مضارع کے وزن پر اس طرح آتا ہے کہ علامت مضارع کی جگہ میم مضموم آتی ہے اور ماقبلِ آخر مکسور ہو جاتا ہے۔

---

## مشق ۱

نیچے کی عبارت میں اسم فاعل بتلا دو :

يَجِبُ عَلَى الرَّجُلِ الْحَازِمِ اَنْ يَكُوْنَ مُغْضِيًا عَنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهٖ، مُسَالِمًا لِاِخْوَانِهٖ، صَادِقًا فِيْ وُدِّهٖ، مُخْلِصًا لِمُعَاشِرِيْهِ، مُقْبِلًا عَلَيْهِمْ اِذَا كَانَ الزَّمَانُ مُدْبِرًا مُسْتَذْكِرًا مَنْ نَسِيَهٗ وَاصِلًا مَنْ هَجَرَهٗ۔

## مشق ۲

نیچے کے جملوں میں اسماء فاعل اور اُن کے حروف اور افعال بتلا دو :

(۱) اَلرِّيَاضَةُ مُفِيْدَةٌ (۲) اَلسِّكِّيْنُ حَادٌّ

کسرت مفید ہے — چھری تیز ہے



Marfat.com

(۳) اَلْاَخَوَانُ مُتَشَابِهَانِ
دونوں بھائیوں کی صورتیں ملتی ہیں

(۴) اَلْفَلَّاحُ قَانِعٌ
کسان قناعت کرنے والا ہے۔

(۵) اَلْاُمَّةُ مُتَّحِدَةٌ
قوم میں ایکا ہے

(۶) اَلْغُبَارُ ثَائِرٌ
غبار اوپر کو اٹھنے والا ہے

(۵) اَلْاَخَوَاتُ مُتَّفِقَاتٌ
بہنیں متفق ہیں

(۸) اَلْمَرِيْضُ مُسْتَرِيْحٌ
مریض آرام کرنے والا ہے

(۹) اَلْحِرْبَاءُ مُتَلَوِّنَةٌ
گرگٹ رنگ بدلنے والا ہے

(۱۰) الصُّنَّاعُ مَاهِرُوْن
سب کاری گر ماہر ہیں

(۱۱) اَلْقَاضِيْ عَادِلٌ
قاضی عدل کرنے والا ہے

(۱۲) الْهَوَاءُ مُنْعِشٌ
ہوا تیز ہونے والی ہے

Marfat.com

# سبق ۲۹

## الف الوصل اور ہمزۃ القطع

(۱)

### الف الوصل

| افعال میں | اسماء میں | حروف میں |
| --- | --- | --- |
| (۱) قَدِ اجْتَمَعَ التَّلَامِيْذُ<br>(۲) هَلِ اسْتَخْرَجْتَ الْكِتَابَ ؟<br>(۳) تَأَمَّلْ وَانْتَبِهْ<br>(۴) قُلِ الصِّدْقَ وَاسْتَمْسِكْ بِهِ<br>۵ { اِحْفَظْ مَالَكَ<br>اُصْدُقْ فِي حَدِيْثِكَ | (۱) يَسُرُّنِي اجْتِمَاعُنَا<br>(۲) لَا نَتَأَخَّرُ عَنِ اسْتِخْرَاجِ الْكِتَابِ<br><br>اِبْن . اِبْنَة . اِبْنَم .<br>اِمْرِئ . اِمْرَاَة . اِسْم<br>اِسْت . اَيْمُن . اِثْنَانِ<br>اِثْنَتَانِ | اَلْ |

جو الف اپنے ماقبل کے ساتھ ملنے میں گر جاوے اور شروع کلام کے سوا ر نہ بولا جاوے، وہ الف الوصل کہلاتا ہے ؛ مثلاً : اِجْتَمَعَ کا الف جب دوسرے کلمے کے ساتھ ملایا جاوے ؛ جیسے قَدِ اجْتَمَعَ التَّلَامِيْذُ میں تو الف نہیں بولا جاوے گا اور قد کی دال کے نیچے زیر آ کر اِجْتَمَعَ کی جیم ساکن سے مل جاوے گی اور الف حذف ہو جاوے گا۔

Marfat.com

جو مثالیں اوپر دی گئی ہیں اُن پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ :

(۱) معرفہ کے ال کا الف ؛ جیسے: اَبُوْ اْلُوَزِیْرِ میں ال کا الف ۔

(۲) ثلاثی مجرد کے امر کا الف ؛ جیسے: قَالَ اُکْتُبْ ۔

(۳) الف الوصل میں افعال میں پانچ حرف کی ماضی کے ساتھ ؛ جیسے: اِجْتَمَعَ ؛ چھ حرف کی ماضی کے ساتھ ؛ جیسے: اِسْتَخْرَجَ ؛ پانچ حرف کے امر کے ساتھ ؛ جیسے: اِنْتَبِہْ ؛ چھ حرف کے امر کے ساتھ ؛ جیسے: اِسْتَمْسِكْ ؛ اور تین حرف کے امر کے ساتھ ؛ جیسے: اِحْفَظْ ، اُصْدُقْ آسکتا ہے ۔

(۴) الف الوصل اسماء میں پانچ یا چھ حرف کے مصدر کے ساتھ آسکتا ہے ؛ جیسے: اِجْتِمَاع اور اِسْتِخْرَاج ۔ اس کے علاوہ یہ الف قیاسی افعال اور مصادر کے ساتھ اور اُن دس سماعی اسماء کے ساتھ بھی آسکتا ہے، جو اِبْن سے اِثْنَتَان تک اوپر کی مثالوں میں دیے گئے ہیں ۔

(۵) ان متذکرہ بالا لفظوں ، یعنی اِبْن سے اِثْنَتَان تک ، کا ابتدائی الف بولا جاتا ہے ۔

اوپر کی مثالوں کو دیکھو تو معلوم ہوگا کہ الف الوصل شروع کلام میں مکسور آتا ہے ، مگر اَلْ اور اَیْمُنُ میں مفتوح ہوتا ہے ۔ جس فعل امر کا ماقبل آخر مضموم ہوتا ہے اُس میں یہ الف مضموم ہی آتا ہے ؛ جیسے: اُصْدُقْ ۔

---

(۲)

## ہمزۃ القطع

علاوہ اُن صورتوں کے جو اوپر بیان ہو چکی ہیں، ہر الف جو لفظ کے شروع میں ہو ہمزۃ القطع کہلاتا ہے ۔

Marfat.com

جوالف، یا ہمزہ ایسی صورتوں میں گر کر دوسرے حرف کے ساتھ ملتا ہے، اُس پر یہ علامت ( صہ ) دی جاتی ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ :** (۱) الف الوصل وہ ہے، جو کسی لفظ کا پہلا حرف ہو اور ماقبل سے ملے تو گر جاوے۔

(۲) ہمزۃ القطع وہ ہے جو اپنے ماقبل کلمے سے ملتے وقت نہیں گرتا۔

---

## مشق

نیچے کی عبارت میں الف الوصل اور ہمزۃ القطع بتلادو:

أَوْصَى بَعْضُ الْأُدَبَاءِ ابْنَهُ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ! إِذَا الْتَبَسَ عَلَيْكَ أَمْرٌ فَاسْتَعِنْ بِمَشُورَةِ امْرِئٍ عَاقِلٍ؛ وَاعْلَمْ أَنَّ الِاتِّعَاظَ بِالْغَيْرِ أَمَانٌ مِنَ الزَّلَلِ. يَا بُنَيَّ! أَكْرِمْ عِرْضَكَ وَاحْتَفِظْ بِهِ جُهْدَكَ وَاسْتَمِعْ إِرْشَادَ الْقَائِلِ

---

Marfat.com

# سبق ۳۰

## اِسمِ مفعول

| ب | الف |
| --- | --- |
| (۱) اَلْمِعْطَفُ مُعَلَّقٌ | (۱) اَلْعُصْفُوْرُ مَحْبُوْسٌ |
| کوٹ ٹنگا ہے | چڑیا قیدی ہے |
| (۲) اَللِّصُّ مُعْتَقَلٌ | (۲) اَلْکِتَابُ مَفْتُوْحٌ |
| چور قید ہے | کتاب کھلی ہے |
| (۳) اَلسَّمَكُ مُسْتَخْرَجٌ | (۳) اَللِّوَاءُ مَرْفُوْعٌ |
| مچھلی نکلے گی | جھنڈا اونچا ہے |

اگر ہم کوئی ایسا اسم لانا چاہیں، جو ایسی چیز پر دلالت کرے جس پر حَبْس کا فعل واقع ہوا ہو، تو اُسے مَحْبُوس کہیں گے؛ جس پر فَتْح کا فعل واقع ہوا ہو اُس کو مَفْتُوحٌ اور جس پر رَفْع کا فعل واقع ہوا ہو اُسے مَرْفُوعٌ کہیں گے. چوں کہ ان میں سے ہر ایک اسم اُس پر دلالت کرتا ہے جس پر کوئی فعل واقع ہوا ہے، اس لیے اُسے "اِسمِ مفعول" کہتے ہیں. اب ہم تمہیں اُس کے بنانے کی ترکیب بتاتے ہیں:

(۱) الف کے نیچے ایک اسم مفعول مَحْبُوسٌ ہے، جو مَفْعُولٌ کے وزن پر ہے. یہ فعل حَبَسَ سے بنا ہے، جو ثلاثی ہے. یہی حال مَفْتُوحٌ اور مَرْفُوعٌ کا ہے. اس سے ظاہر ہے کہ فعل ثلاثی کا اسم مفعول ہمیشہ

Marfat.com

مُفعولٌ کے وزن پر آتا ہے۔

(۲) ب کے نیچے مُعَلَّقٌ، مُعتَقَلٌ اور مُستَخرَجٌ اسم مفعول ہیں، جو ثلاثی مزید فیہ کے افعال عَلَّقَ، اِعتَقَلَ اور اِستَخرَجَ سے بنے ہیں۔ ان افعال کا اسم مفعول مضارع کے وزن پر آتا ہے۔ فرق یہ ہے کہ حرفِ علامتِ مضارع کی جگہ میم مضموم رکھی جاتی ہے، اور ماقبل آخر حرف کو فتحہ دے دیا جاتا ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** اسم مفعول وہ اسم ہے، جو لفظِ فعل سے بنایا جاتا ہے اور اُس پر دلالت کرتا ہے جس پر وہ فعل واقع ہوا ہو،

ثلاثی مجرد افعال میں یہ مفعولٌ کے وزن پر آتا ہے؛ اور غیر ثلاثی مجرد میں وزنِ مضارع پر، اس طرح کہ علامتِ مضارع کی جگہ م مضموم آتی ہے اور ماقبل آخر حرف پر فتحہ ہوتا ہے۔

## مشق ۱

نیچے کی عبارت پڑھ کر اس میں اسم مفعول بتادو۔

اَلْاِمامُ العادِلُ قِوامُ کُلِّ مائِلٍ، ونصَفَةُ کُلِّ مُستَضعَفٍ، ظِلُّہُ مَمدُودٌ، وخَیرُہُ مَقصُودٌ، مُؤتَمَنٌ عَلیٰ حقوقِ رعیتِہ، مُستَحفِظٌ علیٰ حِمَی اُمَّتِہ، قولُہ مَسمُوعٌ، ورأیُہ متبوعٌ، مُراقِبٌ لِلّٰہِ، مُؤثِرٌ لِطاعتِہ، مجاھِدٌ فی سبیلِہ۔

Marfat.com

## مشق ۲

نیچے کے جملوں میں اسم مفعول نکالو اور یہ بتاؤ کہ ان میں سے کون افعال ثلاثی سے بنا ہے اور کون غیر ثلاثی سے :-

(۱) اَلْمَغْرُوْرُ مُعْجَبٌ بِنَفْسِهٖ
مغرور آدمی اپنے آپ کو پسند کرتا ہے

(۲) اَلْعَدُوُّ مَغْلُوْبٌ عَلٰی اَمْرِهٖ
دشمن اپنے کام میں دبا رہتا ہے

(۳) کَانَ الْعَبِیْدُ مُسَخَّرِیْنَ
غلام لوگ پکڑے گئے تھے

(۴) ذُوالنِّعْمَةِ مَحْسُوْدٌ
نعمت والے سے حسد کیا جاتا ہے

(۵) اَلْمُحِقُّ مَنْصُوْرٌ، وَالْمُبْطِلُ مَخْذُوْلٌ
سچ والا فتح پاتا ہے اور جھوٹ والا چھوڑ دیا جاتا ہے

(۶) اَلْمُهْمِلُ مُعَاقَبٌ وَالْمُجِدُّ مُثَابٌ
بیکار آدمی سزا پاتا ہے اور محنت کرنے والا انعام پاتا ہے

(۷) اَلْعَدَدُ الْاَصْغَرُ مَطْرُوْحٌ
چھوٹا ہندسہ چھوڑ دیا جاتا ہے

(۸) زَمَنُ الْاِمْتِحَانِ مَحْدُوْدٌ
امتحان کا زمانہ گھرا ہوا ہے

(۹) مُبَارَاةُ الْکُرَةِ مُؤَجَّلَةٌ
گینڈ کے میچ کے لیے وقت مقرر ہے

(۱۰) اَلْمُؤْمِنُ مُصَابٌ
ایمان دار آدمی تکلیف میں ہوتا ہے۔

Marfat.com

# سبق ۳۱
## ضمیر اور اس کی قسمیں

| الف | ب | ج |
| --- | --- | --- |
| (۱) اَنَا نَاجِحٌ | (۱) اِیَّایَ تُعَلِّمُ | (۱) اَکْرَمْتُ اَخَاكَ لِاَنَّهٗ صَادِقٌ |
| میں کامیاب ہوں | تو خاص مجھ ہی کو پڑھاتا ہے | میں نے تیرے بھائی کا ادب کیا، کیوں کہ وہ سچّا ہے |
| (۲) اَنْتَ مُتَقَدِّمٌ | (۲) اِیَّاكَ نَعْبُدُ | (۲) اَلتُّجَّارُ رَبِحُوْا فِیْ تِجَارَتِهِمْ |
| تو پہلا ہے | ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں | سوداگروں نے اپنی تجارت میں نفع اٹھایا |
| (۳) هُوَ صَادِقٌ | (۳) اِیَّاهُ اَمْدَحُ | (۳) اَلشُّجَاعُ یُقْدِمُ وَالْجَبَانُ یُحْجِمُ |
| وہ سچّا ہے | میں اُسی کی تعریف کرتا ہوں | بہادر آگے بڑھتے ہیں اور بزدل ہٹ جاتے ہیں |

یہ تو تم کو معلوم ہوچکا ہے کہ ضمیر بھی اِسم معرفہ کی ایک قسم ہے اور وہ کسی خاص اور معیّن غائب، یا مخاطب، یا متکلم کی قائم مقام ہوتی ہے۔

(۱) الف کے نیچے تین ضمیریں آری ہیں: اَنَا، اَنْتَ اور هُوَ۔

پہلی ضمیر متکلم کی ہے، دوسری مخاطب کی اور تیسری غائب کی۔ ان ضمیروں کے بعد جو کلمہ آیا ہے، اُس کلمے سے یہ ضمیریں بولنے اور لکھنے میں بالکل جدا اور الگ، زبان اور قلم سے نکلتی ہیں، اسی لیے یہ ضمیریں "ضَمَائِرُ مُنْفَصِلَةٌ" (الگ الگ ضمیریں) کہلاتی ہیں۔ یہ تینوں ضمیریں مبتدا ہیں، کیوں کہ وہ شروع کلام میں آری ہیں۔

چوں کہ تمام ضمیریں مبنی ہوتی ہیں، اس لیے وہ حالت رفع میں ہوتی ہیں۔

(۲) ب کے نیچے بھی تین ضمیریں ہیں: اِیَّایَ، اِیَّاكَ اور اِیَّاهُ۔ یہ بھی

Marfat.com

پہلی متکلم کی ہے، دوسری مخاطب کی، تیسری غائب کی۔ ان سب کے منفصل ہونے کا بھی وہی سبب ہے، جو الف کے متعلق اوپر بیان ہو چکا ہے، گو کہ یؔ، كَؔ اور ہٗؔ کی ضمیریں ان فقروں میں فعل سے پہلے ہیں، مگر ان کی اصلی جگہ فعل کے بعد ہے، کیوں کہ یہ سب مفعول ہیں۔ مفعول ہونے کے سبب سے یہ تینوں ضمیریں حالت نصب میں ہیں۔

تمام ضمائر منفصلہ ہمیشہ رفع یا نصب کے موقعوں پر آتی ہیں، جیسا کہ تم اوپر دیکھ چکے ہو۔ یہ جر کے موقعے پر نہیں آیا کرتیں۔

(۳) ج کے نیچے جو مثالیں آ رہی ہیں اُن میں اَکْرَمْتُ میں تُ، اَخاكَ میں كَ، لِاَنَّهٗ میں ہٗ، سَرِ بِحُوْا میں واو اور تِجَارَتِهِمْ میں هِمْ، سب ضمیریں بولنے اور لکھنے میں اپنے اپنے کلمے کے ساتھ ملی ہوئی ہیں، اس لیے "ضمائر متصلہ" (ملی ہوئی ضمیریں) کہلاتی ہیں۔ ضمائر متصلہ کبھی رفع کے موقعے پر ہوتی ہیں؛ جیسے: اَکْرَمْتُ کی تُ، کیوں کہ وہ فاعل واقع ہوئی ہیں؛ کبھی نصب کے موقعے پر؛ جیسے: لِاَنَّهٗ کی ہ، کیوں کہ وہ (یعنی ہ) اَنَّ کی اسم واقع ہوئی ہے؛ کبھی جر کے موقعے پر، جیسے: اَخاكَ میں كَ، کیوں کہ وہ مضاف الیہ ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ضمائر متصلہ، رفع، یا نصب، یا جر کے موقعوں پر آ سکتی ہیں۔

اب اسی ج کی تیسری مثال کو دیکھو۔ اس میں ایک فعل یُقْدِمُ ہے کہ اُس کا کوئی فاعل ظاہر نہیں ہے۔ اگر غور کرو گے تو معلوم ہوگا کہ اُس کا فاعل وہ ضمیر ہے، جو مُسْتَتِرْ (چھپی ہوئی) ہے۔ وہ ضمیر کیا ہے؟ هُوَ، جو شجاع کی طرف راجع ہوتی ہے۔ اب فعل یُحْجِمُ کو دیکھو۔ اس کا فاعل بھی ضمیر مُسْتَتِرْ ہے۔ وہ ضمیر بھی هُوَ ہی ہے، جو جُبان کی طرف راجع ہوتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ضمیر یا تو ایسی ہوگی جو بولی جاتی ہو، جس کو ضمیر بارِز (ظاہر) کہتے ہیں؛ جیسے:

Marfat.com

انا خارجٌ یا اِیّاکَ اکرمتُ ہیں ؛ یا ایسی ہوگی، جو بولی نہ جاتی ہو، جس کو ضمیر مُستَتر کہتے ہیں ۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ :

**قاعدہ :** (الف) ضمیر ایک اسم ہے، جو متکلم، یا مخاطب، یا غائب کی قائم مقام ہوتی ہے ۔ اُس کی کئی قسمیں ہیں :

(ب) ایک ضمیر بارِز (ظاہر) ہوتی ہے اور دوسری مُستَتر (پوشیدہ)

(ج) ہر ضمیر بارز یا تو لکھنے اور بولنے میں اصل کلمے سے الگ ہوگی، جس کو "ضمیر منفصل" کہتے ہیں ؛ یا کلمے کے ساتھ ملی ہوئی ہوگی، جس کو "ضمیر متصل" کہتے ہیں ۔

(د) ضمائر منفصلہ یا تو رفع کے موقعے پر آتی ہیں، یا نصب کے موقعے پر ؛ جر کے موقعے پر نہیں آتیں ۔ ضمائر متصلہ رفع، نصب اور جر تینوں موقعوں پر آتی ہیں ۔

---

## مشق

نیچے کے جُملوں میں بتلاؤ کہ ضمائر منفصلہ اور ضمائر متصلہ کون کون سی ہیں :

(۱) سَمِعْتُ اَخِی وَھُوَ یَقْرَأُ
میں نے اپنے بھائی کو سُنا اور وہ پڑھ رہا تھا

(۲) اَنْتُنَّ اُمَّھَاتُ الْمستقبلِ
تم سب (لڑکیاں) آیندہ کی مائیں ہو

(۳) نَحْنُ نُکْرِمُ ضَیْفَنَا
ہم اپنے مہمان کا ادب کرتے ہیں

(۴) ھُمَا یَلْعَبَانِ فِی الْحَدِیْقَۃِ
وہ دونوں پھلواری میں کھیل رہے ہیں

(۵) اَلْمُعَلِّمَاتُ یُھَذِّبْنَ التِّلْمِیْذَاتِ
معلم عورتیں شاگرد لڑکیوں کو مہذب بناتی ہیں

(۶) اَلْجُنُوْدُ یَمْشُوْنَ مَثْنٰی
سپاہی دو دو ہو کر چل رہے ہیں

---

Marfat.com

نیچے کے جملوں میں ضمائر مستترہ کو پہچانو :

(۱) اِنِّیْ اَقُوْمُ بِوَاجِبِیْ
میں اپنے واجب کے واسطے کھڑا ہوا ہوں

(۲) لِتُنْجِزْ عَمَلَكَ
اپنے کام ضرور پورا کر

(۳) اَلذِّئْبُ يَعْوِیْ
بھیڑیا بول رہا ہے

(۴) لَا تُخَالِفْ آبَاكَ
اپنے باپ کی مخالفت نہ کر

(۵) اَلزَّهْرَةُ ذَبُلَتْ
کلی کمھلا گئی

(۶) تُحِبُّ وَطَنَنَا
ہمارے (اپنے) وطن سے محبت کر

---

نیچے کے جملوں میں فاعل ظاہر کو ضمیر مستتر کر دو :

(۱) تُسْرِعُ السَّيَّارَةُ
ہواری جہاز تیز چل رہا ہے

(۲) لَنْ يَتَأَخَّرَ الْقِطَارُ
ریل ہرگز دیر نہیں کرے گی

(۳) يَسْقُطُ الْمَطَرُ
بارش بند ہو جائے گی

(۴) هَبَّتِ الرِّيَاحُ
ہوائیں چلیں

(۵) لَمْ تَحْضُرِ الْغَائِبَةُ
غائب عورت نہیں حاضر ہوئی

(۶) لَا يَنْجَحُ الْمُهْمِلُ
بیہودہ بات کرنے والا کامیاب نہیں ہوتا

---

نیچے کی حکایت میں ضمائر مستترہ کو پہچانو ۔

دَخَلَ وَلَدٌ بُسْتَانًا ۔ قُطُوفُهُ دَانِيَةٌ وَأَزْهَارُهَا نَاضِرَةٌ ۔

ایک لڑکا باغ میں داخل ہوا اُس کے انگور پکے ہوئے تھے اور اُس کی کلیاں تازہ تھیں ۔

فَقَضَى بِهِ سَاعَةً ؛ وَلَمَّا هَمَّ بِالْخُرُوجِ قَابَلَهُ الْبُسْتَانِيُّ ۔

پس وہ تھوڑی دیر وہاں ٹھیرا ، اور جب وہاں سے نکلنے کا ارادہ کیا تو باغ والا سامنے آیا

Marfat.com

فَقَالَ لَهُ. "يَا بُنَيَّ! لِمَ لَمْ تَقْطِفْ بَعْضَ الأَزْهَارِ،
اُس نے اُس سے کہا کہ: اے میرے بیٹے! تو نے کچھ کلیاں کیوں نہ توڑ لیں
وَلَمْ يَكُنْ مَعَكَ اَحَدٌ"؟ فَاَجَابَهُ الْوَلَدُ: "يَا سَيِّدِي!
اور تیرے ساتھ کوئی بھی نہ تھا؟" لڑکے نے اُس کو جواب دیا: "اے میرے سردار!
اِنَّ ضَمِيْرِي يُرَاقِبُنِي وَاَخَافُ اَنْ اَرْتَكِبَ الْقَبِيْحَ اَمَامَهُ"
میرا ضمیر (دل) دیکھ رہا تھا اور میں ڈرتا تھا کہ اُس کے سامنے بُرا کام کروں"

---

# سبق ۳۲

## ضمیریں

| غائب کی ضمیریں | | | | |
|---|---|---|---|---|
| منفصل | | متصل | | صیغے |
| بحالت رفع | بحالت نصب | بحالت رفع | بحالت رفع و جر | |
| هُوَ وہ (ایک) مرد | اِيَّاهُ | كَتَبَ | عَلَّمَهُ اَخُوهُ | واحد مذکر |
| هُمَا وہ (دو) مرد | اِيَّاهُمَا | كَتَبَا | عَلَّمَهُمَا اَخُوهُمَا | تثنیہ مذکر |
| هُمْ وہ (سب) مرد | اِيَّاهُمْ | كَتَبُوا | عَلَّمَهُمْ اَخُوهُمْ | جمع مذکر |
| هِيَ وہ (ایک) عورت | اِيَّاهَا | كَتَبَتْ | عَلَّمَهَا اَخُوهَا | واحد مؤنث |
| هُمَا وہ (دو) عورتیں | اِيَّاهُمَا | كَتَبَتَا | عَلَّمَهُمَا اَخُوهُمَا | تثنیہ مؤنث |
| هُنَّ وہ (سب) عورتیں | اِيَّاهُنَّ | كَتَبْنَ | عَلَّمَهُنَّ اَخُوهُنَّ | جمع مؤنث |

Marfat.com

| مخاطب یا حاضر کی ضمیریں | | | | |
|---|---|---|---|---|
| منفصل | | متصل | | صیغے |
| بحالت رفع | بحالت نصب | بحالت رفع | بحالت نصب | |
| اَنْتَ<br>تو (ایک) مرد | إِيَّاكَ | كَتَبْتَ | عَلَّمَكَ اَخُوكَ | واحد مذکر |
| اَنْتُمَا<br>تم (دو) مرد | إِيَّاكُمَا | كَتَبْتُمَا | عَلَّمَكُمَا اَخُوكُمَا | تثنیہ مذکر |
| اَنْتُمْ<br>تم (سب) مرد | إِيَّاكُمْ | كَتَبْتُمْ | عَلَّمَكُمْ اَخُوكُمْ | جمع مذکر |
| اَنْتِ<br>تو (ایک) عورت | إِيَّاكِ | كَتَبْتِ | عَلَّمَكِ اَخُوكِ | واحد مؤنث |
| اَنْتُمَا<br>تم (دو) عورتیں | إِيَّاكُمَا | كَتَبْتُمَا | عَلَّمَكُمَا اَخُوكُمَا | تثنیہ مؤنث |
| اَنْتُنَّ<br>تم (سب) عورتیں | إِيَّاكُنَّ | كَتَبْتُنَّ | عَلَّمَكُنَّ اَخُوكُنَّ | جمع مؤنث |

---

| متکلم کی ضمیریں | | | | |
|---|---|---|---|---|
| منفصل | | متصل | | صیغے |
| بحالت رفع | بحالت نصب | بحالت رفع | بحالت نصب | |
| اَنَا | إِيَّایَ | كَتَبْتُ | عَلَّمَنِی اَخِی | واحد مذکر و مؤنث |
| نَحْنُ | إِيَّانَا | كَتَبْنَا | عَلَّمَنَا اَخُونَا | تثنیہ و جمع مذکر مؤنث |

Marfat.com

جو ضمائر ہم نے اوپر لکھی ہیں اُن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ:

(۱) رفع کی منفصلہ ضمیریں بارہ ہیں: ان میں سے پانچ غائب کی ہیں، پانچ مخاطب کی اور دو متکلم کی۔

(۲) نصب کی منفصلہ ضمیریں بھی بارہ ہیں: ان میں سے پانچ غائب کی ہیں، پانچ مخاطب کی اور دو متکلم کی۔ یوں منفصلہ ضمیریں گنتی میں چوبیس ۲۴ ہوئیں۔

(۳) متصلہ ضمیریں رفع کے لیے کُل پانچ ہیں؛ یعنی تَ [۱]، الفؔ [۲]، واوؔ [۳]، نَ [۴] اور یؔ [۵]۔ جو ضمیریں نصب اور جر کے لیے آتی ہیں وہ تین ہیں: یعنی کَ [۱]، یؔ [۲] اور ہٗ [۳]۔ جو ضمیر متصل رفع، نصب اور جر کے لیے آتی ہے، وہ صرف ایک ہے؛ یعنی نا۔ یوں متصلہ ضمیریں گنتی میں نو ۹ ہوئیں:

متصلہ ضمیروں کی جو مثالیں اوپر لکھی گئی ہیں، اُن کو تم آسانی سے پہچان لوگے۔ اب رہ گئیں منفصلہ ضمیریں، اُن کو استعمال کرلینا کچھ مشکل نہیں ہے۔ رفع کی ضمیروں میں سے کوئی ضمیر لے لو اور اُن کو مبتدا بنالو۔ اس طرح تم کہہ سکتے ہو کہ "اَنَا مُجْتَهِدٌ" اور "نَحْنُ مُجْتَهِدُوْنَ" بس یوں ہی بناتے چلے جاؤ۔ رہ گئیں نصب کی ضمیریں، اُن میں سے کوئی سی ضمیر لو اور اُس کو مفعول بنالو۔ یوں تم کہہ سکتے ہو کہ "اِیَّاكَ اَكْرَمْتُ" اور "اِیَّاكُمْ اُعَلِّمُ"۔ اور یوں ہی اور بناتے چلے جاؤ۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (۱) رفع کے لیے منفصلہ ضمیریں بارہ ہیں یعنی:

غائب کے لیے، هُوَ [۱]، هِيَ [۲]، هُمَا [۳]، هُمْ [۴] اور هُنَّ [۵]،

مخاطب کے لیے، اَنْتَ [۶]، اَنْتِ [۷]، اَنْتُمَا [۸]، اَنْتُمْ [۹] اور اَنْتُنَّ [۱۰]

متکلم کے لیے اَنَا [۱۱] اور نَحْنُ [۱۲]

Marfat.com

(۲) نصب کی منفصلہ ضمیریں بھی، بارہ ہیں؛ یعنی:
غائب کے لیے۔ اِیَّاہُ، اِیَّاھُمَا، اِیَّاھُمْ اور اِیَّاھُنَّ
مخاطب کے لیے۔ اِیَّاکَ، اِیَّاکِ، اِیَّاکُمَا، اِیَّاکُمْ اور اِیَّاکُنَّ
متکلم کے لیے۔ اِیَّایَ اور اِیَّانَا۔

(۳) رفع کے لیے پانچ ضمائر متصلہ ہیں؛ یعنی:
(۱) واحد مخاطب اور واحد متکلم کے لیے تَ
(۲) تثنیہ کے لیے الف
(۳) جمع مذکر کے لیے واو
(۴) جمع مؤنث کے لیے نون
(۵) مخاطب مؤنث کے لیے یْ

(۴) ضمیر متصل واحد رفع، نصب اور جر کے لیے صرف ایک ہے؛ یعنی نا۔

---

## مشق

نیچے کے جملوں میں وہ ضمائر بتلاؤ جو رفع کے لیے مخصوص ہیں، جو نصب کے لیے مخصوص ہیں اور وہ ضمائر بتلاؤ جو نصب اور جر دونوں کے لیے اور رفع، نصب اور جر، تینوں کے لیے آتی ہیں:

(۱) اَلْاِنْسَانُ حَیَوَانٌ مُفْتَرِسٌ
شیر درندہ جانور ہے

(۲) اَلْفَلَّاحُوْنَ هُمْ عِمَادُ الْاُمَّةِ
کاشتکار (گویا) قوم کے ستون ہیں

(۳) اَلْفَتَیَاتُ یَسُقْنَ السَّیَّارَاتِ
لڑکیاں ہوائی جہاز چلاتی ہیں

(۴) مَا کَافَأْتُ اِلَّا اِیَّاكِ
میں نے تجھ ہی کو بدلہ دیا ہے

Marfat.com

(۵) اَلْهِنْدِ یُوْنَ اَقْبَلُوْا عَلَى التَّعْلِيْمِ
ہندوستانیوں نے سیکھنا شروع کر دیا

(۶) اَطِيْعَا نَصِيْحَةَ اَبِيْكُمَا
تم (دونوں) اپنے باپ کی نصیحت کو مانو

(۷) لَعَلَّكَ تَبْرَأُ مِنْ مَرَضِكَ
تو عن قریب اپنی بیماری سے اچھا ہو جاوے گا

(۸) اِيَّاكُمْ عَظَّمْنَا
ہم نے تمہاری ہی بڑائی کی

(۹) يَسُرُّنِىْ اَنْ أَرىٰ اَبِيْ
یہ بات مجھے خوش کرتی ہے کہ میں اپنے باپ کو دیکھوں گا

(۱۰) هُمَا يَتَسَابِقَانِ فِى الْحَدِيْقَةِ
وہ (دونوں) چمن میں دوڑنے میں مقابلہ کر رہے ہیں

(۱۱) كُنْتُمْ تَسْبَحُوْنَ فِى النَّهْرِ
تم (سب) نہر میں تیر رہے تھے

(۱۲) اُصْدُقُوْا فِىْ اَقْوَالِكُمْ
اپنی باتوں میں سچ بولو

---

نیچے کے دو جملوں میں ضمیر واحد مؤنث، تثنیہ اور جمع کا استعمال کرکے دکھلاؤ:

اَنْتَ نَجَحْتَ فِى الْاِمْتِحَانِ
تو امتحان میں کامیاب ہو لیا

اِيَّاكَ يُعَاقِبُ الْمُعَلِّمُ
تجھ ہی کو استاد سزا دیتا ہے

---

نیچے کے دو جملوں میں واحد، تثنیہ اور جمع کی ضمیریں بتلا دو:

(۱) هُوَ يُنْجِزُ الْوَعْدَ
وہ وعدہ پورا کرے گا

(۲) اِيَّاهُ يَقْصِدُ الْبَائِسُ
فقیر اسی کے پاس جاتا ہے

---

نیچے کے جملوں میں ضمائر منفصلہ کو ضمائر متصلہ میں بدل دو:

(۱) اِيَّاكَ سَمِعْتُ
میں نے تجھ ہی کو سنا

(۲) اِيَّاكُنَّ اَقْصِدُ
میں تم ہی سب (عورتوں) کے پاس جاؤں گا



Marfat.com

(۳) إِيَّاهَا عَرَفْتُ

اُسی عورت کو میں نے پہچانا

(۴) إِيَّاهُمْ أَسْأَلُ

میں اُن ہی سے پوچھتا ہوں

(۵) إِيَّانَا يُكْرِمُ الْمُعَلِّمُ

اُستاد ہماری ہی عزّت کرتا ہے

(۶) إِيَّايَ يَمْدَحُ النَّاظِرُ

دیکھنے والا میری ہی تعریف کرتا ہے

---

نیچے کے جملوں میں ضمائر نصب متصلہ کو منفصلہ میں بدل دو:

(۱) هَجَرَكَ الصَّدِيقُ

دوست نے تجھے چھوڑ دیا

(۲) يُنَادِيكُمُ الضَّابِطُ

افسر تم سب کو بُلاتا ہے

(۳) يُكَافِئُنِي الْمُعَلِّمُ

معلّم مجھے سزا دے گا

(۴) تُحِبُّكُنَّ الْمُعَلِّمَةُ

اُستانی تم سب (لڑکیوں) سے محبت کرتی ہے

---

نیچے لکھی ہوئی بات اپنی چھوٹی بہن، دونوں بھائیوں، سب بھائیوں اور اپنی سب بہنوں کو الگ الگ لکھ دو:

"اِحْتَرِمْ أُمَّكَ وَلَا تُخَالِفْ قَوْلَهَا وَإِيَّاكَ أَنْ تَسْخَرَ مِنْهَا۔

اپنی ماں کا ادب کرو اور اُس کے کہے کی مخالفت نہ کرو اور خبردار اُس سے ہنسی نہ کر۔

---

Marfat.com

# سبق ۳۳

## نکرہ اور معرفہ

**(الف) نکرہ**

(۱) جَلَسْتُ فِی حَدِیْقَةٍ أَقْرَأُ فِی کِتَابٍ

میں پھلواری میں بیٹھا کتاب پڑھتا رہا

(۲) رَأَیْتُ رَجُلاً قَطَفَ زَهْرَةً مِن شَجَرَةٍ

میں نے ایک آدمی کو درخت سے کلیاں توڑتا ہوا دیکھا

**(ب) معرفہ**

| جملہ | قسم معرفہ |
|---|---|
| (۱) أَنَا وَأَنْتَ وَهُوَ أَصْدِقَاءُ<br>میں اور تو اور وہ دوست ہیں | ضمیر |
| (۲) طَارِقٌ وَحَسَّانٌ أَخَوَانِ<br>طارق اور حسان بھائی بھائی ہیں | علم |
| (۳) هٰذَا التِّلْمِیْذُ نَبِیْهٌ<br>یہ شاگرد ہوشیار ہے | اسم اشارہ |
| (۴) اَلَّذِی زَارَنِی طَبِیْبٌ<br>جو شخص مجھ سے ملا طبیب تھا | اسم موصول |
| (۵) اَلطَّبِیْبُ قَدْ حَضَرَ<br>طبیب حاضر ہو گیا | مُعرّف بہ اَلْ |
| (۶) صَدِیْقُكَ صَاحِبُ الْكِتَابِ<br>تیرا دوست کتاب والا ہے | معرّف بہ اضافت |
| (۷) یَا شُرْطِیُّ! دُلَّنِی عَلَى الطَّرِیْقِ<br>اے پولیس والے! مجھے راستہ بتا۔ | مُعرّف بہ ندا |

Marfat.com

(۱) الف کے نیچے جو مثالیں ہیں اُن میں حَدِیقہ، کتاب، زہرہ، شجرہ نکرہ کی مثالیں ہیں، کیوں کہ وہ کسی مُعیّن چیز کے نام نہیں ہیں، مثلاً: حدیقہ سیکڑوں ہزاروں ہو سکتے ہیں۔ یہ نہیں کہہ سکتے کہ کہنے والے کا مقصد کس حدیقہ سے ہے۔ یہی حال اور کلموں کا ہے۔ یہ اور اسی قسم کے تمام کلمے، جو کسی معیّن چیز کے لیے نہ بولے جاویں، اسماءِ نکرہ کہلاتے ہیں۔

(۲) ب کی پہلی ہی مثال میں انا، انت، ھو، متکلم، مخاطب اور غائب اسماء کے قائم مقام ہیں۔ چون کہ یہ ایک خاص اور مُعیّن لوگوں کے لیے استعمال ہوے ہیں، اس لیے وہ اِسم معرفہ ہیں۔ اس قسم کے تمام اسماءِ ضمیر کہلاتے ہیں۔

دوسری مثال میں طارق اور حسّان خاص مُعیّن آدمیوں کے نام ہیں۔ اس قِسم کے اسماءِ عَلَم کہلاتے ہیں۔

تیسری مثال میں ھٰذا اسم ہے، جو ایک خاص مُعیّن چیز کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ ایسے اسم کو "اسم اشارہ" کہتے ہیں۔

چوتھی مثال میں الَّذی بھی اسم ہے۔ اس کے معنی اُس وقت تک نہیں معلوم ہو سکتے جب تک دوسرا جملہ اُس کے ساتھ نہ لگایا جائے۔ اس مثال میں زارنی وہ دوسرا جملہ ہے، جس نے الّذی کے معنی ظاہر کیے۔ اس قسم کے اِسم کو "اِسم موصول" کہتے ہیں۔

پانچویں مثال میں ایک اِسم طبیب ہے اور اُس پر اَلْ داخل ہے۔ اس اَلْ نے آکر طبیب کو مُعیّن کر دیا؛ یعنی ایک خاص طبیب۔ اگر یہ اَلْ نہ ہوتا، تو ظاہر ہے کہ "طبیب" نکرہ ہوتا؛ کیوں کہ طبیب تو ہزاروں ہو سکتے ہیں۔ اس قسم کے اسماء کو "مُعَرَّف بِاَلْ یا مُعَرَّف بِاللّام"

Marfat.com

کہتے ہیں، یعنی اَلْ یا لام لگا کر معرفہ بنایا ہوا. اگر ایسے اسماء پر اَلْ داخل نہ ہو، تو وہ نکرہ ہوتے ہیں۔

چھٹی مثال میں دو اسم ہیں: صَدِیْق اور صاحِب. صدیق کے ساتھ ضمیر مخاطب ہے اور صاحب مُعَرَّف بِاَل ہے. اسی لیے یہ دونوں معرفہ ہو گئے، ورنہ نکرہ ہی تھے. اگر اِسم نکرہ کو کسی اسم معرفہ سے مضاف کر دیا جاوے، تو وہ نکرہ بھی معرفہ بن جاتا ہے. اس قسم کے اسموں کو مُعَرَّف بِالْاِضافَة کہتے ہیں۔

ساتویں مثال میں ایک اسم شُرْطِی ہے. اس کے پہلے حرف ندا، یعنی یا، ہے. اس حرف ندا نے شُرْطِی کو مُعیّن اور مخصوص کر دیا، ورنہ وہ نکرہ ہی تھا. اس قسم کے اِسموں کو "مُعَرَّف بِالنِّداء" کہتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (۱) اِسم کی ایک قسم نکرہ اور معرفہ ہے. نکرہ اُس اِسم کو کہتے ہیں، جو کسی خاص مُعیّن چیز کو نہ بتلاوے؛ اور معرفہ وہ ہے، جس سے کوئی خاص مُعیّن چیز سمجھی جاوے۔

(۲) معرفہ کی سات قسمیں ہیں: ضمیر، عَلَم، اِسم اشارہ، اسم موصول، مُعَرَّف بِاَل، مُعَرَّف بِالْاِضافَة اور مُعَرَّف بِالنِّداء۔

## مشق

نیچے کے جُملوں میں نکرہ اور معرفہ بتلاؤ اور یہ بھی بتلاؤ کہ وہ سات قِسموں میں کس قسم کے معرفہ ہیں:

(۱) سَرَقَ لِصٌّ دَرّاجَةَ مَحْمُودٍ — چور نے محمود کا تیز چرایا
(۲) هٰذَا الْكِتَابُ نَافِعٌ — یہ کتاب فائدہ مند ہے

Marfat.com

(۳) هٰذِهِ الْحَدِيْقَةُ جَمِيْلَةٌ
یہ پھلواری خوب صورت ہے

(۴) صابِرَةُ هِيَ اللَّتِي نَجَحَتْ
یہ وہی صابرہ ہے، جو کامیاب ہوئی

(۵) خَطُّ الْوَلَدِ اَحْسَنُ مِنْ خَطِّ اَبِيْهِ
بیٹے کا خط اپنے باپ کے خط سے اچھا ہے

(۶) يَذْهَبُ السَّيَّاحُ اِلَى اللَّاهُوْرِ وَدهلي
سیّاح لاہور اور دہلی جاتا ہے

(۷) مَلَأْتُ الْمِحْبَرَةَ مِدَادًا
میں نے دوات کو روشنائی سے بھر دیا

(۸) هٰذا هُوَ الَّذِي نَالَ الْجَائِزَةَ
یہ وہی ہے جس کو انعام ملا

(۹) فَتَحَ السُّلْطَانُ اَجْمِيْرَ
سلطان نے اجمیر کو فتح کیا

(۱۰) خَاطَتْ زَيْنَبُ ثَوْبًا
زینب نے کپڑے میں غلطی کی

(۱۱) اِشْتَرَى التِّلْمِيْذُ قَلَمًا
شاگرد نے قلم خریدا

(۱۲) يا سائِرُ! قِفْ هُنا
اے جانے والے! یہاں ٹھیر جا

---

نیچے کی عبارت کو پڑھ کر یہ بتلاؤ کہ اس میں نکرہ اور معرفہ کون کونسے ہیں اور جو معرفہ ہیں وہ کیسے کیسے ہیں:

كَانَ الْمِصْرِيُّوْنَ الْقُدَمَاءُ يَهْتَمُّوْنَ بِبِنَاءِ الْأَهْرَامِ لِتَكُوْنَ
قدیم مصری لوگ اہرام (مینار) بنانے میں اہتمام کرتے تھے تاکہ

قُبُوْرًا لَهُمْ. أَكْبَرُ هَرَمٍ فِي مِصْرَ هَرَمُ الْجِيْزَةِ الْأَكْبَرُ
وہ اُن کے لیے قبریں ہوں۔ سب سے بڑی مینار جیزہ کی بڑی مینار ہے؛

وَهُوَ بِنَاءٌ ضَخْمٌ قَائِمٌ فِي سَفْحِ الْجَبَلِ الْغَرْبِيِّ. بَنَاهُ الْمَلِكُ
اور وہ بڑی عمارت ہے، مغربی پہاڑ کی ترائی میں قائم ہے۔ اُس کو بادشاہ

خُوفُو، أَحَدُ مُلُوْكِ مِصْرَ الْقُدَمَاءِ. هُوَ أَحَدُ عَجَائِبِ الدُّنْيَا
خُوفُو، مصر قدیم کے ایک بادشاہ نے بنایا تھا۔ وہ دنیا کے عجائبات میں سے ہے

Marfat.com

وَعَلٰی مَقْرَبَةٍ مِنْهُ تَرٰی أَبَا الْهَوْلِ الْعَظِيْمِ الَّذِیْ يُمَثِّلُ الْعَقْلَ

اور اُس کے قریب تو اُس بڑے ابوالہول کو دیکھے گا، جس کو عقل اور

وَالْقُوَّةَ ، فَإِنَّ رَأْسَهُ رَاسُ اَفْضَلِ مَخْلُوْقٍ وَهُوَ الْاِنْسَانُ

قوت سے مثال دی جاتی ہے، کیوں کہ اس کا سر سب سے بہتر مخلوق، یعنی انسان کا سا ہے۔

وَجِسْمُهُ جِسْمُ اَقْوٰی حَيَوَانٍ ، وَهُوَ اَسَدٌ ۔

اور اس کا جسم سب سے زیادہ قوی حیوان، یعنی شیر کا سا ہے۔

---

# سبق ٣٤

## اسم موصول

الف

(١) اَلَّذِیْ يَسِيْرُ فِی الْاَمَامِ قَائِدٌ

جو آگے چل رہا ہے، وہ کرنل ہے۔

(٢) اَللَّذَانِ يَسِيْرَانِ خَلْفَهُ ضَابِطَانِ

جو دو پیچھے چل رہے ہیں، وہ کپتان ہیں

(٣) اَلَّذِيْنَ / الْاُلٰی يَمْشُوْنَ فِی الْخَلْفِ جُنُوْدٌ

جو لوگ پیچھے چل رہے ہیں وہ سپاہی ہیں

ب

(١) اَلَّتِیْ وَقَفَتْ فِی الْاَمَامِ رَئِيْسَةٌ

جو آگے کھڑی ہے، وہ ہیڈ مسٹرس ہے۔

(٢) اَللَّتَانِ وَقَفَتَا خَلْفَهَا مُعَلِّمَتَانِ

جو دونوں اُس کے پیچھے کھڑی ہیں، وہ دونوں معلمہ ہیں

(٣) اَللَّاتِیْ / اَللَّائِیْ / اَللَّوَاتِیْ وَقَفْنَ فِی الْخَلْفِ تِلْمِيْذَاتٌ

جو سب پیچھے کھڑی ہیں، شاگردنیاں ہیں

---

ج

(١) يُثِيْبُ اللّٰهُ مَنْ يُحْسِنُ

جو نیکی کرتا ہے (اُس کو) اللہ ثواب دیتا ہے

(٢) لَا تَاْخُذْ مَا لَيْسَ لَكَ

جو (چیز) تیری نہیں ہے (اُسے) نہ لے

Marfat.com

اِسم موصول وہ اسم ہے جو کسی مُعیّن چیز پر دلالت کرتا ہے اور اُس کے معنی اُس وقت تک صاف نہیں معلوم ہوتے جب تک کہ اُس کے ساتھ اُس اسم موصول کا صِلہ نہ مِلا یا جائے ۔ صلہ وہ جُملہ ہے، جو اسم موصول کے بعد آتا ہے ۔

اب سُنو کہ موصول کے لیے کیا کیا لفظ استعمال کیے جاتے ہیں اور اُن کے کیا کیا معنی ہوتے ہیں :

(۱) جو مثالیں کہ الف کے نیچے دی گئی ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ کلمہ :

اَلَّذِی : واحد مذکر کے لیے آتا ہے؛

اَللَّذَانِ : تثنیہ مذکر کے لیے آتا ہے ۔ حالت نصب اور جر میں اُس کی جگہ اَللَّذَیْنِ آتا ہے؛

اَلَّذِیْنَ اور اَلْاُوْلیٰ : کی جمع مذکر کے لیے آتے ہیں ۔

(۲) جو مثالیں ب کے نیچے ہیں اُن سے معلوم ہوگا کہ کلمہ :

اَلَّتِی : واحد مؤنث کے لیے آتا ہے؛

اَللَّتَانِ : تثنیہ مؤنث کے لیے آتا ہے ۔ حالت نصب و جر میں اس کی جگہ اَللَّتَیْنِ آتا ہے ۔

اَللَّاتِی ، اَللَّائِی اور اَللَّوَاتِی : جمع مؤنث کے لیے آتے ہیں ۔

(۳) جو مثالیں ج کے نیچے دی گئی ہیں اُن میں، تم دیکھو گے کہ جو مَنْ آیا ہے وہ ایسے واحد یا تثنیہ یا جمع مذکر اور مونث کے لیے استعمال ہوا ہے، جن میں عقل ہے؛ اور کلمہ مَا ایسے واحد یا تثنیہ جمع کے لیے استعمال ہوا ہے، جن میں عقل نہیں ہے ۔

(۴) ان مثالوں کو پھر غور سے دیکھو تو معلوم ہوگا کہ اَلَّذِی کے بعد فعل یَسِیْرُ آیا ہے ۔ کلمہ اَللَّذَانِ کے بعد فعل یَسِیْرَانِ آیا ہے، جو تثنیہ کا صیغہ ہے اور اَلَّذِیْنَ اور اَلْاُوْلیٰ کے ساتھ یَمْشُوْنَ ہے ۔ ان فعلوں میں ایک ضمیر مُستتر، یعنی ھُوَ ہے،

Marfat.com

جو اَلّذی کی طرف پھرتی ہے ۔ دوسری ضمیر تثنیہ کی الف ہے اور تیسری جمع کا کا واو ۔ یہ ضمیریں واحد، تثنیہ اور جمع میں اپنے اُن موصولوں کے مطابق ہیں، جو اُن سے پہلے آچکے ہیں، اس سے یہ معلوم ہوا کہ صلہ کے جملے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اُس میں ایسی ضمیر شامل ہو، جو موصول کے مطابق ہو۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ :

**قاعدہ :** اسم موصول وہ اسم ہے، جو کسی مُعیّن چیز پر دلالت کرے اور اُس کے مابعد جملے کے اُس کے بغیر معنی صاف نہ ہوسکیں۔ یہ جُملۂ مابعد صلہ کہلاتا ہے ۔ صلہ کے الفاظ یہ ہیں :

اَلّذِی، ——— واحد
اَللّذانِ، اَللّذَینِ، — تثنیہ
اَلّذِینَ، اَلاُولیٰ — جمع

} مذکر کے لیے۔

اَلّتِی ——— واحد
اَللّتانِ ، اَللّتَینِ — تثنیہ
اللّاتی، اللّائی، اللّواتی، جمع

} مؤنث کے لیے۔

مَنْ ، عاقل کے لیے ؛ واحد ہو، یا تثنیہ ، یا جمع ۔

ما ، غیرعاقل کے لیے ؛ واحد ہو ، یا تثنیہ ، یا جمع ۔

جُملۂ موصولہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ اُس میں ضمیر شامل ہو اور وہ ضمیر فعل کے مطابق ہو ۔

---



Marfat.com

## مشق

نیچے کے جملوں میں اسماء موصولہ اور اور اُن کا صِلہ بتلاؤ اور یہ بھی بتلاؤ کہ جملۂ صِلہ کس کی طرف عائد ہے :

(۱) اَعْجَبَتْ بِالْبَنَاتِ اللَّاتِي يُسَاعِدْنَ اُمَّهَاتِهِنَّ فِي تَدْبِيرِ الْمَنْزِلِ

مجھے وہ لڑکیاں پسند ہیں، جو اپنی ماؤں کو گھر کے کاموں میں مدد دیتی ہیں

(۲) اَلرَّجُلُ الْعَاقِلُ هُوَ الَّذِي يَعْتَمِدُ عَلَى نَفْسِهِ فِي تَدْبِيرِ شُؤُونِهِ

وہی آدمی عقلمند ہے جو اپنے کاموں میں اپنے آپ پر بھروسا کرے

(۳) اَلسَّيَّارَةُ الَّتِي رَأَيْتُهَا اَمْسِ كَانَتْ كَالرِّيحِ فِي سُرْعَتِهَا .

جو ہوائی جہاز میں نے کل دیکھا تھا وہ تیز چلنے میں ہوا کی طرح تھا ۔

(۴) حَلَلْتُ الْمَسْأَلَتَيْنِ عَجَزْتَ اَنْتَ عَنْ حَلِّهِمَا .

میں نے وہ دونوں سوال حل کرلیے جن کو حل کرنے سے تو عاجز تھا ۔

نیچے کی عبارت میں اسماء موصولہ اور اُن کے صِلہ بتلاؤ اور یہ بھی بتلاؤ کہ اُن کا جملۂ صِلہ کونسا ہے اور کس کس طرف پھرتا ہے :

اِنَّ مَنْ يَزُورُ الْمُتْحَفَ الْمِصْرِيَّ يَنْدَهِشُ لِمَا

جو کوئی مصر کے عجائب گھر کو دیکھنے جاتا ہے، وہ اُن عجیب چیزوں کو دیکھ کر سخت

اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ هٰذِهِ الدَّارُ مِنْ عَجَائِبَ ؛ فَهُنَاكَ

حیران ہوتا ہے، جو اُس گھر میں رکھی ہیں ؛ وہاں وہ بہت سے اُن بادشاہوں

يَرَى كَثِيرًا مِنَ الْمُلُوكِ الَّذِينَ حَكَمُوا مِصْرَ مُنْذُ الْقِدَمِ

کو دیکھتا ہے، جنہوں نے قدیم زمانے میں مصر پر حکومت کی، اور اُن رانیوں کو،

وَالْمَلِكَاتِ اللَّائِي اَخَذْنَ بِقِسْطٍ كَبِيرٍ مِنَ الْحَضَارَةِ

جنہوں نے تہذیب میں بڑا حصہ لیا ۔

Marfat.com

نیچے کے جملے میں صیغہ واحد مذکر مخاطب استعمال کیا گیا ہے۔ تم اُس کو تثنیہ مذکر و مؤنث اور جمع مذکر و مؤنث میں بدل کر دکھلا دو:

هَلْ اَنْتَ الَّذِی سَبَحْتَ فِی النَّهرِ وَنِلْتَ الْجَائِزَةَ ؟

کیا تو وہی ہے جو دریا میں تیرا اور انعام پایا۔

# سبق ۳۵

## اسم اشارہ

**الف**

(۱) ذَا الْحَدَّادُ مَاهِرٌ

یہ لوہار کاریگر ہے

(۲) ذَانِ النَّجَّارَانِ حَاذِقَانِ

یہ دونوں بڑھئی کاریگر ہیں

(۳) اُولَاءِ الْاَوْلَادُ يَتَسَابَقُوْنَ

یہ سب لڑکے دوڑ لگا رہے ہیں

**ب**

(۱) ذِهِ (تِهِ) الْفَتَاةُ تَكْنُسُ

یہ عورت جھاڑو دے رہی ہے

(۲) تَانِ الْبِنْتَانِ اُخْتَانِ

یہ دونوں لڑکیاں بہنیں ہیں

(۳) اُولَاءِ التِّلْمِیْذَاتُ يَلْعَبْنَ

یہ سب شاگردنیں کھیل رہی ہیں

اسم اشارہ حقیقت میں ایک طرح کا اسم معرفہ ہوتا ہے؛ کیوں کہ ایک معیّن چیز کی طرف دلالت کرتا ہے اور بولنے والا اُسی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

اب دیکھو کہ اسم اشارہ کے لیے کیا کیا لفظ استعمال کیے جاتے

Marfat.com

ہیں اور وکس پر دلالت کرتے ہیں :

(۱) اوپر کی مثالوں پر غور کرو تو معلوم ہوگا کہ لفظ :

ذا سے واحد مذکر کی طرف ؛

ذانِ سے تثنیہ مذکر کی طرف (نصبی اور جرّی حالت میں ذَیْنَ لایا جاتا ہے) اور

اُولاءِ سے جمع مذکر کی طرف ؛

ذِہ اور تِہ سے واحد مونث کی طرف ؛

تانِ سے تثنیہ مؤنث کی طرف ، (نصبی اور جرّی حالت میں تَیْنِ) اور

اُولاءِ سے جمع مؤنث کی طرف (یوں یہ لفظ جمع مذکر و مؤنث دونوں میں مشترک ہے) اشارہ کیا جاتا ہے ۔

(۲) تمام اسماء اشارہ پر لفظ ھا داخل کر دینا جائز ہے ۔ اس صورت میں مذکر کے لیے ھٰذا ، ھٰذانِ اور ھٰؤُلاءِ اور مؤنث کے لیے ھٰذِہٖ یا ھاتِہٖ ، ھاتانِ اور ھٰؤُلاءِ کہا جاوے گا ۔

(۳) اِسم اشارہ واحد ، یعنی ذا اور تی ، پر كَ (علامت مخاطب) بڑھا کر ذاكَ اور تِیْكَ بول سکتے ہیں ؛ اور كَ کے ساتھ ل بھی بڑھ سکتا ہے ۔ اس صورت میں ذٰلِكَ اور تِلْكَ بولا جاوے گا ۔ تثنیہ اور جمع کی حالت میں صرف كَ ہی بڑھا کر ذانِكَ ، تانِكَ ، اُولٰئِكَ بولا جاوے گا ۔ اس سے جو قاعدہ نکلا ظاہر ہے ۔ الگ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

Marfat.com

نیچے کے جملوں میں اسماء اشارہ بتلاؤ اور یہ بیان کرو کہ وہ کس پر دلالت کر رہے ہیں:

(۱) ذہٖ سَیَّارَۃٌ سَرِیْعَۃٌ

یہ ہوائی جہاز تیز ہے

(۲) قَرَأْتُ هٰذَا الْكِتَابَ

میں نے یہ کتاب پڑھی

(۳) مَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ ؟

تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟

(۴) أُولَاءِ طَلَبَةٌ مُهَذَّبُوْن

یہ سب طالب علم مہذب ہیں

(۵) ذَاكَ الْجَوَادُ سَابِقٌ

یہ گھوڑا آگے بڑھنے والا ہے

(۶) تُحَلِّقُ هَاتَانِ الطَّيَّارَتَانِ فِي الْجَوِّ

یہ دونوں ہوائی جہاز فضا میں منڈلاتے ہیں

(۷) تَانِكَ الشَّاتَانِ سَمِينَتَانِ

یہ دونوں بکریاں موٹی ہیں

(۸) تَرْعَىٰ هٰؤُلَاءِ الْفَلَّاحَاتُ الْمَاشِيَةَ

یہ سب کسان عورتیں چوپاؤں کو چراتی ہیں

(۹) يُحَيِّي أُولٰئِكَ الْجُنُوْدُ قَائِدَهُمْ

یہ سب لشکر والے اپنے افسر کو سلام کرتے ہیں

(۱۰) ذَانِ النَّجْمَانِ لَامِعَانِ

یہ دونوں ستارے چمک رہے ہیں

---

نیچے کے جملے کو مفرد، اور تثنیہ مذکر اور مؤنث میں بدل دو، پھر جمع مذکر و مؤنث میں بدلو اور جو ضروری تبدیلیاں ہوں وہ بھی کر دو:

هٰذَا هُوَ التِّلْمِيْذُ الَّذِي صَدَقَ فِي قَوْلِهٖ .

Marfat.com

# سبق ۳۶

## اسم ظرف

الف

(۱) تُفْتَحُ الْمَدَارِسُ يَوْمَ السَّبْتِ
مدرسے سنیچر کے دن کھلتے ہیں

(۲) نَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ صَبَاحًا
ہم مدرسے کی طرف صبح کو جاتے ہیں

(۳) نَمْكُثُ فِي كُلِّ دَرْسٍ سَاعَةً
ہم ہر سبق میں ایک گھنٹہ ٹھہرتے ہیں

(۴) عَاشَ اَبِي فِي دِهْلِي حِيْنًا
میرا باپ تھوڑی دیر دہلی رہا

(۵) لَا اُهْمِلُ وَاجِبَاتِي اَبَدًا
میں اپنے ضروری کاموں میں کبھی دیر نہیں کرتا

(۶) مَكَثَ اَخِي فِي الْبَلَدِ زَمَنًا
میرا بھائی شہر میں دیر تک ٹھہرا

ب

(۱) وَقَفَ الضَّابِطُ اَمَامَ التَّلَامِيْذِ
کپتان شاگردوں کے سامنے کھڑا ہوا

(۲) يَسِيْرُ الْقَائِدُ بَيْنَ الْجُنُوْدِ
افسر فوج لشکر کے درمیان چلتا ہے

(۳) جَاءَ الْمَوْتُ بَغْتَةً
موت اچانک آگئی

ج

(۱) تَنَزَّهْتُ فِي الْبُسْتَانِ
میں نے باغ میں سیر کی

(۲) جَلَسَ اَبِي فِي الْمَنْزِلِ
میرا باپ گھر میں بیٹھا

---

ہم جملۂ فعلیہ کو اکثر اس طرح کہہ جاتے ہیں کہ نہ ہم فعل کا زمانہ بتلاتے ہیں، نہ اُس کے واقع ہونے کی جگہ؛ مثلاً: کہہ جاتے ہیں کہ تُفْتَحُ الْمَدَارِسُ یا وَقَفَ الضَّابِطُ ۔ مگر جب زمان اور مکان (جگہ) کا ذکر کرنا ہو تو وہ جملہ کہیں گے جو الف اور ب کے نیچے پہلا جملہ ہے ۔ ان جملوں میں یَوْمَ "زمان"

Marfat.com

کو بتلاتا ہے اور اَمَام ''مکان'' کو۔ جو اسم زمان کو بتلاتا ہے وہ ''ظرفِ زمان'' کہلاتا ہے اور جو اسم مکان کو بتلاتا ہے وہ ''ظرفِ مکان'' کہلاتا ہے۔

اگر غور کرو تو حقیقت میں یہ دونوں مفعول فیہ ہیں، اس لیے ہمیشہ منصوب ہوتے ہیں۔ لیکن اگر ان سے پہلے فِی آجائے، تو وہ اپنا عمل کر کے ان کو مجرور کر دے گا؛ جیسا کہ ج کے نیچے کی دو مثالوں میں ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** ہر وہ اسم، جو کسی فعل کا زمانہ بتلائے ظرف زمان کہلاتا ہے؛ اور جو کسی فعل کی جگہ کو بتلائے وہ ظرف مکان۔ چوں کہ وہ مفعول فیہ ہوتے ہیں، اس لیے ہمیشہ منصوب ہوتے ہیں۔ اگر اُن پر فِی آجائے تو وہ مجرور ہو جاتے ہیں۔

## مشق

نیچے کی عبارت پڑھ کر اس میں ظروف زمان و مکان بتلاؤ:

ذَهَبْنَا إِلَى النَّهْرِ الْعَظِيمِ الْجَدِيدَةِ فُتِحَتْ فِي فَنْجَاب

ہم گزشتہ جمعے کو نئی بڑی نہر دیکھنے گئے جو پنجاب میں کھلی ہے؛

يَوْمَ الْجُمُعَةِ الْمَاضِي. فَرَكِبْنَا الْقِطَارَ صَبَاحًا، وَوَصَلْنَا

ہم صبح کے وقت ریل میں سوار ہوئے اور تھوڑی دیر کے بعد

بَعْدَ زَمَنٍ قَلِيلٍ. فَشَاهَدْنَا النَّهْرَ الْعَظِيمَةَ. ثُمَّ انْتَهَيْنَا

پہنچ گئے۔ ہم نے بڑی نہر دیکھی آخر ہم

إِلَى حَدِيقَةٍ هُنَا، تَمَرَّحُ بَيْنَ أَشْجَارِهَا وَأَزْهَارِهَا.

وہاں کے باغ میں گئے اور اُس کے درختوں اور پھولوں میں ٹہلتے رہے۔

ثُمَّ عُدْنَا إِلَى اللَّاهُورِ مَسَاءً فَرِحِينَ مَسْرُورِينَ

پھر ہم صبح کو خوش خوش لاہور کی طرف واپس آگئے۔

Marfat.com

# سبق ۳۷

## کانَ اور اُس کی اَخوات کا مبتدا اور خبر پر آنا

| الف | ب |
|---|---|
| (۱) اَلْھَوَاءُ مُعْتَدِلٌ | (۱) کانَ اَلْھواءُ مُعْتَدِلاً |
| ہوا معتدل ہے | ہوا معتدل تھی |
| (۲) اَلْمَطَرُ غَزِیْرٌ | (۲) اَصْبَحَ الْمَطَرُ غَزِیْرًا |
| بارش زیادہ ہے | بارش زیادہ ہوگئی |
| (۳) الشَّجَرُ مُخْضَرٌّ | (۳) اَضْحَی الشَّجَرُ مُخْضَرًّا |
| درخت سبز ہے | درخت سبز ہوگیا |
| (۴) اَلْقِطَارُ مُسَافِرٌ | (۴) اَمْسَی الْقِطَارُ مُسَافِرًا |
| ریل چلی جارہی ہے | ریل چلی گئی (شام کے وقت) |
| (۵) اَلْبَرْدُ شَدِیْدٌ | (۵) ظَلَّ الْبَرْدُ شَدِیْدًا |
| سردی سخت ہے | سردی سخت ہوگئی |
| (۶) اَلْقَمَرُ مُنِیْرٌ | (۶) بَاتَ اَلْقَمَرُ مُنِیْرًا |
| چاند چمک رہا ہے | چاند چمک رہا تھا (رات بھر) |
| (۷) اَلْبُسْتَانُ مُثْمِرٌ | (۷) صَارَ الْبُسْتَانُ مُثْمِرًا |
| باغ پھل دار ہے | باغ پھل دار ہوگیا |
| (۸) اَلْجُنْدِیُّ وَاقِفٌ | (۸) لَیْسَ الْجُنْدِیُّ وَاقِفًا |
| سپاہی کھڑا ہے | سپاہی نہیں کھڑا تھا |

Marfat.com

مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں؛ جیسا کہ اُن جملوں سے معلوم ہوتا ہے، جو الف کے نیچے ہیں۔

مگر جو جملے ب کے نیچے ہیں اُن میں مبتدا پر، قاعدے کے موافق، رفع ہے، لیکن خبر پر نصب ہی۔ اس کی یہ وجہ ہے کہ مبتدا کے پہلے کچھ الفاظ؛ مثلاً: کَانَ، اَصْبَحَ، وغیرہ آرے ہوے ہیں۔ اُن کے عمل سے مبتدا پر تو رفع ہی رہا، لیکن خبر پر نصب آگیا۔

اِن فعلوں کے پہلے آنے، یا لگانے، کو اُن کا ''داخل ہونا'' یا ''داخل کرنا'' کہتے ہیں۔ اُردو میں تو ان سب لفظوں کا، جو مضارع پر داخل ہوتے ہیں، ترجمہ ''تھا'' اور ''ہوگیا'' کیا جاتا ہے؛ مگر ان میں تھوڑا تھوڑا سا فرق ہے، جو ہم ابھی بتاتے ہیں۔ چوں کہ ان سب کا مفہوم ایک ہی سا ہے اور سب کا عمل بھی ایک ہی ہے، اسی واسطے یہ سب افعال، فعلِ کَانَ کے اَخوات (بہنیں) کہلاتے ہیں۔

اب ان لفظوں کے معنی میں جو فرق ہے، وہ سُنو:

(۱) کَانَ کے معنی ''تھا'' کے ہیں، اور یہ جملے کو گزرے ہوے زمانے کے لیے خاص کر دیتا ہے۔
(۲) اَصْبَحَ کے معنی ''ہوگیا'' کے ہیں، مگر یہ جملے کو صبح کے وقت کے لیے خاص کر دیتا ہے۔
(۳) اَضْحٰی " " " " دوپہر " " " "
(۴) اَمْسٰی " " " " شام " " " "
(۵) ظَلَّ " " " " دن " " " "
(۶) بَاتَ " " " " رات " " " "
(۷) صَارَ " " مبتدا کو ایک حالت سے دوسری حالت میں بدل دیتا ہے۔
(۸) لَیْسَ خبر کی نفی کر دیتا ہے۔

یہ آٹھوں فعل (یعنی کَانَ، اَصْبَحَ، اَضْحٰی، اَمْسٰی، ظَلَّ، بَاتَ،



Marfat.com

صَار اور لَیْسَ ) جو فعل کانَ کے اخوات (بہنیں) کہلاتے ہیں ، اُن کا عمل یہ ہے کہ وہ اپنے مبتدا کو، جو اُن کا اِسْم کہلاتا ہے، مرفوع ہی رہنے دیتے ہیں ، مگر خبر کو نصب دے دیتے ہیں ؛ اور لَیْسَ کے سوا باقی تمام فعلوں کو، خواہ وہ مضارع ہوں، یا امر، زمانۂ گزشتہ میں خاص کر دیتے ہیں ۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ :

**قاعدہ :** (۱) فعل کانَ اور اس کے اَخَوات جب کسی مبتدا پر داخل ہوتے ہیں، تو اپنے اِسْم ( یعنی مبتدا ) کو رفع دیتے ہیں اور خَبَر کو نصب ۔

(۲) یہ افعال مضارع اور امر پر عمل کرکے اُن کو گزرے ہوئے زمانے میں خاص کر دیتے ہیں ۔

---

یہ بھی یاد رکھو کہ کانَ وغیرہ کی جو صورتیں اوپر تم نے پڑھی ہیں وہ سب ان افعال کی ماضی (کے پہلے صیغے) کی صورتیں ہیں ۔ لَیْسَ کے سوا ان سب کے مضارع بھی ہوتے ہیں ۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر جگہ ماضی کا یہی پہلا صیغہ آوے ، بلکہ ضرورت کے لحاظ سے ماضی اور مضارع کا ہر صیغہ آسکتا ہے ؛ مشق کے بعد ماضی اور مضارع کی گردانیں غور سے پڑھو اور سمجھو :

Marfat.com

## مشق ۱

نیچے کے جملوں میں کانَ اور اس کے اَخَوات کے اسم اور خبر بتا دو :

| | |
|---|---|
| ۱۔ کانَ اللّٰہُ حَکِیْمًا | اللہ حکمت والا ہے |
| ۲۔ اَصْبَحَ ماءُکُمْ غَوْرًا | تمہارا پانی زمین میں بیٹھ گیا |
| ۳۔ ظَلَّتْ اَعْناقُھُمْ خاضِعِیْنَ | اُن کی گردنیں جھکنے والی ہوگئیں |
| ۴۔ صارَ الغُلامُ مَجْنُوْناً | لڑکا دیوانہ ہوگیا |
| ۵۔ باتَتِ النِّساءُ بَاکِیاتٍ | عورتوں نے روتے ہوئے رات گزاری |
| ۶۔ لَیْسُوا النّاسُ سَواءً | لوگ برابر نہیں ہیں |
| ۷۔ اَمْسَی الطَّبِیْبُ عاجِزًا | طبیب عاجز ہوگیا |
| ۸۔ اَضْحٰی الھواءُ حارًّا | ہوا گرم ہوگئی |

## مشق ۲

نیچے کے ہر جملے میں کانَ اور اُس کے اَخَوات میں سے کوئی فعل داخل کرو اور جملے کو صحیح شکل میں لا دو :

| | |
|---|---|
| ۱۔ الصَّبِیُّ عاقِلٌ | ۵۔ الطَّالِبُ فائِزٌ |
| ۲۔ البَرْقُ لامِعٌ | ۶۔ الجَیْشُ سائِرٌ |
| ۳۔ المَکانُ قَدِیْمٌ | ۷۔ النَّجْمُ مُضْطَرِبٌ |
| ۴۔ الاَوْلادُ نائِمُوْنَ | ۸۔ الطُّیُوْرُ ساکِتَۃٌ |

Marfat.com

# سبق ۳۸

## کانَ کے باقی اَخوات

| ب | الف |
| --- | --- |
| (۱) ما زالَ القَمرُ طالِعًا | (۱) اَلْقَمرُ طالِعٌ |
| چاند نکلا رہا | چاند نکلا ہوا ہے |
| (۲) ما فَتِئَ الزائِرُ جالِسًا | (۲) الزّائِرُ جالِسٌ |
| آنے والا بیٹھا رہا | آنے والا بیٹھا ہے |
| (۳) ما بَرِحَ الطِّفلُ نائِمًا | (۳) اَلطِّفلُ نائِمٌ |
| بچّہ سوتا رہا | بچّہ سو رہا ہے |
| (۴) ما انْفَكَّ الطَّبِيبُ مُسافِرًا | (۴) اَلطَّبِيبُ مُسافِرٌ |
| طبیب سفر کرتا رہا | طبیب سفر کر رہا ہے |
| (۵) لا اَخْرُجُ مادامَ الحَرُّ شَدِیدًا | (۵) اَلحَرُّ شَدِیدٌ |
| جب تک گرمی سخت رہے گی میں نہیں نکلوں گا | گرمی سخت ہے |

تُم پچھلے سبق میں پڑھ آئے ہو کہ کانَ اور اُس کے اَخوات مبتدا اور خبر پر داخل ہوکر مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔ وہیں اُن کے معنی بھی سمجھ چکے ہو۔ مگر وہاں ہم نے ان سب افعال کو بیان نہیں کیا؛ یہ افعال ابھی اور باقی ہیں؛ وہ یہاں بیان کیے جاتے ہیں :-

(۱) الف، کے نیچے جو مثالیں ہیں اُن میں ہر ایک جُملے میں مبتدا

Marfat.com

اور خبر دونوں ہیں اور مبتدا کی خبر کو صاف دکھلا رہے ہیں۔

(۲) ب کے نیچے جو پہلے چار جملے ہیں اُن میں مبتدا اور خبر پر یہ افعال داخل ہوئے ہیں: زَالَ، فَتِئَ، بَرِحَ، اِنْفَكَّ۔ ان میں سے ہر ایک افعال کے پہلے لفظ ما آیا ہے، جو نفی کے معنی دیتا ہے۔ اب ان کے معنی پر غور کرو، تو معلوم ہوگا کہ جن افعال کے پہلے ما آیا ہے وہ استمرار کے معنی پیدا کرتے ہیں، اور بولنے کے وقت تک مبتدا کی خبر بتلاتے ہیں۔ پس مازَالَ اَلْقَمَرُ طالعًا کے یہ معنی ہوئے کہ جب تک ہم نے یہ بات کہی، اُس وقت تک چاند نکلا ہوا تھا۔ ان سے فعل مضارع آتا ہے، مگر امر نہیں آتا۔

اب رہ گئی ب کی پانچویں مثال، اس میں مبتدا اور خبر پر فعل دامَ داخل ہوا ہے اور اُس سے پہلے بھی ماء نافیہ ہے (یعنی نفی کرنے والا ما) اس (مادامَ) سے مدت کا بیان مقصود ہوتا ہے۔ پس اس جملے کے یہ معنی ہوئے کہ جب تک سخت گرمی رہے گی، میں نہیں نکلوں گا۔ اس کے لیے ہمیشہ فعل ماضی استعمال ہوتا ہے۔

تمہیں یاد ہوگا کہ کانَ اور اُس کے اَخَوات کا عمل یہ ہے کہ وہ مبتدا کو رفع دیتے ہیں اور خبر کو نصب۔ اس صورت میں مبتدا کو اِسم کہتے ہیں اور خبر کو اس کی خبر۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** کانَ اور اُس کے اَخَوات کا عمل کانَ کا سا ہے؛ یعنی وہ مبتدا کو رفع دیتے ہیں اور خبر کو نصب۔ علاوہ اُن افعال کے، جو بیان ہو چکے، باقی افعال یہ ہیں: زَالَ، بَرِحَ، فَتِئَ، اِنْفَكَّ۔

Marfat.com

یہ ضروری ہے کہ ان کے پہلے مانافیہ (یا نفی کرنے والا) ما آئے۔ اس صورت میں جملے کے معنی میں استمرار پیدا ہو جاتا ہے۔ دام کے پہلے اگر مانافیہ آئے، تو اُس سے مُدّت کا بیان مقصود ہوتا ہے۔

---

## مشق

نیچے کے جملوں میں اِسم اور خبر بتلاؤ اور ہر ایک کی علامت اعراب بتادو :-

(۱) مَا انْفَكَّ الْبَحْرُ هَائِجًا
سمندر برابر جوش میں رہا

(۲) لَا يَبْرَحُ الْقَمَرُ طَالِعًا
چاند برابر نکلا رہے گا

(۳) مَا زَالَتِ الرِّيَاحُ شَدِيْدَةً
ہوائیں برابر سخت رہیں

(۴) لَا يَفْتَأُ الْجَانِي سَجِيْنًا
مجرم برابر قید رہا

(۵) مَا فَتِئَ الْمِصْبَاحَانِ مُضِيْئَيْنِ
دونوں چراغ برابر روشن رہے

(۶) لَا اَشْتَرِي مَادَامَ الثَّمَنُ غَالِيًا
مَیں نہیں خریدوں گا جب تک کہ قیمت گراں رہے گی

(۷) لَا تَنْفَكُّ التِّلْمِيْذَاتُ لَاعِبَاتٍ
شاگرد لڑکیاں برابر کھیلتی رہیں

(۸) الشُّرَكَاءُ لَا يَزَالُوْنَ مُوَافِقِيْنَ
شریک لوگ برابر ملے رہے

Marfat.com

# سبق ۳۹

## کانَ کے باقی اَخوات: مازالَ، مابَرِحَ، مافَتِیَٔ، ماانفَکَّ

| الف | ب |
| --- | --- |
| (۱) اَلْقَمَرُ طَالِعٌ | (۱) مازالَ الْقَمَرُ طالِعاً |
| چاند نکلا ہوا ہے | چاند نکلا رہا |
| (۲) الزَّائِرُ جالِسٌ | (۲) ما فَتِیَٔ الزَّائِرُ جالِساً |
| آنے والا بیٹھا ہے | آنے والا بیٹھا رہا |
| (۳) الطِّفْلُ نائِمٌ | (۳) مابَرِحَ الطِّفْلُ نائِماً |
| بچہ سو رہا ہے | بچہ سوتا رہا |
| (۴) الطَّبِیْبُ مُسافِرٌ | (۴) ماانْفَکَّ الطَّبِیْبُ مُسافِراً |
| طبیب سفر کر رہا ہے | طبیب سفر کرتا رہا |
| (۵) اَلْحَرُّ شَدِیْدٌ | (۵) لَا اَخْرُجُ مادامَ الْحَرُّ شَدِیْداً |
| گرمی بہت ہے | جب تک شدید گرمی رہے گی میں نہیں نکلوں گا |

تم اوپر پڑھ آئے ہو کہ کانَ اور اُس کے اخوات مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر مبتدا کو پیش اور خبر کو زبر دیتے ہیں۔ کچھ اخوات وہاں مذکور نہیں ہو سکے، وہ یہاں بیان کئے جاتے ہیں۔

الف کے نیچے تین مثالیں ہیں۔ اُن میں کانَ یا اُس کے اخوات نہیں ہیں۔

Marfat.com

ب کے نیچے جو پہلے چار جملے ہیں اُن میں مبتدا اور خبر پر یہ افعال داخل ہوئے ہیں:
مازالَ، مافتِئَ، ما برِحَ، ما انفکَّ۔

(مازال، یعنی نہیں زائل ہوا۔ مراد یہ ہے کہ قائم رہا۔)

ان میں سے ہر ایک فعل کے پہلے ما آیا ہے، جو "نہیں" کے معنی دیتا ہے، اور دونوں لفظوں کے ملنے سے فعل میں "استمرار" کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں، اور بولنے کے وقت تک مبتدا کی خبر بتلاتے ہیں؛ پس ما زال القمرُ طالِعاً کے یہ معنی ہوے کہ جب تک ہم نے یہ کہا اُس وقت تک چاند نکلا رہا، غروب نہیں ہوا تھا۔ ان سے فعل مضارع آتا ہے، مگر امر نہیں آتا۔

ب کی پانچویں مثال میں مبتدا اور خبر پر ما دامَ داخل ہوا ہے۔ اور اس میں "ما" نفی کے معنی نہیں رکھتا، بلکہ مدّت کو ظاہر کرتا ہے۔ پس اس جملے کے یہ معنی ہوے کہ جب تک سخت گرمی رہے گی میں نہیں نکلوں گا۔ اس کے لیے ہمیشہ فعل ماضی استعمال ہوتا ہے۔

جب جملے میں کانَ آوے، تو مبتدا کو "اِسمُ کانَ" کہتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** کان کے اخوات کا عمل وہی ہے، جو کانَ کا؛ یعنی مبتدا پر پیش اور خبر پر زبر۔

---

## مشق

نیچے کے جملوں میں اسم و خبر بتلاؤ:

(۱) ما انفکَّ البحرُ هائجاً — سمندر برابر زوروں پر رہا

(۲) لا يبرحُ القمرُ طالِعاً — چاند نہیں نکلا رہا

Marfat.com

(۳) مَا بَرِحَ الْقَلْعَةُ قَائِمًا

قلعہ برابر قائم رہا

(۴) مازالتِ الرِّیاحُ شَدِیدَۃً

سخت ہوائیں چلتی رہیں

(۵) لَا یَفْتأُ الْجانِی سَجِیْنًا

قیدی برابر قید رہا

(۶) مافَتِئَ الْمِصْبَاحَانِ مُضِیْئَیْنِ

دونوں چراغ برابر جلتے رہے

(۷) لَا اَشْتَرِی مادامَ الثَّمَنُ غالِیًا

جب تک قیمت زیادہ رہے گی میں نہیں خریدوں گا

(۸) لَا تَنْفَكُّ التِّلْمِیْذَاتُ مُجْتَهِدَاتٍ

شاگرد (لڑکیاں) برابر محنت کرتی رہیں۔

(۹) اَلشُّرَکَاءُ لَا یَزَالُونَ مُخْتَلِفِیْنَ

شریک برابر مخالف رہے

(۱۰) لَا تَشْتَغِلْ مادُمْتَ مَرِیْضًا

جب تک تو بیمار رہے غصہ میں نہ آ

Marfat.com

# سبق ۴۰

## اِنَّ اور اُس کی اَخوات مبتدا اور خبر کے شروع میں

| ب | الف |
|---|---|
| (۱) اِنَّ الْهَوَاءَ مُعْتَدِلٌ | (۱) اَلْهَوَاءُ مُعْتَدِلٌ |
| بے شک ہوا میں نہ گرمی ہے، نہ سردی | ہوا میں نہ گرمی ہے نہ سردی |
| (۲) يَسُرُّنِي اَنَّ الْجَيْشَ مُنْتَصِرٌ | (۲) اَلْجَيْشُ مُنْتَصِرٌ |
| مَیں خوش ہوں کہ فوج نے فتح پائی | فوج نے فتح پائی |
| (۳) كَاَنَّ الْكِتَابَ صَاحِبٌ | (۳) اَلْكِتَابُ صَاحِبٌ |
| گویا (جیسے) کتاب ہمنشین ہے | کتاب ہمنشیں ہے |
| (۴) تُمْطِرُ السَّمَاءُ لٰكِنَّ الشَّمْسَ مُشْرِقَةٌ | (۴) اَلشَّمْسُ مُشْرِقَةٌ |
| (آسمان سے) بارش ہو رہی ہے، مگر سورج نکلا ہوا ہے | سورج نکلا ہوا ہے |
| (۵) لَيْتَ النَّهْرَ هَادِئٌ | (۵) اَلنَّهْرُ هَادِئٌ |
| کاش دریا دھیما ہوتا | دریا دھیما ہے |
| (۶) لَعَلَّ السَّيَّارَةَ حَاضِرَةٌ | (۶) اَلسَّيَّارَةُ حَاضِرَةٌ |
| شاید قافلہ حاضر (موجود) ہو | قافلہ حاضر (موجود) ہے |

جس جملے میں مبتدا اور خبر ہوتے ہیں اُن میں خبر جو ہوتی ہے وہ مبتدا کی بابت ہمیں کچھ بتاتی ہے۔ اوپر کے جملوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ:

(۱) جو جملے ب کے نیچے ہیں اُن میں مبتدا اور خبر دونوں ہیں اور دونوں

Marfat.com

مرفوع ہیں : مگر،

(۲) جو جملے ب کے نیچے ہیں اُن میں مبتدا پر، بجائے رفع کے، نصب ہے اور خبر پر، عام قاعدے کے مطابق، رفع ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مبتدا کے پہلے بعض الفاظ؛ مثلاً : اِنَّ، کَاَنَّ، وغیرہ داخل ہیں۔ ان کے عمل سے مبتدا پر نصب آگیا، مگر خبر پر رفع ہی رہا۔

یہ الفاظ بھی حروف کہلاتے ہیں؛ اور چوں کہ ان سب کا وہی عمل ہے، جو اِنَّ کا ہے؛ اس لیے یہ سب اِنَّ کے اَخَوات کہلاتی ہیں۔

اِنَّ اور اُس کے اَخَوات کے معنی یہ ہیں:-

(۱) و (۲) اِنَّ اور اَنَّ کے معنی ہیں "تحقیق"۔ ان دونوں کو حروف تاکید کہتے ہیں۔ مبتدا کی خبر میں جو کچھ کہا گیا ہے اُس میں تاکیدی معنی پیدا کر دیتے ہیں۔ دونوں کے معنی ایک ہی ہیں؛ طریق استعمال میں یہ فرق ہے کہ اِنَّ کلام کے شروع میں آتا ہے اور اَنَّ کلام کے درمیان میں۔

(۳) کَاَنَّ کے معنی ہیں "جیسا کہ، گویا کہ"۔ یہ حَرفِ تَشْبِیہ کہلاتا ہے۔ مبتدا کو اپنی خبر کے ساتھ تشبیہ دیتا ہے؛ یعنی ایک کو دوسرے جیسا بتاتا ہے۔

(۴) لٰکِنَّ کے معنی ہیں "لیکن، مگر"۔ اس کو حَرفِ اِسْتِدْرَاک کہتے ہیں: بات سُننے والے کے دل میں اگر کوئی شبہہ رہ گیا ہو، تو اُس کو دُور کرتا ہے؛ جیسے: تم نے کہا کہ تُمْطِرُ السَّمَاءُ (بارش ہو رہی ہے) تو سُننے والے کو شبہ ہو گا کہ پھر تو سورج چھپا ہوا ہو گا۔ تم نے اس شبہ کو یہ کہہ کر مٹا دیا کہ لٰکِنَّ الشَّمْسَ مُشْرِقَةٌ (لیکن سورج نکلا ہوا ہے)

(۵) لَیْتَ کے معنی ہیں "کاش"۔ یہ حرف تَمَنّی کہلاتا ہے۔ اپنے مبتدا کے لیے خبر میں ایک تمنّا بیان کرتا ہے۔ عموماً یہ تمنّا ایسی ہوتی ہے کہ اُس کا

Marfat.com

حاصل ہونا مشکل ہوتا ہے۔

(۶) لَعَلَّ کے معنی ہیں "شاید، ممکن ہے کہ"۔ یہ اپنے مبتدا کے لیے خبر میں اُمید کے پورا ہونے کا امکان پیدا کر دیتا ہے؛ جیسے:ب کے نیچے کے آخری جملے میں قافلے کا موجود ہونا۔

چوں کہ کانَ اور اُس کے اَخوات اور اِنَّ اور اُس کے اَخوات کا عمل بہت کچھ ملتا جلتا ہے، اس لیے آسانی کے لیے ہم نیچے دونوں میں سے چند کا مقابلہ کیے دیتے ہیں:

پہلے تو اس کو دھیان میں رکھو کہ کانَ اور اُس کے اَخوات مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں؛ اور اِنَّ اور اُس کے اخوات، بالکل کانَ کے اُلٹ، مبتدا کو نصب دیتے ہیں اور خبر کو رفع۔ اب دیکھو:

| کانَ اور اُس کے اخوات کا عمل | اِنَّ اور اُس کے اخوات کا عمل |
|---|---|
| كَانَ الْقَمَرُ طَالِعًا<br>چاند نکلا ہوا تھا | اِنَّ الْقَمَرَ طَالِعٌ<br>بے شک چاند نکلا ہوا ہے |
| صَارَتِ الْحَدِيقَةُ جَنَّةً<br>پھلواری، باغ بن گئی | كَاَنَّ الْحَدِيقَةَ جَنَّةٌ<br>(گویا) پھلواری باغ جیسی بن گئی |
| ظَلَّ الْجَوُّ مُعْتَدِلًا<br>ہوا نہ گرم رہی نہ سرد | لَيْتَ الْجَوَّ مُعْتَدِلٌ<br>کاش ہوا نہ گرم ہوتی نہ سرد |
| لَيْسَ الْبُسْتَانُ مُثْمِرًا<br>باغ پھل دار نہیں ہے | لَعَلَّ الْبُسْتَانَ مُثْمِرًا<br>شاید باغ میوہ دار ہو جاوے |

Marfat.com

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** جب مبتدا اور خبر پر إِنَّ ، أَنَّ ، كَأَنَّ ، لٰكِنَّ ، لَيْتَ ، لَعَلَّ میں سے کوئی حرف داخل ہو تو مبتدا پر نصب آجاتا ہے اور خبر پر رفع ۔

مبتدا کو إِنَّ وغیرہ کا اِسم اور خبر کو اُس کی خبر کہتے ہیں ۔

---

## مشق

نیچے کے جملوں میں إِنَّ اور اُس کے خوات کے اِسم اور خبر کو پہچانو:

(۱) إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ
اللہ ضرور جاننے والا ہے

(۲) لَيْتَ الشَّبَابَ يَعُوْدُ !
کاش جوانی لوٹ آتی

(۳) إِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ
زید ضرور کھڑا ہے

(۴) لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْرًا
شاید اللہ اس کے بعد کوئی بات پیدا کردے ۔

(۵) بَلَغَنِيْ أَنَّ سَعِيْدًا مُسَافِرٌ
مجھے معلوم ہوا ہے کہ سعید سفر میں جانے والا ہے

(۶) غَابَ الْمَسْعُوْدُ لٰكِنَّ جَاءَنِيْ سَعِيْدًا
مسعود غائب ہو گیا لیکن سعید میرے پاس آیا ۔

(۷) كَأَنَّ مَحْمُوْدًا أَسَدٌ
گویا کہ محمود شیر ہے

---

Marfat.com

# سبق ۱۴

## خبر کی قسمیں

**الف**

(۱) اَلسَّفِیْنَۃُ سَائِرَۃٌ

کشتی چل رہی ہے

۲ اَلسَّفِیْنَۃُ تَسِیْرُ فِی النَّھْرِ

کشتی دریا میں چلتی ہے

اَلسَّفِیْنَۃُ سَیْرُھَا سَرِیْعٌ

کشتی کی چال تیز ہے

۳ اَلسَّفِیْنَۃُ وَسْطَ النَّھْرِ

کشتی دریا کے بیچ ہے

اَلسَّفِیْنَۃُ فِی الْمَاءِ

کشتی پانی میں ہے

**ب**

(۱) کَانَتِ السَّفِیْنَۃُ سَایِرَۃً

کشتی چل جارہی تھی

۲ اَضْحَتِ السَّفِیْنَۃُ تَسِیْرُ فِی النَّھْرِ

کشتی دریا میں چلتی رہی

ظَلَّتِ السَّفِیْنَۃُ سَیْرُھَا سَرِیْعٌ

کشتی کی چال تیز ہوتی گئی

۳ بَاتَتِ السَّفِیْنَۃُ وَسْطَ النَّھْرِ

کشتی رات کے وقت دریا کے بیچ میں رہی

مَازَالَتِ السَّفِیْنَۃُ فِی الْمَاءِ

کشتی دریا ہی میں رہی

---

تم پڑھ چکے ہو کہ جو خبر کہ ایک لفظ میں ہو اور واحد تثنیہ اور جمع ہونے میں مبتدا کے موافق ہو، وہ مُفرد کہلاتی ہے۔ اب ہم خبر کی اور باقی قسمیں بتاتے ہیں:

(۱) الف کے نیچے جو مثالیں ہیں اُن میں سے پہلی میں تو مبتدا کی وہ خبر بتائی گئی ہے، جو مفرد ہے، یعنی صرف ایک لفظ سائِرَۃٌ۔ دوسرے

Marfat.com

مبتدا کی خبر ایک تو تَسِیْرُ فِی النَّھْر بتلا رہی ہے، جو حقیقت میں جملۂ فعلیہ ہے؛ پھر دوسرے مبتدا کی خبر سَیْرُھَا سَرِیْعٌ ہے، یہ خبر اصل میں ایسا جملۂ اسمیہ ہے، جو خود مبتدا اور خبر سے مرکب ہے۔ اب اِن دونوں جملوں میں ایک ضمیر ہے، جو مبتدا کی طرف راجع ہوتی ہے اور اُسی کے مطابق ہے۔ اب فعل، تَسِیْرُ کو لو: اس میں بھی ایک ضمیر مستتر (پوشیدہ) ہے: یعنی ھِیَ، جو سَفِیْنَۃٌ کی طرف راجع ہوتی ہے۔ اب دوسری خبر، یعنی سَیْرُھَا سَرِیْعٌ کو دیکھو، اس میں دوسرے مبتدا کے ساتھ ایک ضمیر، ھا، لگی ہوئی ہے۔ یہ بھی سَفِیْنَۃٌ کی طرف راجع ہوتی ہے۔ ان مثالوں میں جو خبریں ہیں وہ جُملہ کہلاتی ہیں۔

اب دو جُملے اور رہ گئے؛ اُن کا حال سُنو۔ ان میں سے ایک خبر ہے، وَسَطَ النَّھْرِ، جو ظرف مکان ہے؛ اور دوسرے کی خبر ہے فِی الْمَاءِ، جو جار مجرور ہے؛ دونوں حالتوں میں یہ خبریں شِبْہِ جُملہ (یعنی جُملے کی مانند) ہیں۔

اس بیان سے ظاہر ہے کہ مبتدا کی خبر مفرد بھی ہو سکتی ہے، جملہ بھی اور شِبْہ جُملہ بھی۔

(۲) جو مثالیں ب کے نیچے ہیں، اُن سب کے مبتدا میں افعال ناقصہ (کَانَ، اَضْحٰی، ظَلَّ، بَاتَ، مَازَالَ) داخل ہیں، اور اُن کی خبریں اُن تینوں قسموں کی ہیں، جن کا ابھی اوپر ذکر آچکا ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ مبتدا کی تمام خبریں کانَ اور اُس کے اخوات ہو سکتی ہیں۔ اسی طرح اِنَّ اور اُس کے اخوات بھی خبر ہو سکتے ہیں؛ مثلاً: ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اِنَّ السَّفِیْنَۃَ سَائِرَۃٌ اور اِنَّ السَّفِیْنَۃَ لَتَسِیْرُ النَّھْرَ، وغیرہ۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (الف) خبریں (۱) مفرد بھی ہو سکتی ہیں (۲) جُملۂ فعلیہ اور اسمیہ

Marfat.com

بھی، بشرطے کہ اُن میں ایسی ضمیر ہو، جو مبتدا کی طرف عائد ہو اور اُس کے مطابق ہو، اور (۳) شِبْہ جُملہ بھی، بہ شرطے کہ وہ ظرف ہو، یا جار مجرور۔

(ب) جو چیز کسی مبتدا کی خبر ہو سکتی ہے، وہ کانَ اور اُس کی اخوات اور اِنَّ اور اُس کے اخوات کی بھی خبر ہو سکتی ہے۔

---

## مشق

بتلاؤ کہ نیچے کے جُملوں میں کس کس طرح کی خبریں ہیں:

(۱) مَقْتَلُ الرَّجُلِ بَیْنَ فَکَّیْہِ
آدمی کے قتل کی جگہ اُس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے

(۲) اَلْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ
اعمال نیتوں سے ہیں

(۳) اَلرَّحْمَۃُ فَوْقَ الْعَدْلِ
انصاف سے رحمت اونچی ہے

(۴) اَلْمَرْءُ بِاَدَبِہٖ
آدمی اپنے ادب سے پہچانا جاتا ہے

(۵) اَلْحُقُولُ مُخْضَرَّۃٌ
کھیت ہرے ہیں

(۶) اِنَّ الْجَائِزَۃَ ثَمِیْنَۃٌ
انعام قیمتی ہے

(۷) مِجْدَافَا الزَّوْرَقِ سلیمانِ
کشتی کے دونوں چپّو سالم ہیں

(۸) اَلْجَدُّ فِی الْجِدِّ وَالْحِرْمَانُ فِی الْکَسَلِ
خوش قسمتی کوشش میں ہے اور محرومی سستی میں

(۹) یَدُ اللہِ مَعَ الْجَمَاعَۃِ
اللہ کا ہاتھ جماعت کے ساتھ ہے

(۱۰) اَلْبَرَکَۃُ فِی الْبُکُوْرِ
برکت سویرے جاگنے میں ہے

(۱۱) جَمَالُ الْفَتَاۃِ فِی عَقْلِھَا
عورت کی خوبصورتی اُس کی عقل میں ہے

(۱۲) اَلْمَرِیْضُ مُسْتَرِیْحٌ
مریض آرام سے ہے

(۱۳) اَلْاَرْضُ تَدُوْرُ حَوْلَ الشَّمْسِ
زمین سورج کے گرد گھومتی ہے

(۱۴) اِنَّ الْاِقْتِصَادَ مِنْ اَسْبَابِ الْغِنٰی
جز رسی دولتمندی کے اسباب میں سے ہے

---

Marfat.com

# سبق ۴۲

## حروفِ جرّ

(۱) يَصْعَدُ الْبُخَارُ مِنَ الْإِنَاءِ

برتن سے بھاپ اُٹھتی ہے۔

(۲) يَنْزِلُ الْجُنْدِيُّ عَنِ الْجَوَادِ

سپاہی گھوڑے سے اُترتا ہے

(۳) يَنْظُرُ مَنْصُورٌ إِلَى الْقَمَرِ

منصور چاند کو دیکھتا ہے

(۴) تَجْرِي السَّفِينَةُ عَلَى الْمَاءِ

کشتی پانی کے اوپر چلتی ہے

(۵) يَسْبَحُ السَّمَكُ فِي النَّهَرِ

مچھلی دریا میں تیرتی ہے

(۶) يَكْتُبُ التِّلْمِيذُ بِالْقَلَمِ

شاگرد قلم سے لکھتا ہے

(۷) تَنْثُرُ الْبِنْتُ الْحَبَّ لِلدَّجَاجِ

لڑکی مرغی کے لیے دانہ ڈالتی ہے

(۸ و ۹) وَاللّٰهِ / تَاللّٰهِ قَرَأْتُ دَرْسِي

قسم خدا کی میں نے اپنا سبق پڑھا

(۱۰) طَارِقٌ كَالْأَسَدِ

طارق شیر جیسا ہے

(۱۱) نَامَ حَسَّانُ حَتَّى الصَّبَاحِ

حسّان صبح تک سویا

(۱۲) رُبَّ رَجُلٍ كَرِيمٍ لَقِيتُ

میں بہت سے بڑے آدمیوں سے ملا

(۱۳، ۱۴ و ۱۵) جَاءَنِي كُلُّ صَدِيقِي { حاشا / خلا / عدا } مَنْصُورٌ

میرے پاس سب دوست آوے، سوا منصور کے۔

(۱۶ و ۱۷) مَا رَأَيْتُ مُسْلِمًا مُنْذُ / مُذْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

میں نے مسلم کو جمعے کے دن سے نہیں دیکھا۔



Marfat.com

اِسْم، بعض حالت میں، مرفوع ہوتا ہے؛ مثلاً: جب وہ فاعل ہو؛ اور بعض حالت میں منصوب ہوتا ہے؛ مثلاً: جب وہ مفعول ہو۔ مگر اوپر کی مثالوں پر غور کرنے سے تمہیں معلوم ہوگا کہ:

(۱) یہ جُملے دو کلموں سے مل کر بنے ہیں؛ پہلا حرف ہے اور دوسرا اسم۔ اِن میں حروف یہ ہیں: مِن، الیٰ، عَن، فی وغیرہ۔ اور اسماء یہ ہیں اِناء، قَمِیْص، جواد، نَهر، وغیرہ۔

(۲) جتنے اسماء ان حروف کے بعد آرہے ہیں وہ مجرور ہیں۔ چوں کہ ان حروف ہی کے عمل سے ان کے بعد آنے والے اِسم مجرور ہوگئے ہیں، اس لیے اُن کو حروف الجرّ کہتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** اِسم ذیل کے حروف میں سے کسی کے بعد آرہے وہ مجرور ہوجاتا ہے۔ یہ حروف، جو گنتی میں سترہ ہیں، یہ ہیں:

مِنْ، الیٰ، عَنْ، عَلیٰ، فی، ب، ل، حَتّٰی، وَ، تَ، ك، رُبَّ، حاشا، خلا، عدا، مُنْذُ اور مُذْ۔

ان میں سے پہلے گیارہ حروف تو بہت استعمال ہوتے ہیں؛ باقی چھ حروف ذرا کم۔

---

## مشق

نیچے کے جُملوں میں اسماء مجرورہ پہچانو اور اُن پر جر آنے کا سبب بتلادو:-

(۱) فَاَصْبَحَ فِی الْمَدِیْنَةِ خَائِفًا
پس صبح کی شہر میں ڈرتے ہوئے

(۲) اَللّٰهُ یُؤَیِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ یَّشَاءُ۔
اللہ قوت دیتا ہے اپنی مدد کے ساتھ جس کو چاہے

Marfat.com

(۳) فَکَیْفَ اِذَا جَمَعْنٰھُمْ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ

پس کیا حال ہوگا جب ہم اُن کو جمع کریں گے اُس دن کہ جس میں شک نہیں

(۴) وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاھِیْمَ مُصَلّٰی

اور پکڑو مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ

(۵) مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا

کون ہے بڑا ظالم اُس شخص سے جو اللہ پر جھوٹ باندھے

(۶) قُلْتُ تَاللّٰہِ اِنِّیْ سَقِیْمٌ

میں نے کہا کہ خدا کی قسم میں بیمار ہوں

(۷) مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِصْبَاحٍ

اُس کے نور کی مثال چراغ کی سی ہے

(۸) وَاللّٰہِ ھٰذَا الْعَجِیْبُ

خدا کی قسم یہ عجیب ہے

(۹) مَا رَاَیْتُ زَیْدًا مُنْذُ عَامٍ

میں نے زید کو سال بھر سے نہیں دیکھا

(۱۰) مَا لَقِیْتُہٗ مُذْ اُسْبُوْعٍ

میں اُس سے ایک ہفتہ سے نہیں ملا

(۱۱) رُبَّ کَرِیْمٍ لَقِیْتُ

میں بہت سے بزرگوں سے ملا ہوں

(۱۲) جَاءَنِی الْقَوْمُ حَاشَا زَیْدٍ

(۱۳) " " خَلَا زَیْدٍ

(۱۴) جَاءَنِی الْقَوْمُ عَدَا زَیْدٍ

(۱۵) رَمَیْتُ السَّھْمَ عَنِ الْقَوْسِ

میں نے کمان سے تیر چھوڑا

(۱۶) اَکَلْتُ السَّمَکَۃَ حَتّٰی رَاْسِھَا

میں نے مچھلی اُس کے سر تک کھا لی

(۱۷) اِغْسِلُوْا وُجُوْھَکُمْ وَاَیْدِیَکُمْ اِلَی الْمَرَافِقِ

تم اپنے مونہوں اور ہاتھوں کو کہنیوں تک دھوؤ ۔

Marfat.com

Marfat.com

# دوسرا حصّہ

Marfat.com

Marfat.com

# سبق ۴۳
## اعراب اور بناء کی قسمیں

| ب | الف |
| --- | --- |
| (۱) لَمْ أَقُمْ مُنْذُ سَاعَةٍ | (۱) يُسَافِرُ الْقِطَارُ |
| میں ایک گھنٹے سے نہیں ٹھیرا | ریل چل رہی ہے |
| (۲) أَيْنَ ذَهَبَ الْخَادِمُ ؟ | (۲) إِنَّ الْقِطَارَ لَنْ يُسَافِرَ |
| نوکر کہاں گیا ؟ | یقیناً ریل نہیں جارے گی |
| (۳) سَافَرْتُ أَمْسِ بِالسَّيَّارَةِ | (۳) لَمْ يُسَافِرْ أَخِي فِي الْقِطَارِ |
| میں کل قافلے کے ساتھ گیا | میرا بھائی ریل میں نہیں گیا |

جو تین جملے الف کے نیچے ہیں اُن میں ایک کلمہ یسافر ہے، جو مضارع ہے۔ اس کے آخر حرف پر ضمّہ بھی آیا، فتحہ بھی اور جزم بھی۔ ایک اور کلمہ قِطار ہے، اس کے بھی آخری حرف پر کہیں ضمّہ آیا ہے، کہیں نصب اور کہیں کسرہ۔ ظاہر ہے کہ یہ دونوں کلمے مُعْرَب ہیں۔

جواسم ہی۔ اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** اِسم کے اخیر حرف پر ضمّہ، یا فتحہ، یا کسرہ آتا ہے اور فعل پر ضمّہ یا فتحہ یا جزم۔

Marfat.com

## مشق

نیچے کے جملوں میں اسماء اور افعال پر کس قسم کے اعراب ہیں:

(۱) تُصْنَعُ الْمَنْسُوجَاتُ فِي لَاهُوْرَ — لاہور میں کپڑا بُنا جاتا ہے
(۲) اَلْعُصْفُوْرُ يُغَرِّدُ فَوْقَ الْغُصْنِ — چڑیا شاخ پر چہچہاتی ہے
(۳) لَمْ يَرْسِمِ الْمُصَوِّرُ الصُّوْرَةَ الْمُكَبَّرَةَ — مصور نے کوئی بڑی تصویر نہیں بنائی
(۴) لَنْ اَشْرَبَ غَيْرَ الْمَاءِ النَّقِيِّ — میں صاف پانی کے سوا ہرگز کچھ نہیں پیوں گا

---

# سبق ۴۴

## صحیح اور معتل

الف

سَمِعَ الْوَلَدُ — جَلَسَتْ فَاطِمَةُ
تَكْتُبُ مَحْمُوْدَةُ — لَا تَشْرَبِ الْمَاءَ

ب

وَجَبَ الْحُكْمُ — حکم واجب ہوا
يَسَرَ الْاَمْرُ — کام آسان ہوگیا
قَالَ الرَّسُوْلُ — قاصد نے کہا
تَسِيْرُ السَّفِيْنَةُ — کشتی چلتی ہے
دَعَا الدَّاعِيْ — بُلانے والے نے بُلایا
رَضِيَتْ زَيْنَبُ — زینب خوش ہوگئی
سِرْ اِلَى الْبَيْتِ — گھر کو جا

---

Marfat.com

اوپر کے تمام جملوں میں افعال آوے ہیں۔ مگر الف اور ب کے جملوں کے فعلوں میں کچھ فرق ہے۔ الف کے نیچے جتنے افعال ہیں اُن کے اصلی حرفوں میں الف واو اور ی کہیں نہیں ہیں، مگر ب کے نیچے جو افعال ہیں اُن میں الف، واو اور ی تینوں موجود ہیں۔

(۱) عربی کے حروف ہجا میں الف، واو اور ی کے سوا سب حروف صحیح، یعنی تندرست، سمجھے جاتے ہیں۔ اُن میں سے جو حرف لفظ میں جس جگہ ہوتا ہے وہاں سے نہ تو ہٹتا ہے اور نہ کسی دوسرے حرف سے بدلتا ہے۔ ان کو "حروف صحیحہ" یا "حروف الصَّحِيحَة" کہتے ہیں اور جس فعل میں مادّے کے سب حروف صحیح ہوں، اُسے فعل صحیح کہتے ہیں؛ جیسے: سَمِعَ، جَلَسْتُ، شَرِبَ وغیرہ۔

(۲) ب کے نیچے کے افعال میں الف، واو اور ی ہیں۔ ان حروف کو علیل، یعنی بیمار، سمجھا جاتا ہے، اور ان کو حروفُ العِلّت کہتے ہیں، کیوں کہ یہ حروف ایسے ہیں کہ کبھی کبھی بدل جاتے ہیں اور کبھی بالکل گر کر غائب ہی ہو جاتے ہیں۔

(۳) دیکھو وَجَبَ، يَسَرَ میں پہلا حرف، حرفِ علت ہے؛ قال اور تَسِيرُ میں دوسرا حرف علّت کا ہے اور دعا اور رَضِيَتْ میں تیسرا حرف علّت کا ہے۔ قال اور دعا کے اصلی حرف علی الترتیب ق، ل، د، ع، و ہیں، دونوں جگہ و بدل کر الف ہو گیا۔ سِر فعل امر ہے تَسِيرُ کا۔ اس میں سے ی گر کر بالکل غائب ہی ہو گئی۔ جس فعل کے اصلی حرفوں میں کوئی حرف علت ہو، اُسے فعل معتل کہتے ہیں

(۴) تم نے یہ بھی دیکھا کہ فعل معتل میں حرف علّت یا پہلی جگہ ہوتا ہے یا دوسری جگہ، یا تیسری جگہ اگر حرف علّت، پہلی جگہ ہو تو اُسے



Marfat.com

مِثال کہتے ہیں، دوسری جگہ ہو تو اَجْوَفَ اور تیسری جگہ ہو تو ناقِص۔

(۵) فعل صحیح کے مختلف افعال کی گردانیں تو تم دیکھ اور کر چکے، فعل معتل کی گردانوں میں حرف عِلّت کے بدل جانے، یا گر جانے سے صورت میں تھوڑا سا فرق ہو جاتا ہے۔ یہ فرق نیچے گردانوں سے سمجھ میں آجاوے گا، جو نمونے کے طور پر دی جاتی ہیں:

(۱) وَجَبَ (مثال واوی) کی گردان

وَجَبَ وَجَبَا وَجَبُوا، وَجَبَتْ وَجَبَتَا وَجَبْنَ،
وَجَبتَ .. . . . . . . . . . . . . . . وَجَبْنَا

(۲) قَالَ (اَجْوَف واوی) کی گردان

قَالَ قَالَا قَالُو، قَالَتْ قَالَتَا قُلْنَ
قُلْتَ قُلْتُمَا قُلْتُمْ . . . . . . . . . . . . قُلْنَا

(۳) رَضِیَ (ناقص یائی) کی گردان

رَضِیَ رَضِیَا رَضُوا، رَضِیَتْ رَضِیَتَا رَضِیْنَ
رَضِیْتَ رَضِیْتُمَا .. . . . . . . . . . . رَضِینَا

(۴) وَجَبَ سے مضارع کی گردان

یَجِبُ یَجِبَانِ یَجِبُونَ، تَجِبُ تَجِبَانِ یَجِبْنَ،
تَجِبُ تَجِبَانِ تَجِبُونَ، تَجِبِینَ تَجِبَانِ تَجِبْنَ
اَجِبُ نَجِبُ

(۵) قَالَ سے مضارع کی گردان

یَقُولُ یَقُولَانِ یَقُولُون، تَقُولُ تَقُولَانِ یَقُلْنَ،
تَقُولُ تَقُولَانِ تَقُولُون، تَقُولِین تَقُولَانِ تَقُلْنَ،
اَقُول نَقُول

Marfat.com

(۶) رَضِیَ سے مضارع کی گردان

یَرْضَی یَرْضَیانِ یَرْضَوْنَ ، تَرْضَی تَرْضَیانِ یَرْضَیْنَ،
تَرْضَی تَرْضَیانِ تَرْضَوْنَ ، تَرْضَیْنَ تَرْضَیان تَرْضَیْنَ،
اَرْضَی نَرْضَی

(۷) وَجَبَ سے امر حاضر کی گردان

جِبْ جِبا جِبُوا ، جِبِی جِبا جِبْنَ۔

(۸) قالَ سے امر حاضر کی گردان

قُلْ قُولا قُولُوا ، قُولِی قُولا قُلْنَ

(۹) رَضِیَ سے امر حاضر کی گردان

اِرْضَ اِرْضَیا اِرْضَوْا ، اِرْضَیْ اِرْضَیا اِرْضَیْنَ۔

Marfat.com

# سبق ۴۵

## مُعرَب اور مَبنی

---

**الف**

(۱) هَلْ يَكْتُبُ زُهَيْرٌ ؟

کیا زہیر لکھ رہا ہے ؟

(۲) إِنَّ زُهَيْرًا لَنْ يَكْتُبَ

بے شک زُہیر نہیں لکھے گا

(۳) لَمْ يَكْتُبْ غَيْرُ زُهَيْرٍ

زُہیر کے سوا کسی نے نہیں لکھا۔

**ب**

(۱) هَلْ جَاءَ الْآنَ صَاحِبُكَ ؟

کیا ابھی تیرا دوست آیا ہے

(۲) هَلْ صَاحِبُكَ جَاءَ الْآنَ ؟

کیا تیرا دوست ابھی آیا ہے ؟

(۳) اَلْآنَ صَاحِبُكَ قَدْ جَاءَ

ابھی تیرا دوست آیا ہے

---

اوپر جو جملے لکھے ہیں، وہ اِسم، فعل اور حرف سے مل کر بنے ہیں۔ ان جملوں پر غور کرو تو یہ باتیں معلوم ہوں گی :

(۱) الف کے نیچے کی مثالوں میں زُھیر اسم ہے۔ اُس کے آخری حرف کی حرکت ہر جملے میں بدلی ہوئی ہے۔ پہلے جملے میں وہ مضموم ہے، دوسرے میں مفتوح اور تیسرے میں مکسور۔ یَکْتُبُ، فعل مضارع ہے۔ اُس کے آخری حرف کی حرکت بھی ہر جملے میں بدلی ہوئی ہے۔ پہلے جملے میں وہ مضموم ہے، دوسرے میں مفتوح اور تیسرے میں مجزوم (یعنی ساکن)۔

جن کلموں کے آخری حرف کی حرکتیں بدلتی رہتی ہیں اُن کو مُعرَب، یعنی اعراب والا، کہتے ہیں۔

Marfat.com

(۲) ب کے نیچے کی مثالوں میں ایک کلمہ اَلْآنَ ہے، جو اسم ہے۔ دوسرا کلمہ جاءَ ہے، جو فعل ہے۔ دیکھو! ان تینوں جُملوں میں ان دونوں، (اَلْآنَ اور جاءَ) کی حرکت کہیں نہیں بدلی۔

جن کلموں کے آخری حرف کی حرکت نہیں بدلتی، اُن کو مَبْنِی، (یعنی ٹھیرا ہوا، یا ایک ہی جگہ قائم) کہتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** جن کلموں سے مِل کر جُملہ بنتا ہے اُن کلموں کی دو قسمیں ہیں:

(۱) وہ کلمے جن کی آخری حرکت ترکیب کے بدلنے کے ساتھ بدلتی رہتی ہے۔ ایسے کلمے مُعْرَب کہلاتے ہیں۔

(۲) وہ کلمے جن کے آخری حرف کبھی نہیں بدلتے اور ترکیب کے بدل جانے کا اثر اُن پر نہیں ہوتا۔ ایسے کلمے مبنی کہلاتے ہیں۔

---

## مشق

نیچے کے کلموں میں بتادو کہ ان میں کون کونسے افعال اور اسماء مُعْرَب اور مَبْنِی ہیں:

(۱) اَلتِّلْمِیْذَاتُ یَلْعَبْنَ اَلْکُرَۃَ
شاگرد لڑکیاں گیند کھیل رہی ہیں

(۲) اِنَّ التِّلْمِیْذَاتِ لَمْ یَلْعَبْنَ بِالْکُرَۃِ
شاگرد لڑکیوں نے گیند نہیں کھیلی

(۳) اِنْ یَجْتَهِدْ زُهَیْرٌ یَنَلْ جَائِزَۃً
اگر زہیر کوشش کرے گا تو انعام پاوے گا

(۴) اِنَّ مُسْلِمًا یَجْتَهِدُ کَیْ یَنَالَ اَحْسَنَ جَائِزَۃً
مسلم کوشش کرتا ہے تاکہ اُسے سب سے اچھا انعام ملے

---

Marfat.com

نیچے کے جملوں کے سب کلموں پر اعراب دو اور بتاؤ کہ ان میں سے کون مُعرَب ہے اور کون مَبْنی :

وجد محسن فی الطریق سائلا فقیرا یطلب من الناس صدقة وَیتضرع الی اللّٰه أن یجزِی المحسن خیرا . فوضع المحسن فی کفه روبیة .

ایک احسان کرنے والے نے راستے میں ایک مانگنے والے فقیر کو پایا کہ وہ لوگوں سے صدقہ مانگ رہا ہے اور اللہ سے دعا کر رہا ہے کہ احسان کرنے والے کو اچھّا بدلہ دے . تو اُس نے اُس کے ہاتھ پر روپیہ رکھ دیا .

---

# سبق ۴۶

## مَنعِ صَرف کے اسباب

### (الف) : اِسم عَلَم

الف ______________________ (اِسم)

۱ - فاطمةُ و زَینبُ اُختانِ

۲ - یوسفُ و زَیدٌ صَدِیقانِ

۳ - سافَرَ اَبُوہُ من اِلٰہ آبادَ الی حَضرَموتَ

۴ - سَلمانُ و دَحلانُ مَلِکانِ

۵ - یَزِیدُ و اَحمَدُ جالِسانِ

۶ - یُنسَبُ زُفَرُ اِلیَ مُضَرَ .

---

Marfat.com

ب ـــــــــــــــــــــــ (صفت)

۱۔ الحانُوتُ مَلآنُ فاکِھَۃً
۲۔ عَلِیٌّ اَعْقَلُ واَکْرَمُ مِنْ اَخِیہِ
۳۔ سِرْنا اُحادَ ثُمَّ مَثْنیٰ
۴۔ رَأَیْتُ تِلْمِیذاتٍ اُخَرَ

ج ـــــــــــــــــــــــ عَلَم، الف تانیث کے ساتھ

۱۔ طُوبیٰ لِمَن عَمِلَ عَمَلاً صَالِحاً
۲۔ لَا تَمْشِ بِکِبْرِیاءَ وَخُیَلاءَ

د ـــــــــــــــــــــــ منتہی الجموع

۱۔ فِی دِھلِی شَوارِعُ فَسِیحَۃٌ
۲۔ تَنَزَّھْتُ فِی بَساتِینَ جَمِیلَۃٍ

ھ ـــــــــــــــــــــــ جرّی صورت میں

۱۔ سِرتُ فِی حَدائِقَ جَمِیلَۃٍ
۲۔ سِرتُ فِی الْحَدائِقِ الْجَمِیلَۃِ
۳۔ سِرتُ فِی حَدائِقِ الجزِیرَۃِ

تُم ایک سبق میں مُعرَب اور مَبنِی کا حال پڑھ چکے ہو اور تمہیں معلوم ہے کہ مُعرَب وہ ہے جس پر فتحہ، کسرہ، ضمہ، (اور تنوین) سب آتے ہیں۔ مگر یہ یاد رکھنا چاہئے کہ بعض اسم اور صفت ایسے مُعرب ہوتے ہیں کہ ان پر فتحہ اور

Marfat.com

ضمّہ تو آتے ہیں، مگر کسرہ اور تنوین نہیں آسکتے۔ کسرہ کے موقعے پر بھی فتحہ آتا ہے، اور تنوین کی جگہ صرف ایک ہی زبر یا پیش آتا ہے، تنوین نہیں آتی۔ جس مُعرب پر سب حرکتیں آئیں، وہ مُنْصَرِف کہلاتے ہیں، اور جن پر کسرہ اور تنوین نہیں آتے وہ غیرمُنْصَرِف کہلاتے ہیں،

اس سبق میں ہم تمہیں یہ بتائیں گے کہ کون سے اور کیسے اسماء اور صفات غیر منصرف ہوتے ہیں۔

(۱) الف کے نیچے چھ ایسے عَلَموں کی مثالیں ہیں جو "غیر منصرف" ہیں۔ ان کی کیفیت (مثالوں کی ترتیب کے موافق) یہ ہے کہ:

(۱) عَلَم مؤنث: خواہ اُن میں تانیث کی ۃ آئے؛ جیسے: حَمْزَةُ اور فاطِمَةُ، خواہ نہ آئے؛ جیسے: زَيْنَبُ؛ خواہ مرد کا نام ہو؛ جیسے: حَمْزَةُ؛ خواہ عورت کا؛ جیسے: فاطِمَةُ اور زَيْنَبُ

(۲) عَلَم عُجمی: عربی زبان کے علاوہ کسی اور زبان کا لفظ ہو؛ جیسے: يُوسُفُ، إِبْرَاهِيمُ، كرشن، کہ عبرانی اور ہندی الفاظ ہیں۔

(۳) مُرَكَّب مَزْجِی: دو الگ الگ کلموں کو ملا کر جو ایک نام بنایا جائے؛ جیسے: حَضْرَمَوْتُ، إِلٰهٰ آباد کہ حضر اور موت اور اِلٰہ اور آباد کو ملا کر بنایا گیا ہے۔

(۴) عَلَم: جس کے آخر میں الف اور نون ہو؛ جیسے: عُثْمَانُ اور مَرْوَانُ۔

(۵) عَلَم: جو وزن فعل پر ہو؛ جیسے: يَزِيدُ، أَحْمَدُ۔ پہلا يَبِيعُ کے اور دوسرا أَشْرَبُ کے وزن پر ہے

(۶) عَلَم: جو وزن فُعَلَ سے معدول ہو، یعنی بغیر کسی قاعدہ صرفی کے،

Marfat.com

بنا ہو؛ جیسے عُمَرُ ، زُفَرُ. ان کی اصل عامِر اور زافِر (فاعِل کے وزن پر) تھی ۔ دونوں کو اُن کے اصلی وزن سے معدول کرکے ایک نئے وزن، یعنی فُعَل، پر بنا لیا ہے ۔

(۲) ب کے نیچے تین مثالوں میں ایسی تین صفتیں آ رہی ہیں، جو غیر منصرف ہیں ۔ ان کی کیفیت (مثالوں کی ترتیب کے موافق) یہ ہے :

(۱) صفت، جس کے آخر میں الف اور نون ہو؛ جیسے: مَلآن ۔

(۲) صفت، جو فعل کے وزن پر ہو؛ جیسے: اَعْقَلُ ، اَنْبَہُ ۔ یہ دونوں اَشْرَبُ کے فعل کے وزن پر ہیں ۔

(۳) صفت، جو کسی اور لفظ سے معدول ہو اور ایک سے لے کر دس تک کے عدد کے لیے فُعالُ کے وزن پر آرے؛ جیسے: ثُلاثُ؛ یا مَفْعَلَ کے وزن پر آوے؛ جیسے: مَثْنَیٰ ۔ اسی طرح اور لفظوں کی حالت ہے ۔

(۳) ج کے نیچے جو اسمار ہیں، وہ اس لیے غیر منصرف ہیں کہ اُن کے آخر میں تانیث کا الف مقصورہ ہے؛ جیسے: طُوبیٰ ، ذِکْرَیٰ ؛ یا تانیث کا الف ممدودہ ہے؛ جیسے: کِبْرِیاءُ ، خُیَلاءُ ۔

(۴) د کے نیچے کے اسمار اس لیے غیر منصرف ہیں کہ وہ مُنتھی الْجُموع کے، یعنی مَفاعِلُ کے، وزن پر ہیں؛ جیسے: شَوارِعُ؛ اور مَفاعِیلُ کے وزن پر جیسے: بَساتِیْنُ ۔ اس صیغے کے وزن پر جو اسمار آرہیں گے، وہ غیر منصرف ہوں گے ۔

(۵) ھ کے نیچے ایک کلمہ حَدائِقَ ہے، جو غیر منصرف ہے ۔ پہلی مثال میں وہ مجرور ہے، مگر بجائے کسرہ کے فتحہ کے ساتھ ۔ دوسری مثال میں اُس پر اَلْ داخل ہے، اس لیے اُس پر کسرہ آگیا ۔ تیسری مثال میں وہ مضاف ہے، اس لیے جر کا آنا جائز ہوگیا ۔ یہی حال تمام غیر منصرف اسموں کا ہے کہ



Marfat.com

جب وہ مجرور ہوتے ہیں، تو اُن پر فتحہ آتا ہے؛ مگر جب اُن پر اَلْ داخل ہو، یا وہ مضاف ہوں، تو اُن پر کسرہ کے ساتھ جر کا آنا جائز ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

قاعدہ: ذیل کی صورتوں میں اِسم غیر منصرف ہوتا ہے:

(۱) عَلَم جب وہ مؤنث، یا عجمی، یا مرکب مزجی ہو، یا الف ن زایدہ پر ختم ہوتا ہو، فعل کے وزن پر ہو، یا فعل کے وزن پر معدول ہو۔

(ب) اسم جب الف تانیث (مقصورہ یا ممدودہ) کے ساتھ مونث ہو۔

(ج) اِسم، جس کی جمع منتہی الجموع (یعنی مفاعِلُ اور مَفاعِیلُ) کے وزن پر ہو۔

(۲) صفت غیر منصرف ہوگی، اگر وہ الف ن زایدہ پر ختم ہو، یا اَفْعَلُ کے وزن پر ہو، یا معدول ہو۔

(۳) ہر اسم یا صفت، جو غیر منصرف ہو، وہ ضمّہ کے ساتھ مرفوع، فتحہ کے ساتھ منصوب اور بجاء کسرہ کے، فتحہ کے ساتھ مجرور ہوتا ہے۔ لیکن اگر اُس پر اَلْ داخل ہو، یا وہ مضاف ہو، تو کسرہ کے ساتھ اُس پر جر آجاتا ہے۔

---

## مشق

نیچے کی عبارتوں میں اسماء غیر منصرف بتلاؤ اور اُن کا سبب بیان کرو:

(۱) استتب الامر لمعاویة ابن ابی سفیان فی الشام بعد مقتل عثمان بن عفّان، وانتقل مقر الخلافة الی دمشق۔

Marfat.com

(٢) ينتقل الحجاج من الهند الى جدة فى مراكب خاصة. ثم يسيرون فى طريق معبدة الى مكة؛ ويقصد كثير منهم بعد الفراغ من الحج الى يثرب، لزيارة الروضة النبوية على صاحبها الصلوة والسلام.

(٣) برهن الهنديون على انهم ليسوا باقل من سواهم اقداما. فقد نجح اوّل طيار الهندى فى رحلته من كراجى الى لندن، وقد عُنيت الحكومة على اثر ذلك بانشاءٍ فى الهٰ آباد ودهلى خاصة للطيران.

---

Marfat.com

# سبق ۴۷

## اسماء ستّہ اور اُن کے اعراب

الف

(۱) جَلَسَ اَبُو مَنْصُورٍ
منصور کا باپ بیٹھا

(۲) رَاَیْتُ اَبَا مَنْصُورٍ
میں نے منصور کے باپ کو دیکھا

(۳) نَظَرْتُ اِلیٰ اَبِی مَنْصُورٍ
میں نے منصور کے باپ کی طرف دیکھا

ب

(۱) یَقْرَأُ اَخُوكَ فِي الْكِتَابِ
تیرا بھائی کتاب میں پڑھ رہا ہے۔

(۲) اِنَّ اَخَاكَ حَفِظَ الدَّرْسَ
تیرے بھائی نے سبق حفظ کر لیا

(۳) كِتَابُ اَخِيكَ مُفِيدٌ
تیرے بھائی کی کتاب مفید ہے

ج

(۱) مَنْصُورٌ فُوهُ مَفْتُوحٌ
منصور کا مُنہ کھلا ہوا ہے

(۲) اِنَّ فَاهُ صَغِيرٌ
اُس کا مُنہ چھوٹا ہے

(۳) وَضَعَ الْكُوبَ عَلیٰ فِيهِ
اُس نے گلاس اپنے مُنہ پر رکھا

د

(۱) حَمُو الْمَرْأَةِ جَالِسٌ
عورت کا دیور (یا جیٹھ) بیٹھا ہوا ہے۔

(۲) اِنَّ حَمَاهَا يُلَاعِبُ اِبْنَهَا
اُس کا دیور (یا جیٹھ) اُس کے بیٹے کو کھلا رہا ہے۔

(۳) هِيَ تُقَدِّمُ لِحَمِيهَا الْقَهْوَةَ
وہ اپنے دیور کو قہوہ پیش کر رہی ہے۔

ھ

(۱) طَارِقٌ ذُو مَالٍ كَثِيرٍ
طارق بڑے مال کا مالک ہے

(۲) اِنَّ ذَا الْمَالِ مَسْرُورٌ
صاحب مال خوش ہے

(۳) يَتَوَدَّدُ النَّاسُ اِلیٰ ذِي الْمَالِ
لوگ مال والے سے محبت کرتے ہیں۔

Marfat.com

اَبٌ (باپ) اَخٌ (بھائی) فُو (مُنہ) ذو (صاحب، مالک) حَمٌ (جیٹھ یا دیور) ھَنٌ (شرمگاہ) یہ چھوں کلمے اَسْماءِ سِتَّہ یا اسماءِ سِتّۂ مُکَبَّرَہ کہلاتے ہیں۔

(۱) ان میں سے پہلا کلمہ اَبو، الف کی تین مثالوں میں آیا ہے۔ پہلی مثال میں یہ کلمہ مرفوع ہے، دوسری میں منصوب اور تیسری میں مجرور۔

(۲) حالت رفع میں ان چھوؤں اسمار کے آخر میں، بہ جاء ضمہ کے، واو، نصب کی حالت میں بہ جاء فتحہ کے الف اور جرّ کی حالت میں کسرہ کے بدلے ي لگا دی جاتی ہے۔

(۳) اوپر کی مثالوں میں ہم نے ان چھ میں سے پانچ اسمار لکھے ہیں، اور وہ سب مضاف ہیں۔ یہ بھی غور کرو کہ ان کے مضاف الیہ میں متکلم کی ی نہیں ہے۔ اگر وہ مضاف نہ ہوتے، تو ضمہ کے ساتھ مرفوع ہوتے، فتحہ کے ساتھ منصوب اور کسرہ کے ساتھ مجرور ہوتے ایسی صورت میں (کہ مضاف نہ ہوتے) تینوں صورتوں میں یوں کہا جاتا کہ جَلَسَ اَبٌ، رَاَیْتُ اَبًا اور نَظَرْتُ اِلٰی اَبٍ۔ یہی حالت اور باقی مثالوں میں بھی ہوتی۔ اگر ان اسموں کے آخر میں متکلم کی ی ہو، تو ظاہر ہے کہ کسی اعراب کی ضرورت ہی نہیں اور یہ ابی، اخی، حمی، ھنی اور فی ہو جاریں گے اور ذو کے بعد متکلم کی ی آ ہی نہیں سکتی۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** اَسْماءِ سِتَّہ (یا سِتّہ مُکَبَّرَہ) اَبٌ، اخٌ، فُو، ذو، حَمٌ اور ھَنٌ کا رفع واو سے، نصب الف سے اور جرّ ی سے آتا ہے، بہ شرطے کہ یہ متکلم کی ی کے ساتھ مضاف نہ ہوں۔

Marfat.com

# مشق

نیچے کے جملوں میں اسماء ستّہ میں سے جو کوئی آوے ہوں، وہ بتلادو اور اُن کے اعراب کی علامتیں بیان کرو:

(۱) ذُو الاِحسانِ مَحبوبٌ
صاحب احسان محبوب ہوتا ہے

(۲) لا تَتَنَفَّسْ مِنْ فِيكَ
اپنے مُنہ سے سانس نہ لے

(۳) ساعِدْ اَخاكَ فِى الشَّدائِدِ
اپنے بھائی کی تکلیف میں مدد کر

(۴) لا تَمْلأْ فَاكَ بالطَّعامِ
اپنے مُنہ کو کھانے سے نہ بھر

(۵) اَلْوَطَنُ ابوالْجَمِيعِ
وطن سب کا باپ ہے

(۶) يَسْكُنُ فارُوقٌ دارَ حَمِيهِ
فاروق اپنے سمدھی کے گھر رہتا ہے

(۷) يَحْوِى فُوكَ اَعْضاءَ الْمَضْغِ
تیرے مُنہ میں چبانے کے اعضاء ہیں

(۸) لَعَلَّ اَباكَ يَحْضُرُ
شاید تیرا باپ حاضر ہو جاوے

(۹) صارَ حَموكَ هَرِمًا
تیرا سمدھی بوڑھا ہو گیا

(۱۰) عَلِىٌّ يَقْتَدِى بِاَبِيهِ
علی اپنے باپ کے پیچھے پیچھے ہے

(۱۱) اَحِبَّ لِاَخِيكَ ما تُحِبُّ لِنَفْسِكَ
اپنے بھائی کے لیے اُسی کو پسند کر، جو تو اپنے لیے پسند کرتا ہے

(۱۲) اِنَّ ذَا الْجاهِ كَثِيرُ الاَصْدِقاءِ
صاحب مرتبہ کے بہت دوست ہوتے ہیں

Marfat.com

# سبق ۴۸

## مستثنیٰ

(۱)

### مستثنیٰ اِلّا کے ساتھ

(الف)
(۱) جَلَسَ التَّلَامِیذُ اِلّا تِلْمِیذًا
(۲) اَجْلَسَ الْمُعَلِّمُ التَّلَامِیذَ اِلَّا تِلْمِیذًا
(۳) صَفَحَ الْمُعَلِّمُ عَنِ التَّلَامِیذِ اِلَّا تِلْمِیذًا

(ب)
(۱) مَا وَقَفَ التَّلَامِیذُ اِلَّا تِلْمِیذٌ ــ تِلْمِیذًا
(۲) مَا اَوْقَفَ الْمُعَلِّمُ التَّلَامِیذَ اِلَّا تِلْمِیذًا ــ تِلْمِیذًا
(۳) مَا نَظَرْتُ اِلَی التَّلَامِیذِ اِلَّا تِلْمِیذًا ــ تِلْمِیذٍ

(ج)
(۱) مَا وَقَفَ اِلَّا تِلْمِیذٌ
(۲) مَا اَوْقَفَ الْمُعَلِّمُ اِلَّا تِلْمِیذًا
(۳) مَا اَوْقَعَ الْمُعَلِّمُ الْعِقَابَ اِلَّا عَلٰی تِلْمِیذٍ

---

جتنی مثالیں اوپر لکھی گئی ہیں، اُن سب میں اِلَّا کے بعد جو اِسم آرہے ہیں، وہ اپنے ماقبل سے مخالف ہیں۔ بمثال پہلی ہی مثال میں ہم نے تَلَامِیذ کے بیٹھنے (جَلَسَ) کا ذکر کیا ہے اور اِن میں سے ایک تلمیذ کو کلمۂ "اِلَّا"

Marfat.com

لا کر مستثنیٰ کر دیا ہے۔ اس صورت میں اِلّا سے ماقبل جو کچھ ہو وہ "مُستثنیٰ منہٗ" کہلاتا ہے اور اُس کا مابعد "مُستثنیٰ"

(۱) الف کے نیچے کی مثالیں "جُملۂ تامّہ" کی ہیں؛ کیوں کہ اُن کا "مُستثنیٰ منہٗ" بیان کر دیا گیا ہے، اور "مثبت" ہے، اس لیے کہ پہلے اُس کی نفی نہیں کی گئی۔ اب مستثنیٰ منہٗ یعنی تلامِیذ، کو دیکھو تو یہ پاروگے کہ تینوں میں وہ مرفوع، منصوب اور مجرور آرہے ہیں اور اِلّا کے بعد جو مستثنیٰ ہے، یعنی تلمیذًا، وہ ہر جگہ منصوب ہی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اِلّا کے ساتھ جو کچھ مستثنیٰ ہوگا وہ لازمی طور پر منصوب ہوگا، بہ شرطے کہ کلام تام ہو اور مثبت ہو۔

(۲) ب کے نیچے سب جُملے منفی ہیں، کیوں کہ اُن میں سے ہر ایک میں پہلے نفی کا ما آیا ہے، اور چوں کہ ہر ایک میں مستثنیٰ منہٗ بھی بیان ہوا ہے، اس لیے ہر جُملہ "جملۂ تامّہ" بھی ہے۔ اب مستثنیٰ کو دیکھو تو پاروگے کہ وہ اپنے رفع، نصب اور جر میں اپنے مستثنیٰ منہ کے موافق ہے۔ یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ مستثنیٰ منہٗ کا "بدل" ہے، اس لیے ہمیشہ منصوب ہوگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ جب کلام منفی اور تام ہو تو مستثنیٰ میں دو صورتیں ہو سکتی ہیں: ایک یہ کہ وہ "بدل" ہوگا، اور دوسرے یہ کہ منصوب ہوگا۔

(۳) ج کے نیچے جو مثالیں ہیں وہ منفی اور ناقص کلام کی ہیں؛ کیوں کہ اُن میں مستثنیٰ منہ نہیں بتایا گیا ہے۔ مگر سب مستثنیٰ اپنے عاملوں کے موافق آرہے ہیں؛ چنانچہ پہلا فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے، دوسرا مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب اور تیسرا حرف جر کی وجہ سے مجرور ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ جب کلام منفی ناقص ہو، تو مستثنیٰ عامل کے موافق ہوتا ہے۔

Marfat.com

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (الف) اِلاّ کے ساتھ مستثنیٰ وہ اِسم ہے جو اِلاّ کے بعد آتا ہے؛ اور وہ حکم میں اپنے ماقبل کے خلاف ہوتا ہے۔

(ب) اِلاّ کے ساتھ مستثنیٰ کی تین حالتیں ہوتی ہیں؛

(۱) اگر کلام تام اور مثبت ہو تو اُس پر نصب آنا لازمی ہے؛

(۲) اگر کلام تام اور منفی ہو تو اُس پر نصب آنا جائز ہے؛ اور یہ بھی جائز ہے کہ اُس کو مستثنیٰ منہ کا بدل سمجھا جاوے۔

(۳) اگر کلام منفی ناقص ہو تو اُس کا اعراب عامل کے موافق ہوگا۔

---

## مشق

نیچے کی عبارت میں مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ بتلاؤ اور یہ بتاؤ کہ اُن کی حرکات کیا کیا ہیں:-

(۱) اَلْاَصْدِقَاءُ اِلاَّ أَقَلَّهُمْ يُنكِرونك وقتَ الشِّدَّةِ ، فَلَاتَعْتَمِدْ اِلاَّ عَلَى صاحِبٍ بَلَوْتَهُ ۔

(۲) ما نجح العامِلُونَ اِلاَّ العامل المعتمدُ عَلَى نفسه، وما خاب المجتهدون اِلاَّ المجتهِدُ الَّذى خانَهُ الحَظُّ اوفَاتَتْهُ اَلفُرْصَةُ ۔

(۳) لَمْ اَفْرَحْ بِشَىءٍ اِلاَّ فَضِيْلَةٍ تَزِيْنُنِى، وَلَمْ اندَمْ عَلَى فائتٍ اِلاَّ مَكْرُمَةً لَمْ أتَّخِذْهاعِنْدَ سائِلٍ ذى حاجةٍ

---



Marfat.com

(۲)

## مستثنٰی غیر اور سِوَی کے ساتھ

(الف) أَثمَرَتِ الاشجارُ غَیرَ شَجرَۃٍ ــــ سِوَی شَجرَۃٍ
رَأَیتُ ثَمَراً علَی الاَشجارِ غَیرَ شَجرَۃٍ ــــ سِوَی شَجرَۃٍ

(ب) ماغَابَ التَلامیذُ غَیرُ تِلمِیذٍ ــــ سِوَی تِلمِیذٍ
لَا تَفرَح بِصدیقٍ غیرِ الکِتابِ ــــ سِوَی الکِتابِ

(ج) لَا یفوزُ غیرُ المُجتَھِدِ ــــ سِوَی المُجتَھِدِ
لَا تُصاحِب غیرَ الصَّادِقِ ــــ سِوَی الصَّادِقِ
لَا تَعتَمِدُ علَی غیرِ نَفسِكَ ــــ سِوَی نَفسِكَ

---

جب ہمیں اِلَّا کے ساتھ مستثنٰی کے اعراب کا حال معلوم ہوگیا، تو غَیرَ اورسِوَی کے حرکات کا حال معلوم ہونا آسان ہوگیا ہے۔

(۱) الف کے نیچے کی مثالیں کلام تام مثبت کی ہیں، ب کی تام منفی، اور ج کی ناقص منفی۔ ان مثالوں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ غَیر اور سِوَی کے بعد مستثنٰی مجرور ہوتا ہے، کیوں کہ وہ غَیر اور سِوَی کا مضاف الیہ ہوتا ہے۔

(۲) الف کی مثالوں میں کلمہ غَیر منصوب ہے۔ ب میں پہلے تو مستثنٰی منہٗ کے موافق بدل کا سا اعراب ہے؛ دوسرے استثناء کے ساتھ منصوب ہے۔ ج میں وہ اپنے ماقبل کے عامل کے موافق مرفوع، منصوب اور مجرور ہے۔ اس لیے ان کی بھی وہی حالت ہے، جو اِلَّا کے ساتھ مستثنٰی

Marfat.com

کی. سِوَی کا اعراب ہر صورت میں مقدّر ہے، کیوں کہ اُس کے آخر میں الف ہے۔

(۳)

## مستثنیٰ خَلَا، عدا اور حاشا کے ساتھ

(۱) حَضَرَ الضُّیُوفُ خَلَا ضَیْفًا ــ ضیفٍ ـــ ما خلا ضیفاً

(۲) نَجَحَ التَّلَامِیْذُ عَدَا تِلْمِیْذًا ــ تِلمِیذٍ ـــ ما عَدَا تِلمِیْذًا

(۳) اَعْطَیْتُ الْفُقَرَاءَ حاشا فقیرًا ــ فَقِیرٍ ـــ ما حاشا فَقِیْرًا

---

اوپر کی مثالوں کو دیکھو؛ ان میں مستثنیٰ کو خلا، عدا اور حاشا کے ذریعے بیان کیا گیا ہے۔ پہلی جگہ مستثنیٰ منصوب ہے، کیوں کہ وہ مفعول بہ واقع ہوا ہے۔ اس صورت میں خَلَا، عدا اور حاشا افعال ہیں۔ دوسری جگہ مجرور ہے اور خَلَا، عدا اور حاشا حروفِ جر ہیں۔ تیسری جگہ مستثنیٰ منصوب ہے، کیوں کہ خلا، عدا اور حاشا کے اوپر ما داخل ہوا ہے۔ اس حالت میں یہ افعال ہوگئے ہیں، اور اُن کا مابعد مفعول بہ ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ خَلَا، عدا اور حاشا کے ساتھ جو مستثنیٰ ہوتا ہے، اس پر نصب اور جر دونوں آسکتے ہیں؛ اور اگر اُن سے پہلے ما آرہے تو نصب کا آنا لازمی ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (الف) غَیْر اور سِوَی کے ساتھ جب مستثنیٰ آئے تو اُس کا مابعد ہمیشہ مجرور ہوگا، کیوں کہ وہ مضاف الیہ ہوتا ہے۔ غَیْر اور سِوَی کا حُکم وہی ہوتا ہے جو اِلَّا کے بعد کا۔

(ب) اگر خَلَا، عدا اور حاشا کو افعال مان لیا جائے تو مستثنیٰ

Marfat.com

کے مابعد پر اس وجہ سے نصب آئے گا کہ وہ مفعول ہوگا؛ اور اگر اُن کو حروف جر مانا جائے، تو اُن کا مابعد مجرور ہوگا۔ اگر اُن سے پہلے ما آئے، تو مابعد پر نصب ہی آئے گا۔

---

نیچے کے جملوں میں مستثنیٰ پر حرکات دو اور اُن کی وجہ بتلاؤ:-

(۱) حللت المسائل الا مسألة .

(۲) لم تنضج الفاكهة إلَّا التفاح

(۳) حضر التلاميذ عدا المريض .

(۴) لم اقل شيأً غير الصدق .

(۵) لا ينصر الا المظلوم .

(۶) لا تصاحبي سوى المهذبات .

(۷) لم اهتم بشيء إلَّا الواجب .

(۸) طار الحمام خلا حمامة .

---

Marfat.com

# سبق ۴۹

## حال

---

(الف)
(۱) اَقْبَلَ الجُندِیُّ رَاکِبًا
(۲) رَکِبَ الجُندِیُّ الجَوَادَ مُسْرَجًا

(ب)
(۱) جاءَ الجُندِیُّ، وَالسَّیفُ مَسْلُولٌ — وَقَد لَمَعَ السَّیفُ
(۲) جَاءَ الجُندِیُّ، سَیفُهُ مَسْلُولٌ — یَلمَعُ سَیفُهُ
(۳) جَاءَ الجُندِیُّ، وَسَیفُهُ مَسْلُولٌ — وَقَدْ لَمَعَ سَیفُهُ

ج
(۱) اَقْبَلَ الجُندِیُّ فَوقَ الْجَوَادِ
(۲) اَقبَلَ الجُندِیُّ عَلیٰ جَوَادٍ

اگر یہ کہا جاوے کہ "اَقْبَلَ الجُندِیُّ" تو سننے والے کو یہ نہیں معلوم ہوگا کہ آیا وہ سوار ہوکر آیا ہے، یا پیدل۔ اس کی حالت کو ظاہر کرنے کے لیے کوئی اسم یا جملہ کہنا پڑے گا؛ مثلاً کہیں گے کہ "رَاکِبًا"؛ جس جملے یا اسم سے یہ کیفیت بیان کی جاوے اُسے حال کہتے ہیں۔

اب اوپر کی مثالوں پر غور کرو:

(۱) الف والوں میں دو حال ہیں: رَاکِبًا اور مُسْرَجًا۔ پہلا کلمہ فاعل یعنی جُندی کا حال بتلاتا ہے، اور دوسرا مفعول یعنی جَواد، دونوں حال مفرد ہیں۔ اس سے معلوم

Marfat.com

ہوا کہ جب کوئی فعل واقع ہوتا ہے تو "حال" فاعل یا مفعول کی کیفیت ظاہر کرتا ہے، اور وہ لفظ مفرد ہوتا ہے۔

(۲) ب والی مثالوں میں ہم نے جُندی کے آنے کی حالت کو پہلے تو تین اسمیہ جُملوں میں بیان کیا ہے، پھر تین فعلیہ جُملوں میں۔ پہلا جُملہ واو سے شروع ہوتا ہے جو "واوالحال" کہلاتا ہے (کیوں کہ وہ حال کے جُملے میں واقع ہے)۔ دوسرے جُملے میں ضمیر (یعنی سیفہٗ کی ہٗ) ہے، جو جُندی کی طرف راجع ہے۔ تیسرے جُملے میں واو کے ساتھ ضمیر بھی شامل ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حال مفرد بھی ہوتا ہے، اور جُملہ بھی، خواہ وہ جُملہ صرف ایک واو ہو، یا فقط ضمیر ہو، جو صاحب الحال کی طرف راجع ہو، یا واو اور ضمیر دونوں ہوں۔ یہ تینوں "رابط" کہلاتے ہیں۔

(۳) ج کے نیچے کی مثالوں میں جُندی کی کیفیت بیان کی گئی ہے۔ پہلی مثال میں حال (فوق الجوادِ) مضاف، مضاف الیہ ہے، دوسری میں حال (علیٰ جوادٍ) جار مجرور ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ "حال" ظرف ہوتا ہے، یا جار مجرور۔ ان تینوں حالتوں میں یہ مبتدا کی خبر کی طرح ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (الف) کسی فعل کے واقع ہونے کے وقت اگر فاعل، یا مفعول بہٖ کی کیفیت بیان کی جارہے، تو وہ حال کہلاتا ہے۔

(ب) حال کی تین صورتیں ہوسکتی ہیں:

۱۔ اِسم مفرد،

۲۔ جملہ اِسمیہ یا فعلیہ، جس میں ایک رابط ہوتا ہے، جو اکیلا واو، یا اکیلی ضمیر، یا دونوں ایک ساتھ ہوتے ہیں،

Marfat.com

۳- ظرف یا جار مجرور ہوتے ہیں ۔

## مشق ۱

نیچے کی عبارت میں حال بتلاؤ، جو فاعل یا مفعول کی کیفیت کو بیان کرتا ہے:

(۱) إذا بصوتَ مُعَلِّمك مُقبلاً ، وانت جالس، فقم له مُؤدّباً واجبَ الاحترام؛ ثم اجلس أمامه معتدلاً ، لا تلهُو عن سماع قوله .

(۲) بزغ القمرُ وقد احاطت به النّجُومُ ؛ فكان كالملك بين رعيته، وارسلَ ضوءَهُ لامعًا على صفحة النهر فكُنْت وانا اسيرُ معهُ في سيّارتي مسرورًا بهذا المنظر البديع .

(۳) من أدَّبَك صغيرًا فقد أحسَنَ اليكَ وانتَ كبيرٌ .

## مشق ۲

نیچے کی عبارت میں الحال مُفرد، جُملة الحاليه اسميه وفعليه، ظرف اور جار ومجرور جو حال واقع ہوا ہے، بتلادو :

يقوم الفلاّحُ من نومه مُبكِّرًا ، ويذهب إلى حقْلة وهو مُمتلئٌ نشاطًا وقُوّةً ، فيقضي يومَهُ يشُقّ الارض ويسقي الزرع . ثُمّ يترك عملهُ وقد غابت الشمس، ويعود الى القرية وراءه إبله قانعًا، مسرورًا . فإذا ما خيّم الظلامُ رايتَهُ على باب دار لا يتحدّث الى اهله في شؤون الزراعة .

Marfat.com

# سبق ۵۰

## تَمییز

الف
(۱) اشْتَرَيتُ رَطْلاً عِنَباً . رَطْلَ عِنَبٍ . رَطْلاً من عِنَبٍ .
(۲) بِعْتُ إِرْدَبّاً أَرُزّاً . إِرْدَبَّ أَرُزٍّ . إِرْدَبّاً من أَرُزٍّ .
(۳) اشْتَرَيتُ مِتْراً حريراً . مِتْرَ حريرٍ . مِتْراً من حَرِيرٍ .

ب
(۱) لَبِثْنَا فِي الإِسْكَنْدَرِيَّة ثلاثَةَ ..... عَشَرَة أيّامٍ .
(۲) رَأَيتُ أحَدَ عَشَر ...... تِسْعَةً وتِسْعِينَ جُنَيهاً .
(۳) سَافَرَ فِي السَّفِينَةِ مِائَةٌ...مِائتا....أَلْفُ...رَاكِبٍ .

ج
(۱) أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالاً .
(۲) كَمُلَ المُعَلِّمُ خُلُقاً .

---

جب تم یہ کہو کہ " اِشْتَرَیتُ رَطْلاً " تو یہ نہیں معلوم ہوتا کہ تم نے کیا خریدا ؟ کیوں کہ کلمہ " رطل" مبہم ہے ؛ کئی طرح کی چیزیں ایک رطل خریدی جا سکتی ہیں ۔ مگر جب تم یہ کہو کہ عِنَباً ( انگور ) تو معلوم ہوا کہ رطل سے تمہاری کیا مراد تھی ۔ اسی لیے کلمۂ عِنَباً کو تَمییز کہتے ہیں اور کلمہ رطل کو مُمَیَّز ۔

(۱) الف کے نیچے تین مثالیں مُمَیَّز کی ہیں : پہلی میں کلمہ رطل

Marfat.com

وہ اسم ہے؛ جو وزن پر دلالت کرتا ہے؛ دوسری میں ممیزؔ اردب ہے، جو ایک پیمانے کا نام ہے؛ اور تیسری میں کلمہ مِثْلُ ہے، جو ناپ بتاتا ہے۔ اس کے بعد تمییز پر غور کرو گے تو پاؤ گے کہ اس کی تین صورتیں ہیں: پہلی منصوب ہے، دوسری اضافت کے ساتھ مجرور ہے، اور تیسری مِن سے مجرور۔ اس سے معلوم ہوا کہ تمییز وزن، پیمانہ اور مساحت ہے اور اس میں تین وجوہ مذکورہ کا ہونا جائز ہے۔

(۲) ب کے نیچے جو تین مثالیں ہیں اُن تینوں میں مُمَیَّز عدد ہے۔ پہلی مثال میں تین سے لے کر دس تک کا کوئی عدد ہے۔ اس کی تمییز جمع مجرور آتی ہے۔ دوسری مثال میں گیارہ سے لے کر ننانوے ۹۹ تک کا کوئی عدد ہے، اور اُس کی تمییز مفرد منصوب آتی ہے۔ تیسری مثال میں سَو سے لے کر نو سو اور ہزار تک کا عدد ہے۔ اس کی تمییز مفرد مجرور آتی ہے۔ اس سے تم کو تینوں صورتوں میں عدد کی تمییز کی کیفیت معلوم ہو گئی۔

(۳) ج کے نیچے کی مثالوں میں گو مُمَیَّز مذکور نہیں ہے، لیکن ہم اسے سمجھ جاتے ہیں۔ پہلی مثال میں "بہت سی چیزوں کا میرے پاس ہونا" ظاہر ہوتا ہے۔ ہم نے اس کو صرف لفظ مَالاً سے مُمَیَّز کیا ہے۔ دوسری مثال سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی ایسی چیز مکمل ہو گئی ہے، جس کا تعلق معلم سے ہے ہم نے اُس چیز کو جو ہمارے دل میں ہے، خُلُقاً کہہ کر جتا دیا ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (الف) تمییز وہ اسم ہے جو کسی پہلے بیان کیے ہوئے اسم کی مراد کو بیان کرتا ہو؛ خواہ یہ پہلے کا بیان کیا ہوا اسم بولا گیا، یا نہ بولا گیا ہو۔ اسی کو مُمَیِّز کہتے ہیں۔

(ب) جو ممیزؔ بولا جارہے اگر وہ وزن، پیمانہ، مساحت پر دلالت کرے،

Marfat.com

تو اُس کی تمییز تین طرح آتی ہے (۱) نصب کے ساتھ، (۲) جر بالاضافت کے ساتھ، یا (۳) مِن کے ساتھ۔

(ج) مُمیَّز اگر بولا گیا ہو اور وہ عدد پر دلالت کرے، تو اُس کی تمییز:

(۱) تین سے لے کر دس تک جمع مجرور ہوتی ہے۔

(۲) گیارہ سے ننانوے (۹۹) تک مفرد منصوب، اور

(۳) سَو اور ہزار اور اُس سے زیادہ، مفرد مجرور ہوتی ہے،

(د) مُمیَّز اگر نہ بولا گیا ہو، بلکہ دل ہی میں سمجھا گیا ہو، تو اُس کی تمییز ہمیشہ مفرد منصوب آتی ہے۔

---

## مشق

نیچے کی عبارت میں تمییز اور اُس کی نوعیت بتلا دو:-

خَرَجَ فقيرٌ مِن بلدِهِ. فنزل وادياً قد تفجَّرَتْ أرضُهُ عيوناً، وطابت هواءً. فأقام به ثلاثَ سنواتٍ عاملاً. ثُمَّ اشترى فدّاناً أرضاً، زرعَهُ فاكهةً وبقلاً. فجادَ ثمراً. ولم تزل ثروتُهُ تتضاعفُ حتى بلغتْ مائةَ فدّانٍ؛ فصار من أكثرِ الناسِ مالاً وأعظمِهِم نعمةً

Marfat.com

# سبق ۱۵
## مُنادیٰ

الف

(۱) یاعَبْدَ الرَّحِیْمِ!
(۲) یاکَرِیْمَ الاَخْلَاقِ!
(۳) یااَمِیْرَ الشُّعَرَاءِ!

ب

(۱) یاحَمِیْدًا اِفْعَلْهُ!
(۲) یامُجِیْدًا اعمَلْهُ!
(۳) یاسَاعِیًا فی الخَیْرِ!

ج

(۱) یاغافِلًا! تَنَبَّهْ
(۲) یامُسْرِفًا اِسْتَنْدَمْ

د

(۱) یاحُسَیْنُ اِقْعُدْ
(۲) یاسَعِیْدَانِ!
(۳) یاسَعِیْدُوْن!

ھ

(۱) یاغُلَامُ اِلَّا تَلْعَبْ هُنَا
(۲) یافَتَیَانِ اِلَّا تَبْرَحَا مَکَانَکُمَا
(۳) یامُسَافِرُوْنَ اِهذا اِفْطَارُکُم

---

جب ہم کسی کو بُلانا چاہتے ہیں، تو اُس کا نام لے کر یا کسی اور طرح پکارتے ہیں؛ مثلاً: یا سَعِیْدُ، یاخادِمُ ، یا صاحِبَ الکتابِ، وغیرہ ۔ یا حرف ندا

Marfat.com

ہے اور اُس کا مابعد مُنادیٰ ۔

(۱) الف کی مثالوں میں ہر مُنادیٰ اسم مضاف ہے ۔ پہلی مثال میں مُنادیٰ عَلَم ہے اور دوسری تیسری میں صفت ۔

(۲) ب کے نیچے کی مثالوں میں مُنادیٰ اسم ہے، اور اُس کے ساتھ معنی کو صاف کرنے کے لیے کوئی لفظ لگا یا گیا ہے ؛ کیوں کہ حمیداً کے معنی صاف نہیں معلوم ہوتے ، جب تک کہ اُس کا کوئی فعل نہ بتلا یا جائے مُجِیداً بھی بغیر عَمَلاً کے صاف سمجھ میں نہیں آتا ؛ نہ ساعیاً بغیر فی الخَیْر کے ۔ اس قسم کے جتنے مُنادیٰ ہیں شَبِیہ بالمُضاف کہلاتے ہیں ؛ کیوں کہ اُن کو کسی مابعد کی ضرورت ہے اور اس لحاظ سے وہ مضاف سے بہت مشابہ ہیں ۔

(۳) ج کی مثالوں میں مُنادیٰ اسم نکرہ ہے کہ کسی خاص شخص کو نہیں پُکارا گیا ۔ غافِلاً سے یا غافِلُ اور مُسْرِفاً سے یا مُسْرِفُ مُراد ہے ۔ اس حالت میں مُنادیٰ کو "نکرہ غَیْرِ مَقْصُودَہ" کہتے ہیں ۔

غور کرو تو ان تینوں مثالوں (ا، ب، ج) میں مُنادیٰ کو منصوب ہی پاؤگے ۔

(۴) د کی مثالوں میں حُسَین ، سعیدان اور سعیدون عَلَم ہیں، اور اس لحاظ سے مُفرد ہیں ، کہ نہ وہ مضاف ہیں، نہ شبیہ بالمضاف ۔

(۵) ھ کی مثالوں میں ہر مُنادیٰ نکرہ ہے ، مگر ایسا کہ ہم نے اُس سے ایک خاص ذات مراد لی ہے ؛ مثلاً : غلام سے وہ خاص لڑکا ، جو کھیل رہا ہے ، فتیان سے وہ خاص لوگ ، جو جارہے ہیں، اور مُسافِرُون سے وہ خاص مسافر، جو ریل کے سامنے کھڑے ہیں ۔ چوں کہ اس اسم نکرہ سے ہم خاص لوگ مراد لیتے ہیں، اس لیے اسے "نکرہ مقصودہ" کہتے ہیں ۔

Marfat.com

اگر د اور ھ کی مثالوں پر غور کرو، تو دو میں رفع کی علامتوں میں سے ایک، یعنی ضمہ، پاؤ گے؛ دوسری دو میں الف اور تیسری دو میں واو۔ چوں کہ مُنادیٰ ایک طرح پر مفعول بہ ہے، اس لیے یہ کہا جاسکتا ہے کہ ان دونوں حالتوں میں وہ "مبنی علی الرّفع" ہیں اور "محلِّ نصب" میں ہیں۔

یہ یاد رکھو کہ جس طرح یَا حرف ندا ہے، ویسے ہی اَیَا، ھَیَا، اَیْ اور اَ بھی حرف ندا ہیں۔ یہ سب "یا" کے اخوات کہلاتے ہیں۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

قاعدہ: (الف) مُنادیٰ وہ اسم ہے جو کسی حرف ندا کے بعد آتا ہے۔ حرف ندا یہ ہیں: یَا، اَیَا، ھَیَا، اَیْ اور اَ۔

(ب) ذیل کی تین حالتوں میں مُنادیٰ منصوب ہوتا ہے:

۱۔ جب وہ مضاف ہو،

۲۔ جب وہ شبیہ بالمضاف ہو،

۳۔ جب وہ نکرہ غیر مقصودہ ہو، یعنی اُس سے کوئی خاص مُعیّن شخص یا چیز مُراد نہ ہو۔

(ج) ان دو حالتوں میں مُنادیٰ مبنی علی الرّفع اور محل نصب میں ہوتا ہے:

(۱) جب وہ علم مُفرد ہو، نہ مضاف ہو، نہ شبیہ بالمضاف۔

(۲) جب وہ نکرہ مقصودہ ہو، یعنی ایسا نکرہ کہ اس سے کوئی مُعیّن شخص، یا چیز مُراد ہو۔

Marfat.com

## مشق

نیچے کے جملوں میں منادیٰ معرب اور مبنی بتلاؤ اور بنا اور اعراب اور ان کے اعراب کی وجہ بیان کرو:-

(۱) ساعِدِي أُمَّكِ يا فاطِمَةُ!

(۲) يا عَظِيمًا يُرجى لِكُلِّ عَظِيمٍ!

(۳) هَلُمَّ إِلَيْنا يا شُرطِيُّ!

(۴) يا أُمَّهاتِ المُستَقبِلِ!

(۵) يا جَبَلُ الكَرم شاهَدتَ مِن دُوَلٍ

(۶) يا شَرِيفًا أَصلُهُ لا تَفخَر بِأَصلِكَ

(۷) يا مُجِدُّونَ ثِقُوا بِالنَّجاحِ

(۸) يا شَرِيكانِ لا تَختَلِفا

---

# سبق ۵۲

## تاکید لفظی اور معنوی

الف ـــــــــ لفظی

(۱) سَبَقَ سَبَقَ حُسَيْنٌ

(۲) سَبَقَ حُسَيْنٌ حُسَيْنٌ

(۳) سَبَقَ حُسَيْنٌ سَبَقَ حُسَيْنٌ

(۴) نَعَمْ نَعَمْ هُوَ السّابِقُ

---

(۵) إِذهَبْ أَنتَ

(۶) ذَهَبْتُ أنا

(۷) رَأَيتُكَ أَنتَ

(۸) وَثِقْتُ بِهِ هُوَ

ب ـــــــــ معنوی

(۱) أَقبَلَ المَلِكُ نَفسُهُ ـ عَيْنُهُ

(۲) إِشتَرَيتُ القَصرَ كُلَّهُ ـ جَمِيعَهُ ـ عامَّتَهُ

(۳) وَصَلَ القِطارانِ كِلاهُما

(۴) إِرتَفَعَتِ الطَّيّارَتانِ كِلتاهُما

---

(۵) إِذهَبْ أَنتَ نَفسُكَ

(۶) ذَهَبتُ أَنا نَفسِي

(۷) رَأَيتُكَ نَفسَكَ

(۸) وَثِقتُ بِهِ نَفسِهِ

Marfat.com

بعض وقت ایسا ہوتا ہے کہ کسی سے کوئی بات کہی جاتی ہے، تو وہ بات کا کوئی حصّہ، یا پوری بات، نہیں سمجھتا اور اُسے کچھ شک رہ جاتا ہے۔ اُس کا شک رفع کرنے کے لیے بات کو زور دے کر کہا جاتا ہے؛ مثلاً: تم یہ کہو کہ اَقْبَلَ الْوَزِیْرُ۔ اس میں سُننے والے کو یہ شک رہ گیا کہ آنے والا خود وزیر ہے، یا اُس کا وکیل؛ تو تُم لفظ وزیر کو دُہرا کر کہو گے کہ اَقْبَلَ الْوَزِیْرُ الْوَزِیْرُ، یا اسی کا ہم معنی کوئی اور جُملہ کہو گے؛ جیسے: اَقْبَلَ الْوَزِیْرُ نَفْسُہٗ۔ پہلی صورت کو "تاکیدِ لفظی" کہتے ہیں، دوسری کو "تاکیدِ معنوی" اور کلمۂ وزیر کو "موکّد"۔

(۱) جو مثالیں الف کے نیچے ہیں وہ سب تاکید لفظی کی ہیں۔ پہلی میں تاکید لفظی فعل (سَبَقَ) کے دُہرانے سے پیدا ہوئی ہے، دوسری میں اسم (حُسَیْن) کے دُہرانے سے، تیسری میں پورے جُملے (سَبَقَ حُسَیْن) کے دُہرانے سے، اور چوتھی میں لفظ نَعَمْ کے دُہرانے سے۔ تاکید ضمیر مُستتر سے کی جائے (جیسا کہ پانچویں مثال میں ہے) یا ضمیر بارز متصل سے (جیسا کہ بعد کی مثالوں میں ہے) تو اسے ضمیر رفع منفصل سے موکّد کیا جاتا ہے؛ جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

(۲) ب کے نیچے جتنی مثالیں ہیں وہ تاکید معنوی کی ہیں۔ پہلی مثال میں تاکید کا لفظ نَفْسٌ، یا عَیْنٌ ہے؛ دوسری میں کُلٌّ، یا جَمِیْعٌ یا عَامَّۃٌ ہے؛ تیسری میں کِلَا ہے، جو مثنّٰی مذکر کے لیے آتا ہے؛ اور چوتھی میں کِلْتَا۔ جو تثنیہ مؤنث کے لیے آتا ہے۔ ان ساتوں الفاظ کے لیے لازمی ہے کہ وہ کسی ایسی ضمیر سے متصل ہوں جو موکّد کی طرف راجع ہوتی ہو اور اُس کے موافق ہو؛ جیسا کہ پہلی چاروں مثالوں سے واضح ہے۔ اگر ہم یہ چاہیں کہ کسی ایسی ضمیر کو موکّد کریں جو نَفْسٌ یا عَیْنٌ سے متصل ہو، تو اگر ضمیر مرفوع ہو تو اُس کی تاکید پہلے ضمیر رفع منفصل کی لائیں، جیسا کہ پانچویں اور چھٹی مثال سے ظاہر ہے؛ اور اگر ضمیر منصوب اور مجرور ہے، تو اُس کی تاکید بغیر

Marfat.com

ضمیر منفصل کے آ رہے گی، جیسا کہ ساتویں اور آٹھویں مثال سے واضح ہے۔

اگر الف اور ب دونوں مثالوں پر غور کریں، تو معلوم ہوگا کہ تاکید ہمیشہ تینوں اعراب میں اپنے ماقبل کی تابع ہوتی ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** تاکید وہ تابع ہے، جو اپنے ماقبل کی تقریر کو مخاطب کے دل نشین کرنے کے لیے لائی جاتی ہے۔ اُس کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ لفظی؛ جو کسی اِسم، یا فعل، یا حرف، یا جملے کو دوبارہ لانے سے ظاہر کی جاتی ہے۔ اگر مؤکّد ضمیر مستتر یا متصل ہو تو اُسے ضمیر رفع منفصل سے واضح کیا جاتا ہے۔

۲۔ معنوی؛ ان سات الفاظ سے ظاہر کی جاتی ہے: اَلنَّفْسُ[۱]، اَلْعَیْنُ[۲]، کُلٌّ[۳]، جَمِیْعٌ[۴]، عَامَّۃٌ[۵]، کِلَا[۶]، اور کِلْتَا[۷]۔ واجب ہے کہ یہ الفاظ ایسی ضمیر سے متصل ہوں جو مُؤکّد کے مطابق ہو۔

جائز ہے کہ تاکید ضمیر مستتر کی اور ضمیر رفع کی جو نَفْسٌ اور عَیْنٌ سے متصل ہو، کی جائے، بہ شرطے کہ ضمیر رفع منفصل سے تاکید ہو، لیکن یہ شرط ضمائر نصب و جر کی ضمائر متصلہ کے لیے ضروری نہیں ہے۔

---

## مشق ۱

نیچے کی عبارت میں مُؤکّد اور مُؤکّد بتلا دو:

ذَهَبْتُ مع اَصْدِقَائِیْ کُلِّهِمْ لِحُضُوْرِ حَفْلَةِ الرِّیَاضَةِ البَدَنِیَّةِ، فَرَأَیْنَا نَحْنُ أَنْفُسُنَا التَّلَامِیْذَ یَتَسَابَقُوْنَ۔ وَقَدْ وَزَّعَ الْوَزِیْرُ نَفْسُهُ الْجَوَائِزَ عَلَى الْفَائِزِیْنَ۔ وَكَانَتْ مَدْرَسَتُنَا الاُوْلٰى۔

Marfat.com

فَسُرِرْتُ سُرِرْتُ كَثِيرًا، وَلَا رَيْبَ أَنَّهَا جَدِيدَةٌ جَدِيدَةٌ بِهٰذَا الْفَوْزِ الْبَاهِرِ ۔

---

## مشق ۲

نیچے کے جملوں میں اسماء مؤکّد کے اعراب بتلاؤ اور اُن کا سبب بیان کرو :-

(۱) وَزَّعَ الْوَزِيرُ نَفْسُهُ الْجَوَائِزَ ۔

(۲) أَطِعْ وَالِدَيْكَ كِلَيْهِمَا ۔

(۳) يَفْرَحُ الصِّغَارُ كُلُّهُم بِاللَّعِبِ ۔

(۴) زُرْتُ هٰذِهِ الْمَدِينَةَ عَيْنَهَا ۔

(۵) قَابَلْتُ هٰذَا الرَّجُلَ عَيْنَهُ بِالْأَمْسِ ۔

(۶) دَفَّتَا الْكِتَابِ كِلْتَاهُمَا مُبَرْقَشَتَانِ ۔

(۷) يَزُورُ السَّائِحُونَ جَمِيعُهُم الْجَامِعَ ۔

(۸) الْفَتَيَاتُ عَامَّتُهُنَّ يَصِلْنَ إِلَى الزِّينَةِ ۔

---



Marfat.com

# سبق ۵۳

## عطف: اُس کے حروف اور اُن کے معنی

(۱) سافَرَ نُعمانُ ومَنصُورُ
(۲) دَخَلَ الأُمَراءُ فالوُزَراءُ
(۳) قابَلتُ الوَكِيلَ ثُمَّ الوَزِيرَ
(۴) سَافِرفی السَّيَّارَةِ أَوِالقِطارِ
(۵) اُحضُرَحَسَّانُ اَمُ طارِقُ
(۶) نَجَحَ یُوسُفُ بَل اِبراهِیمُ
(۷) اِشْتَرَیتُ الکِتابَ لَاالقَلَمَ
(۸) مَاحَضَرالمَلِكُ لٰكِنَّ الوَزِیرُ

کبھی ہم ایک کلمے کے بعد دوسرا کلمہ لاکر اُس کو اعراب میں پہلے کلمے کا تابع کردیتے ہیں، اور ان دونوں کے درمیان میں کوئی حرف، مثل واو یا ف وغیرہ، کے لاتے ہیں؛ مثلاً: ہم کہتے ہیں کہ نَجَحَ ابراهیمُ ویُوسُفُ اس میں کلمۂ حَسَنٌ کو "معطوف" اور کلمۂ سعد کو "معطوف عَلَیْہٖ" اور ان دونوں کے بیچ کی واو کو "حرف عطف" کہتے ہیں.

اب حروف عطف اور اُن کے معنی کا حال سُنو:-

(۱) اوپر کی آٹھ مثالوں میں سے پہلی مثال میں حرف عطف واو ہے، جو نعمان اور منصور دونوں کے ایک ساتھ سفر کرنے کو ظاہر کرتا ہے؛ یعنی یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اُن دونوں میں سے کسی ایک نے پہلے سفر شروع کیا ہے. یہاں واو "مطلق الجمع" (بالکل یک جا) کے واسطے ہے. دوسری مثال میں حرف عطف ف ہے. اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُمَراء پہلے داخل ہوئے اور اُن کے بعد وزراء. یہاں ف "ترتیب اور تعقیب" (آگے پیچھے)

Marfat.com

کے لیے ہے۔ تیسری مثال میں حرف عطف ثُمَّ ہے۔ اس سے معلوم ہوتا کہ پہلے تو وکیل سے مقابلہ ہوا، اُس کے تھوڑی دیر کے بعد وزیر سے۔ یہاں جو ثُمَّ ہے وہ "ترتیب مع التراخی"، ترتیب میں کچھ دیر کا ہے۔ چوتھی مثال میں حرف عطف اَوْ ہے جو ماقبل اور مابعد کے درمیان میں "تخییر" (چُننا) کے معنی پیدا کرتا ہے۔ پانچویں مثال میں حرف عطف اَمْ کا مطلب "طَلَبُ تَعْیِیْنٍ" (ٹھیک طرح مقرر کرنے کو چاہنا) ہے۔ کیوں کہ کہنے والا نہیں جانتا کہ حسّان حاضر ہوا یا طارق، اور کہنے والے نے اس کا تعیّن کرانا چاہا ہے۔ چھٹی مثال میں حرف عطف "بَلْ" ہے۔ یہ اپنے ماقبل کا ذکر کر کے مابعد کو ثابت کرتا ہے۔ اس عطف کو "اضرابی" عطف کہتے ہیں۔ مثال کا یہ مطلب ہے کہ کہنے والا ابراہیم کی کامیابی کو ثابت کرتا ہے اور یوسف کا صرف ذکر ہی کر کے خاموش ہو جاتا ہے۔ ساتویں مثال میں حرف عطف لا ہے، جو قلم کے خریدنے کی نفی کرتا ہے۔ یوں یہ عطف اپنے مابعد کے حکم کی نفی کرتا ہے۔ آٹھویں مثال میں حرف عطف لٰکِنَّ ہے یہ اُس وہم کے رفع کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے، جو سننے والے کو بادشاہ کے موجود نہ ہونے سے وزیر کی عدم موجودگی کا ہوتا۔ ایسے عطف کو "اِستدراکی" عطف کہتے ہیں۔

(۲) غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ سب مثالوں میں معطوف اور معطوف علیہ کا اعراب ایک ہی ہے، جو حالت دو اسماء کے درمیان عطف کی ہے؛ وہی دو افعال کے درمیان کے عطف کی بھی ہوگی اور دونوں کے اعراب ایک ہی ہوں گے؛ یعنی: دوسرا کلمہ اعراب میں پہلے کلمے کا تابع ہوگا، مثلاً: یَفُوْزُ وَیَنْجَحُ الْمُجْتَهِدُ، اور لَنْ یَفُوْزَ وَیَنْجَحَ الکسلانُ۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (۱) معطوف ایک ایسا تابع ہے کہ اُس کے اور اُس کے

Marfat.com

متبوع کے درمیان میں کوئی ایک حرف عطف ہوتا ہے۔ حروف عطف یہ ہیں:
واو، ف، ثُمَّ، اَوْ، اَمْ، بَلْ، لَا، لٰكِنَّ۔

(۲) معطوف کا اعراب وہی ہوتا ہے، جو معطوف علیہ کا۔

## مشق ۱

نیچے کے جملوں میں معطوف اور معطوف علیہ بتلاؤ اور اُن کے اعراب اور سبب بیان کرو:-

(۱) نَظِّمْ كُتُبَكَ وَاَدَوَاتَكَ
(۲) رَحَلَ الطَّيَّارُ اِلٰى دِهْلِي ثُمَّ بُمْبَئِى
(۳) تكون الدّجاجه بَيْضَةً ثُمَّ زَغَاثُمَّ دجاجة
(۴) يَصْطَادُ النَّاسُ بِلِ الْاَغْنِيَاءُ فِي اُورُبَّا
(۵) سَأَشْتَرِي سَاعَةً اَوْ دَرَّاجَةً
(۶) اَيُّكُمَا اَكْبَرُ؛ اَنْتَ اَمْ اَخُوكَ؟
(۷) دَعَوتُ عثمان لَا اخاه
(۸) مَا سَافَرَ سَعِيدٌ لٰكِنْ ابوه

## مشق ۲

نیچے کے جملوں میں افعال کے معطوف اور معطوف علیہ بتلاؤ اور اُن کا سبب بیان کرو

(۱) يَشْتَغِلُ الْعَامِلُ نَهَارَهُ ثُمَّ يَسْتَرِيحُ
(۲) يَسُرُّنِي اَن تَجِدَّ فَتَنْجَحَ
(۳) يَنَامُ رَشِيدٌ وَيَقُومُ مُبَكِّرًا
(۴) أَقْرَأُ دُرُوسِي فَأَفْهَمُهَا
(۵) لَمْ اَكْتُبِ الرِّسَالَةَ وَأُرْسِلْهَا بِالْبَرِيدِ
(۶) لَنْ تَفُوزَ وَتَنَالَ الْجَائِزَةَ اِلَّا بِالْجِدِّ

Marfat.com

# سبق ۵۴
## مفعول مَعَہٗ

## واوِ معیت ؛ واوِ عطف

الف

(۱) سَافَرَ مَحْمُودٌ وَجَمْنَا
(۲) مَشَى مُخْتَارٌ وَشَارِعَ القَلعة
(۳) زَارَنِى رَشِيدٌ وَطُلُوعَ الشَّمس

ب

(۱) اقبل الوزيرُ والملِكُ ـ وَالْمَلِكَ
(۲) تَحَرَّكَ الْجُنْدُ والقائِدُ ـ وَالْقَائِدَ
(۳) زارني حَسَنٌ وصاحِبُه ـ وصاحِبَه

ج

(۱) تقابَلَ المَلِكُ وَالْوَزِيرُ
(۲) تَصَادَمَ القِطَارُ والسَّيَّارَةُ
(۳) تخاصَمَ مَسْعُودٌ وإسماعيلُ

جب یہ کہا جائے کہ سَافَرَ مَحْمُودٌ وجَمْنَا (محمود اور دریائے جمنا نے سفر کیا) تو اس میں جو واو ہے وہ جمنا اور محمود کو عطف دے کر ایک کو دوسرے کے ساتھ شامل کرنے کے لیے مناسب نہیں ہے؛ بلکہ اس سے مطلب یہ ہے کہ محمود نے جمنا کے قریب، کنارے کے ساتھ ساتھ، سفر کیا۔ اس لیے اس واو کو واو معیت (ساتھ والا واو) کہتے ہیں، اور اس کے بعد جو اسم ہے اُسے "مفعول مَعَہٗ"۔ یہ واو ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ واو صرف عطف ہی کا نہیں ہوتا۔

Marfat.com

بلکہ مَعِیَّت کا بھی ہوتا ہے ۔

اب اِن دونوں کا فرق سُنو :

(۱) الف کی مثالوں کے معنی پر غور کرو ۔ واو کے مابعد جو کلمے جمنا، شارع القلعۃ، اور طلوع الشمس ہیں، اُن کا عطف اپنے ماقبل سے صحیح نہیں ہوگا؛ کیوں کہ دریائے جمنا آدمیوں کی طرح سفر نہیں کرتا، نہ قلعے کی سڑک چلتی ہے، اور نہ طلوع الشمس کسی کے پاس جاتا ہے ۔ اس لیے ظاہر ہے کہ یہ واو "واو مَعِیَّت" ہے ۔ اس کے بعد جو اسم ہے اُس پر نصب آرہے گا، کیوں کہ وہ مفعول معہٗ ہے؛ جیسا کہ ہم نے ابھی بیان کیا ہے ۔

(۲) ب کی تینوں مثالوں پر غور کرو، تو پاروگے کہ ہر مثال میں جو واو ہے وہ عطف کی صلاحیت رکھتا ہے؛ کیوں کہ وزیر اور مَلِک آسکتا ہے، فوج اور سپہ سالار حرکت کرسکتے ہیں، حسن اور اُس کا دوست ملاقات کے لیے جاسکتے ہیں ۔ پھر غور کرو تو معلوم ہوگا کہ اس واو میں واو معیت بننے کی بھی صلاحیت ہے؛ کیوں کہ کہا جاسکتا ہے کہ اَقْبَلَ الْوَزِیْرُ مع الْمَلِكِ اور تَحَرَّكَ الْجُنْدُ مع القائِدِ وغیرہ؛ اس لیے اس کے مابعد کا عطف جائز ہے، اور نصب بھی؛ کیوں کہ وہ مفعول ہوگا ۔

(۳) ج کی مثالوں کے معنی پر غور کرو، تو معلوم ہوگا کہ مُقَابِلَۃ (سامنے ہونا) صرف ایک آدمی (یعنی بادشاہ سے) نہیں ہوسکتا ۔ اس عمل کے لیے ضروری ہے کہ ایک اور آدمی بھی ہو ۔ اسی لیے تَصَادُم (ٹکرانا) دو چیزوں میں ہوسکتا ہے ۔ یہی حال تَخَاصُم (جھگڑے) کا ہے، وہ بھی دو آدمیوں کے درمیان میں ہوسکتا ہے ۔ ایسی صورت میں ضروری ہوجاتا ہے کہ واو کے مابعد جو کلمہ ہے، اُسے اُس کے ماقبل کے ساتھ عطف دیا جائے، تاکہ

Marfat.com

معنی صحیح ہو جاویں. ظاہر ہے کہ ایسی مثالوں میں واو "عطف" ہی کا ہوگا.
اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (الف) ہر وہ اسم جو ایسے واو کے بعد آوے، جس کے معنی "مَعَ" کے ہوں اور یہ ظاہر کرے کہ کیا کام کیا گیا، وہ "مفعول مَعَہٗ" کہلاتا ہے، اور منصوب ہوتا ہے.

(ب) اگر واو ایسے موقعے پر آوے کہ اُس کے ماقبل اور مابعد کے درمیان عطف ہونا مناسب نہ ہو، تو وہ "واو معیت" ہوگا. لیکن اگر کوئی ایسا سبب موجود ہو کہ وہ عطف بن سکے، تو جائز ہے کہ وہ واو معیت اور عطف دونوں کا ہو جاوے. فعل کے بعد بھی عطف آسکتا ہے.

---

## مشق

نیچے کے جملوں میں بتلاؤ کہ واو کیسے ہیں اور اُس کی وجہ بھی بتلاؤ:

(۱) یَصحُو الفلاحُ من نومِہِ وَالفجرَ
(۲) فرحت بنجاح احمد و اسمٰعیل
(۳) اختصم التاجر و شریکہ الی القاضی
(۴) تساوی اللیل والنہار
(۵) یَزورُ السّائحون والسائحات ہند
(۶) اِتّحد المعلم و تلمیذہ فی الرای
(۷) تسیر السفینۃ وضفۃ النہر
(۸) لا تلتف القط والفار

# سبق ۵۵

## بدل

الف

(۱) نَالَ الْجَائِزَةَ التِّلْمِيذُ حَسَنٌ
(۲) زُرْتُ الْمُدِيرَ سَعِيدًا
(۳) فَرِحْتُ بِالْأَمِيرِ نَادِرْخَانَ

ب

(۱) ظَهَرَ الْقَمَرُ، نِصْفُهُ
(۲) رَأَيْتُ سَعِيدًا، وَجْهَهُ
(۳) جَلَسْتُ فِي الْحُجْرَةِ رُكْنِهَا

ج

(۱) نَفَعَنِي الْمُعَلِّمُ، عِلْمُهُ
(۲) سَمِعْتُ الْبُلْبُلَ، صَوْتَهُ
(۳) نُسَرُّ بِالْوَطَنِ، رُبَاهِ فِيهِ

د

(۱) لِأَخِي سَيَّارَةٌ، دَرَّاجَةٌ
(۲) اشْتَرَيْتُ كِتَابًا - قَلَمًا
(۳) عَرَشْتُ بِالْخَشَبِ - الْحَدِيدِ

---

بعض وقت بول چال میں ہم کوئی ایسا لفظ بول جاتے ہیں، جس سے حقیقت میں ہماری غرض نہیں ہوتی۔ پھر اس کے ساتھ ہی ایسا لفظ بولتے ہیں جس سے ہماری اصل غرض ہوتی ہے؛ مثلاً: اگر ہم کہیں کہ " وَضَعَ النَّحْوَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيٌّ" تو حقیقت میں ہماری غرض امیر المومنین سے نہیں ہے، بلکہ علی سے ہے۔ ہمارا امیر المومنین کہنا صرف ایک تمہید ہے۔ کہنا تو صرف یہ ہے کہ "وَضَعَ النَّحْوَ عَلِيٌّ"۔

ایسی صورت میں پہلے کلمے (أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ) کو "مُبْدَل منه" کہتے ہیں، اور دوسرے (عَلِيٌّ) کو "بدل"۔

Marfat.com

اب دیکھو کہ بَدَل کی کتنی قسمیں ہیں اور اُن کا عمل کیا ہے :

(۱) الف کی تینوں مثالوں کے آخر میں ایک اسم آیا ہے، جو اپنے ماقبل کا "بَدَل" ہے؛ چنانچہ حَسَنٌ بَدَل ہے تِلْمِیْذ کا، سَعِیْدًا بَدَل ہے مُدِیْر کا، اور نادرخان بَدَل ہے امیر کا۔ پہلے کلمے (تِلْمِیْذ وغیرہ) سے جو شخصیت مراد ہے، وہ دوسرے کلمے (حَسَن وغیرہ) سے موافق اور مطابق ہے۔ اس قسم کے بدل کو "بَدَلِ مطابق" کہتے ہیں۔

(۲) ب کی تینوں مثالوں کے آخر میں ایک اِسم آیا ہے، جو اپنے ماقبل کا بَدَل ہے۔ غور سے دیکھو تو بَدَل اپنے مُبْدَل مِنْہُ کے کسی ایک حِصّے پر دلالت کرتا ہے؛ مثلاً: نصف ایک حِصّہ ہے قمر کا، وجہ ایک جزء ہے سَعِیْد کا، رُکن ایک ٹکڑا ہے حجر کا۔ اس قسم کے بدل کو "بدلُ البعض من الکل" کہتے ہیں۔ یہ بھی خیال رہے کہ ان سب مثالوں میں ایک ضمیر پوشیدہ ہے، جو مُبْدَل مِنْہُ کی طرف راجع ہوتی ہے اور اُس کے مطابق بھی ہے۔

(۳) ج کی تینوں مثالوں کے آخر میں ایک اسم آیا ہے، جو اپنے ماقبل کا بَدَل ہے۔ مگر عِلمٌ نہ تو مُعَلِّم ہے، نہ اُس کا کوئی حِصّہ؛ صَوت نہ خود بُلبُل ہے، نہ اُس کا کوئی جزء؛ شَرقِی اصل میں نہ وطن ہے، نہ اُس کا کوئی ٹکڑا۔ لیکن بَدَل اور مُبدَل مِنْہ میں کوئی نہ کوئی مناسبت ضرور ہے۔ مثلاً: علم منسوب ہے مُعلّم سے، صوت منسوب ہے بُلبُل سے، وغیرہ۔ اس قسم کا بدل "بدلُ الاشتمال" کہلاتا ہے۔ اس میں بھی ایک پوشیدہ ضمیر ہے، جو مَبدل منہ کی طرف راجع اور اُس کے مطابق ہے۔

(۴) د کی تینوں مثالوں میں ایک اسم آیا ہے، جو اپنے ماقبل کا بدل ہے، مگر اپنے معنی میں اس سے پوری طرح الگ ہے : مثلاً: دَرّاجۃ اور



Marfat.com

چیز ہے اور سَیَّارۃ اور چیز ہے۔ اسی طرح قلم کو کتاب سے کوری مناسبت نہیں ہے، اور حدید اور خشب بھی الگ الگ چیزیں ہیں۔ بات یہ ہے کہ بولنے والا پہلا لفظ غلط بول گیا، جو مبدل منہ تھا۔ پھر اُسے اپنی غلطی معلوم ہوری تو اُس نے دوسرا وہ صحیح لفظ بولا، جو حقیقت میں وہ کہنا چاہتا تھا۔ اسی لیے اس قسم کے بدل کو "بَدَل غَلَطْ" یا "بدل مُبایِن" کہتے ہیں۔

اب پھر ساری مثالوں کو دیکھو تو معلوم ہوگا کہ بَدَل کا وہی اعراب ہے۔ جو مُبْدَل مِنْه کا ہے۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (الف) بدل ایسا تابع ہے جس سے پہلے تمہید کے لیے ایک اِسم آتا ہے، مگر اُس سے اصلی مراد نہیں ہوتی۔ بَدَل چار قسم کا ہوتا ہے: بَدَل مُطابِق، (۲) بَدَلُ بعضٍ مِن کُلٍ (۳) بَدَلُ اشتمال، (۴) بَدَلُ غلط' یا بدل مُباین۔

(ب) بَدَل بَعْض اور بَدَل اشتمال میں ایک ضمیر ہوتی ہے، جو مُبدل مِنه کی طرف راجع ہوتی ہے اور اُسی کے مطابق ہوتی ہے۔

## مشق

نیچے کے جُملوں میں بدل کی قسمیں بتلادو:۔

| | |
|---|---|
| (۱) نالتِ الآنسةُ فاطمةُ الجائزةَ | (۶) فُتِحَ شارِعُ لا هورَ |
| (۲) رأیتُ السفینةَ شِراعَها | (۷) شَرِبتَ الماءَ، لبَنَ |
| (۳) سَرَّنِی المریضُ شفاؤہٗ | (۸) قرأتُ الکتابَ ثُلُثَیهِ |
| (۴) قصدتُ الی المنزلِ المدرسةَ | (۹) أکلتُ الخُبزَ نِصْفَها |
| (۵) الامیر اعظم جاہ ولیّ عہد حیدرآباد | (۱۰) کان سیّدُ احمد مِن أکبرِ المُصلِحِین |

Marfat.com

# سبق ۵۶

## استفہام (سوال) اور جواب کے حروف

(۱)

| | استفہام | جواب |
| --- | --- | --- |
| الف | (۱) هَلْ رَاكِبٌ مَنْصُورٌ طَيَّارَةً؟ | (اثبات کے لیے) نَعَمْ ، أَجَلْ |
| | (۲) هَلِ الطَّيَّارَةُ مُرِيحَةٌ ؟ | (انکار کے لیے) لا |
| | (۳) هَلْ وَصَلَ الطيارُ الْيَوْمَ ؟ | |
| ب | (۱) أَسافَرْتَ فِي الطَّيَّارَةِ ؟ | (اثبات کے لیے) نَعَمْ ، أَجَلْ |
| | (۲) أَسَفَرُ الطَّيَّارَةِ مُرِيحٌ ؟ | (انکار کے لیے) لا |
| | (۳) أَمَنْصُورٌ سافَرَ أَمْ طارِقٌ؟ | نام لے کر جواب دیا جاوے گا |
| | (۴) أَسَيَّارَةً رَاكِبٌ ،أمْ قطاراً؟ | |
| | (۵) أَلَمْ تَزُرْ بُستانَنا ؟ | (اثبات کے لیے) بَلَىٰ |
| | (۶) أَلَيْسَ الْبُسْتَانُ جَمِيلاً؟ | (انکار کے لیے) نَعَمْ ، أَجَلْ |

---

کسی بات کے دریافت کرنے کے لیے عربی میں شروع کلام میں استفہام (سوال) کے واسطے کوئی حرف بڑھا دیتے ہیں ۔ یہ حروف کیا ہیں، ان کا استعمال کیا ہے، اور ان کا جواب کیوں کر دیا جاتا ہے؟ سنو:

(۱) الف کے نیچے جو مثالیں ہیں وہ حرف استفہام "هَل" سے شروع ہوتی ہیں۔ یہ لفظ سوال کے لیے مخصوص ہے ۔ پہلی مثال میں

Marfat.com

منصور کے ہوائی جہاز پر سوار ہونے کو پوچھا گیا ہے۔ اگر اس کا جواب اثبات (ہاں) میں ہے، تو نَعَمْ یا اَجَلْ میں سے کوئی لفظ کہیں گے، اور اگر نفی (انکار) میں ہے، تو "لا" کہیں گے یہی حال باقی اور مثالوں کا ہے۔

(ب) کے نیچے جو چھ فقرے ہیں، وہ ہمزہ سے شروع ہوتے ہیں، یہ بھی سوال کی علامت ہے۔ ہمزہ کی جگہ "هَلْ" بھی کہا جا سکتا ہے پہلی اور دوسری مثال میں ہمزہ کے مابعد کے متعلق سوال ہے؛ تو یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ "هلْ سَافرت فی الطیارۃِ؟" "هل سَفَرُ الطّیارۃ مُریحٌ؟" ان سوالوں کے جواب وہی ہو سکتے ہیں جو الف کی مثالوں کے۔ تیسری اور چوتھی مثالوں میں حرف عطف "اَمْ" آیا ہے۔ ان میں جو ہمزہ ہے، وہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ جواب میں اُن اسماء میں سے ایک کی تعیین کی جائے، جو اُس جملے میں آرہے ہیں۔ اس صورت میں اگر منصور نے سفر کیا ہے تو اُس کا نام لیا جائے گا، ورنہ طارق کا۔ یہی صورت چوتھی مثال کی ہے۔ پانچویں اور چھٹی مثالوں میں ہمزۂ استفہام کے بعد ہی کلمۂ نفی (لَمْ، لَیْسَ) بھی موجود ہے۔ اگر ہم کو باغ کے دیکھنے یا باغ کے خوبصورت ہونے کا اقرار ہے تو ہمارا جواب بَلیٰ ہوگا؛ اگر انکار ہے تو نَعَمْ یا اَجَلْ (میں سے کوئی لفظ)

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ:

**قاعدہ:** (الف) هَلْ یا ہمزہ، دو حرف استفہام ہیں۔ اُن کا جواب دو کلموں، نَعَمْ اور اَجَلْ میں سے ایک، ہے، اور انکاری جواب صرف ایک حرف لَا ہے۔

ب) جس جملے میں ہمزۂ استفہامیہ کے ساتھ حرف عطف اَمْ ہو اور اُس کے بعد ایک، یا ایک سے زیادہ، چیزوں کے متعلق سوال کیا گیا ہو، تو جواب میں نام کی تعیین کی جائے گی۔

Marfat.com

(ج) اگر ہمزۂ استفہامیہ کے بعد کوئی حرف نفی ہو اور اُس کا جواب اثبات (اقرار) میں دینا ہو تو صرف حرف بَلیٰ کہا جاوے گا؛ اور اگر جواب نفی میں ہو تو نَعَمْ یا اَجَلْ میں سے کوئی ایک لفظ جواب ہوگا۔

---

# سبق ۵۰

## اِستفہام کے اور حروف

---

(۱) مَنِ التِّلْمِيْذُ الْاَوَّلُ ؟

(۲) ما هٰذَا الْكِتَابُ ؟

(۳) مَتَى اِشْتَرَيْتَهُ ؟

(۴) اَيَّانَ تُسَافِرُ ؟

(۵) اَيْنَ تَقْضِي الصَّيْفَ ؟

(۶) كَيْفَ تُرِكْتَ اِخْوَانَكَ ؟

(۷) كَمْ كِتَابًا قَرَأْتَ ؟

(۸) أَيُّ إِخْوَانِكَ أَكْمَلُ ؟

---

استفہام کے دو حروف، هَلْ اور ہمزہ، کے علاوہ کچھ اور اسماء بھی استفہام کے لیے آتے ہیں اُن کو ہم یہاں بیان کرتے ہیں:

(۱) مَنْ: یہ صرف ''عاقل'' (عقل والے) کے لیے استعمال ہوتا ہے؛ جیسا کہ پہلی مثال میں ہے۔

(۲) مَا: یہ ''غیر عاقل'' (جس میں عقل نہ ہو) کے لیے استعمال ہوتا ہے؛ جیسا کہ دوسری مثال میں ہے۔

(۳) مَتَیٰ: زمانۂ ماضی کی تعیین کے لیے استعمال ہوتا ہے؛ جیسا کہ تیسری مثال میں ہے۔ نیز زمانۂ مستقبل کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے؛

Marfat.com

جیسے: "مَتَى تُسَافِرُ ؟ (تو کب سفر کرے گا ؟)

(۴) أَيَّانَ : زمانۂ مستقبل کی تعیین کے واسطے استعمال ہوتا ہے ؛ جیساکہ چوتھی مثال میں ہے ۔

(۵) أَيْنَ : مکان کی تعیین کے واسطے آتا ہے ؛ جیساکہ پانچویں مثال میں ہے

(۶) كَيْفَ : حال کی تعیین کے واسطے آتا ہے ؛ جیساکہ چھٹی مثال میں ہے

(۷) كَمْ : عدد کی تعیین کے واسطے آتا ہے ؛ جیساکہ ساتویں مثال میں ہے

(۸) أَيٌّ : اوپر کے اسمار استفہام میں سے کسی کی جگہ استعمال ہوسکتا ہے اور یہ جس کی طرف مضاف ہوتا ہے اُس کو خاص کر دیتا ہے ۔ اگر ہم کہیں کہ أَيُّ رَجُلٍ، تو یہ عاقل کے لیے ہوا، اور اگر ہم کہیں کہ أَيُّ كِتَابٍ تو یہ غیر عاقل کے لیے ہوا ۔

اس سے یہ قاعدہ نکلا کہ :

**قاعدہ :** استفہام کے لیے جس طرح دو حرف هَلْ اور ہمزہ ہیں، اُسی طرح یہ اسمار بھی ہیں : مَنْ، ما، مَتَى، أَيَّانَ، أَيْنَ، كَيْفَ، كَمْ اور أَيٌّ یہ سب کسی چیز کے تعیّن کو چاہتے ہیں ۔

---

## مشق ۱

نیچے کے سوالوں کے جواب دو اور یہ بتاؤ کہ تعیین کے ساتھ کیا جواب دیا ہے اور بغیر تعیین کے کیا جواب ہے :-

(۱) هَلْ زُرْتَ دَارَ الْإِقَامَةِ ؟ (۲) أَصَعِدْتَ عَلَى قِمَّةِ الْجَامِعِ ؟

(۳) مَتَى يَأْتِي السَّيَّاحُ إِلَى الْهِنْدِ ؟ (۴) أَرَاكِبًا حَضَرْتَ أَمْ مَاشِيًا ؟

(۵) أَيُّ الْفَوَاكِهِ أَحَبُّ إِلَيْكَ ؟ (۶) أَمُسَافِرٌ أَبُوكَ غَدًا ؟

Marfat.com

(۷) كَيفَ تُرسِلُ خطابًا بالبَرِيد؟ (۸) من بنیٰ هٰذه المَدرسة؟
(۹) أَرَكِبتَ طيّارَةً؟ (۱۰) أين تقضی عُطلَةَ الصَّيفِ؟
(۱۱) كَم نافِذةً فِی الحجرة؟ (۱۲) أَ أَنت اكبَرُ ام اخُوك؟

## مشق ۲

نیچے کے سوالوں کے جواب اثبات اور نفی میں دو :-

(۱) اَلَم تَركَبْ طيّارةً؟ (۴) اَلَيسَ لك سيّارةٌ؟
(۲) أَلَيستِ الرِيّاضةُ مُفيدةً؟ (۵) اَلَم تسمَعْ نَصِيحَةَ والِدَيكَ؟
(۳) أَلم تَغِبْ عن المدرسة أمسِ؟ (۶) أَلَيسَت الاسئِلةُ سَهلَةً؟

## مشق ۳

نیچے کے جوابوں کو سوال کی صورت میں لاؤ :-

(۱) فتحَ دهلی قطب الدین (۸) نَعَم رَأَيتُ القَلعَةَ
(۲) ثَمَنُ الكتاب ثلاث ربية (۹) لا - لَمْ أَرَ الخوّاصةَ
(۳) كُتُبُ المطالعةِ احبُّ اليّ (۱۰) حَضَرتُ الی المدرسة راكبادرّاجةً
(۴) سُكنی القری أَفضل (۱۱) مدرسةٌ بَنَتْها الامبريّة
(۵) بَلیٰ، حَضَرتُ الحَفلَةَ (۱۲) لا، لم يسافر ابی
(۶) نَعَم، لیس لَدَيّ نُقُودٌ (۱۳) بلی، ادركتُ القطار
(۷) اَجَلْ، سافَرَ القِطارُ (۱۴) ليس خَطُّكَ جيداً

Marfat.com

## مشق ۳

نیچے جو کلمات قوسین میں ہیں اُن کی جگہ کوری اور ایسی علامت استفہام رکھو جو جملوں کے معنی کے موافق ہو :-

(۱) (فِی أَيِّ زمنٍ) یکون الامتحانُ ؟

(۲) (فِی ایِّ مکانٍ) وَضَعْتَ الدَّرَّاجَةَ ؟

(۳) (أَيُّ انسانٍ) ساعَدَكَ ؟

(۴) (علی ایَّةِ حالةٍ) حَضَرْتَ الی المدرسة ؟

(۵) (أَيُّ شيءٍ) مَعَكَ

(۶) (بِأَيِّ ثمنٍ) اِشْتَرَيْتَ الکتابَ ؟

Marfat.com

# تعلیلات

Marfat.com

Marfat.com

# سبق ۵۸

## لفظ میں تبدیلی

تم سبق ۴۴ میں معتل، یعنی حرفِ عِلّت والے لفظوں کا حال پڑھ چکے ہو۔ اِس سے تمھیں معلوم ہو چکا ہے کہ جن لفظوں میں حرفِ عِلّت (الف، واو، ی) میں سے کوئی آجاتا ہے، اُس کی شکل کو کچھ بدل کر بولا جاتا ہے۔ یہی حالت اُن لفظوں کی ہوتی ہے جن میں کوئی ہمزہ (ء) آوے یا ایک ہی جنس کے دو حرف آ ئیں۔ چوں کہ ان تینوں حالتوں میں لفظ کو مُنّہ سے ادا کرنے میں ایک طرح کی دقت یا تکلیف سی ہوتی ہے، اس لیے لفظ کی شکل بدل کر بولنے کے لیے آسان کر لیتے ہیں۔

یہ تو تُم جان ہی چُکے ہو کہ جس لفظ میں کوئی حرفِ عِلّت ہوتا ہے اُسے معتل کہتے ہیں؛ اسی طرح جس لفظ میں ہمزہ ہو اُسے مہموز کہتے ہیں اور جس لفظ میں ایک ہی جنس کے دو حرف ہوں اُسے مضاعف کہتے ہیں۔

تلفظ کو آسان کرنے کے لیے تبدیلی کئی طرح سے ہوتی ہے۔

(۱) کسی حرف کی حرکت کو دور کرکے اُسے ساکن کر دیا جاوے؛ جیسے: د ع و مادّے سے اگر مضارع 'یَدْعُوُ' بولنا ہو تو واو کو ساکن کر کے یَدْعُوْ بولتے ہیں؛ یا یوں کہ ایک حرف کی حرکت کو دوسرے پر ڈال دیا جائے؛ جیسے: ق و ل مادّے کے مضارع 'یَقْوُلُ' میں واو کا ضمّہ ق کو دے کر یَقُوْلُ کہتے ہیں۔

(۲) کسی حرف یا حرکت کو بالکل گرا دیا جاوے؛ جیسے: و ع د مادّے

Marfat.com

کے مضارع، یَوْعِدُ کو یَعِدُ بولتے ہیں۔

(۳) ایک حرف کو دوسرے حرف سے بدل دیا جائے؛ جیسے: ق و ل مادّے کی ماضی، قَوَلَ اور ب ی ع مادے سے بَیَعَ ہونی چاہیے، مگر دونوں میں واو اور ی کو الف سے بدل کر قَالَ اور بَاعَ بولتے ہیں۔ اسی طرح وزن مادّے سے اسم آلہ مِوْزان نہیں، بلکہ مِیْزان بناتے ہیں۔

(۴) جس لفظ میں ایک ہی جنس کے دو حرف ہوں اُن دونوں کو ایک دوسرے سے ملا کر بولا جائے؛ جیسے: مَدَدَ کو مَدَّ اور حاجِجٌ کو حاجٌّ بولتے ہیں۔

(۵) کسی لفظ میں دو ہمزہ ہوں تو اُن کے بیچ میں ایک الف اور زیادہ کر دیا جائے؛ جیسے: أَأَنْتَ کو أَاأَنْتَ (آأَنْتَ) بولتے ہیں۔

(۶) کسی لفظ کے ہمزہ کو اس طرح ادا کیا جائے کہ یا تو وہ ہمزہ اُس طرح ادا ہو جو اُس پر حرکت ہو (جیسے: مُسْتَهْزِؤُنَ میں ہمزہ کو اُس کے ضمّے کی وجہ سے مُسْتَهْزِوُنَ کہیں)، یا اُس ہمزہ کو اُس سے پہلے حرف کی حرکت دے کر ادا کریں؛ جیسے: اسی لفظ مُسْتَهْزِؤُن کو ز کے کسرہ کے لحاظ سے مُسْتَهْزِیُنَ کی طرح ادا کریں۔

(۷) لفظ میں حرفوں کی جگہ بدل دی جائے؛ جیسے: ء ی س مادّے کی ماضی أَیِسَ ہونی چاہیے، مگر اُسے یَئِسَ بولتے ہیں۔ ایسی صورتیں بہت کم ہوتی ہیں۔

تم دیکھتے ہو کہ یہ سب قاعدے معتل، مہموز اور مضاعف میں کام آتے ہیں۔ جو قاعدہ معتل میں کام آتا ہے اُسے تعلیل کہتے ہیں، جو مہموز میں کام دیتا ہے اُسے تخفیف کہتے ہیں، اور جو مضاعف میں لگتا ہے اُسے ادغام۔

Marfat.com

تعلیل، تخفیف اور ادغام کے یوں تو بہت سے قاعدے ہیں، مگر ہم آئندہ سبقوں میں بڑے بڑے اور ضروری قاعدے بتا دیں گے۔ وہ ایسے ہیں کہ ان کو سمجھ لینے کے بعد تم جہاں ضرورت ہوگی خود ہی لفظ کی صورت کو صحیح طور پر بدل کر بول لوگے۔

---

# سبق ۵۹

## تعلیل

ہماری زبان معتل لفظوں کو آسانی سے ادا کرنے کے لیے جس طرح بدل لیتی ہے اُسے تعلیل کہتے ہیں۔ یہ تو تمھیں معلوم ہی ہے کہ معتل تین طرح کا ہوتا ہے: مثال، اجوف اور ناقص۔ ہر ایک کی تعلیل کے چند قاعدے ہیں:

(الف) مثال (یعنی فَ کلمہ حرفِ علّت)

(۱) اگر واؤ ساکن ہو اور اُس کا ماقبل حرف مکسور ہو، تو وہ واو بدل کر یٰ ہو جاتا ہے؛ جیسے: مِوْزان سے مِیْزان۔

(۲) اگر یٰ ساکن ہو اور اُس کا ماقبل حرف مضموم ہو، تو وہ یٰ بدل کر واؤ ہو جاتی ہے؛ جیسے: ی ق ن مادّے سے بابِ افعال کا اسمِ فاعل مُیْقِن ہے، مگر اُسے مُوْقِن بولتے ہیں۔

(۳) اگر کسی مضارع میں علامتِ مضارع (یعنی، ی، ت، ا، ن میں سے کوئی حرف) مفتوح ہو اور اُس کا عین کلمہ (یعنی دوسرا حرف) مکسور ہو، تو وہ واو گر جاتا ہے؛ جیسے: یَوْعِدُ، تَوْعِدُ کو یَعِدُ، تَعِدُ بولتے ہیں۔

(۴) اگر کوئی مصدر فِعْلٌ کے وزن پر ہو اور قاعدہ (۳) کے مطابق

Marfat.com

اُس کے مضارع سے واو گر گیا ہو تو اُس مصدر میں بھی پہلا وآو گر جاتا ہے اور اُس کی جگہ آخر میں ۃ زیادہ ہو جاتی ہے؛ جیسے: وِعْلٌ (مضارع یَعِلُ) سے عِلَۃ بن جاتا ہے۔

(۵) مزید فیہ کے باب افتعال میں اگر فَ کلمہ وآو یا ىؔ ہو تو وہ تَ سے بدل جاتا ہے اور تَ کو تَ میں ادغام کر دیتے ہیں (یعنی اُسے دوبارہ بولتے ہیں)، جیسے و ص ل مادّہ سے باب افتعال کی ماضی اِوْتَصَلَ ہوئی اور و ق د مادّے سے اِوْتَقَدَ ہوئی، مگر ان دونوں کو اِتَّصَلَ اور اِتَّقَدَ بولتے ہیں۔

(ب) اجوف (یعنی عینَ کلمہ حرف عِلّت)

(۱) اگر وآو یا ىؔ متحرک ہو اور اُس کا ماقبل حرف مفتوح ہو، تو ایسے وآو اور ىؔ، الف سے بدل جاتے ہیں؛ جیسے: ق و ل، ب ی ع، خ و ف مادّوں سے ماضی، قَوَلَ، بَیَعَ، خَوِفَ نہیں بلکہ قَالَ، بَاعَ اور خَافَ ہے۔

(۲) اوپر کے قاعدے سے اگر وآو یا ی بدل کر الف ہو گئے اور پھر اُس الف کے بعد ایک اور ساکن حرف ہو، تو وہ الف بالکل گر جاتا ہے؛ جیسے: ماضی کے چھٹے صیغے قَوَلْنَ، بَیَعْنَ اور خَوِفْنَ میں جب ہم وآو اور ىؔ کو الف سے بدلتے ہیں، تو اُس الف کے بعد ل، ع اور ف ساکن آتے ہیں، اس واسطے اُن کو ہم قُلْنَ بِعْنَ اور خِفْنَ کہتے ہیں۔ اسی سے یہ بھی قاعدہ نکل آتا ہے کہ اس طرح الف کے گر جانے کے بعد پہلے حرف کو وآو کی وجہ سے مضموم بولتے ہیں؛ جیسے: قُلْنَ اور ی کی وجہ سے مکسور بولتے ہیں؛ جیسے بِعْنَ کی بِ، اور وآو مکسور کے سبب سے خِفْنَ کی خ کو بھی کسرہ سے ادا کرتے ہیں۔

Marfat.com

اِن قاعدوں کے لحاظ سے ق و ل، ب ی ع، خ و ف مادّوں سے ماضی معروف کی گردان یوں ہوگی:-

قَالَ قَالَا قَالُوْا قَالَتْ قَالَتَا قُلْنَ قُلْتَ ...... قُلْنَا

بَاعَ بَاعَا بَاعُوْا بَاعَتْ بَاعَتَا بِعْنَ بِعْتَ ...... بِعْنَا

خَافَ خَافَا خَافُوْ خَافَتْ خَافَتَا خِفْنَ خِفْتَ .... خِفْنَا

(۳) ماضی مجہول میں وَاو کو ی سے بدل دیتے ہیں! اور یَے ہوتی ہے تو وہ جوں کی توں رہتی ہے۔ اس قاعدے سے ق و ل، ب ی ع، خ و ف مادّوں سے ماضی مجہول یوں آتی ہے:-

قِيلَ قِيلَا قِيلُوْا قِيلَتْ قِيلَتَا قُلْنَ قُلْتَ ....... قُلْنَا

بِيْعَ بِيْعَا بِيْعُوْا بِيْعَتْ بِيْعَتَا بِعْنَ بِعْتَ ........ بِعْنَا

خِيْفَ خِيْفَا خِيْفُوْا خِيْفَتْ خِيْفَتَا خِفْنَ خِفْتَ ...... خِفْنَا

تم نے دیکھا کہ چھٹے صیغے سے آخر تک ماضی معروف اور مجہول کی صورت ایک ہی سی ہوجاتی ہے!

(۴) مضارع معروف میں وَاو اور یَے کی حرکت اس کے ماقبل حرف پر چلی جاتی ہے؛ جیسے: يَقْوُلُ اور يَبْيِعُ سے يَقُوْلُ اور يَبِيْعُ۔ مگر يَخْوَفُ اوپر کے قاعدہ (۱) کے لحاظ سے يَخَافُ ہوجاتا ہے۔ اسی طرح چھٹے صیغے میں جاکر يَقُوْلْنَ، يَبْيِعْنَ اور يَخْوِفْنَ کی صورت يَقُلْنَ، يَبِعْنَ اور يَخَفْنَ ہوجاتی ہے؛ کیوں کہ ان تینوں میں جب وَاو اور یَے کی حرکت ق، ب اور خ پر چلی جاتی ہے، تو خود یہ حروف عِلّت اور ان کے بعد کے حروف (ل، ع اور ف) دو دو ساکن ہوجاتے ہیں۔ ایسی صورت میں حرف عِلّت گر جاتا ہے۔ اس سے یہ قاعدہ بنا کہ:

Marfat.com

(۵) جب حرفِ علّت اور اُس کے بعد کا حرف دونوں ساکن ہوں، تو حرفِ علّت گر جاتا ہے۔

اس طرح ان تین مادّوں سے مضارع معروف کی گردانیں یوں ہوں گی:۔

یَقُولُ یَقُولانِ یَقولونَ تقول تقولان یَقُلْنَ تقولُ تقولانِ
تقولون تقولِین تقولانِ تَقُلْنَ اقول تقولُ

یَبِیْعُ یبیعان یبیعون تبیع تبیعان یَبِعْنَ تبیع تبیعان
تبیعون تبیعین تبیعان تَبِعْنَ آبیع نَبِیعُ

یَخافُ یَخافانِ یخافون تَخَافُ تَخافانِ یَخَفْنَ تَخافُ
تَخافانِ تَخافون تَخافین تخافانِ تَخَفْنَ اَخافُ نَخافُ

اِسی سے مضارع مجہول کو سمجھ لو کہ یُقْوَلُ، یُبْیَعُ اور یُخْوَفُ نہیں کہتے، بلکہ قاعدہ (۴) کے مطابق یُقالُ، یُباعُ اور یُخافُ کہتے ہیں۔ اب اس کی گردان اس وزن پر مضارع معروف کی طرح کرلو۔

جب مضارع کے پہلے نفی کے واسطے لَمْ لگادوگے، تو اُس کے عمل سے مضارع کا آخری حرف ساکن ہو جائے گا۔ ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں لم یَقُوْلْ اور لم یَبِیْعْ اور لم یَخَافْ نہیں کہتے، بلکہ قُلْنَ بِعْنَ خِفْنَ کی طرح سے یہاں بھی و، یٓ گر جاتے ہیں، اور ہم لم یَقُلْ اور لم یَبِعْ اور لم یَخَفْ کہتے ہیں۔ دوسرے صیغے میں (یا اور صیغوں میں جہاں) اس آخری ل، ع اور ف کے بعد انِ، وْنَ، یْنَ آتے ہیں وہاں ظاہر ہے کہ ان حروفِ علّت کے گر جانے کی ضرورت نہیں رہتی اور وہ واپس آجاتے ہیں: مثلاً لَمْ یَقُلْ کی پوری گرداں یوں ہوگی:

لم یَقُلْ لم یَقُولا لم یَقولوا لَمْ تَقُلْ لَمْ تقولا لَمْ یَقُلْنَ لَمْ تَقُلْ

Marfat.com

لم تقولا لم تقولوا؛ لم تقولی لم تقولا لم تَقُلْنَ لم اَقُلْ لم نَقُلْ

اسی طرح لم یَبِعْ اور لم یَخَفْ کی گردانیں بھی ہوں گی۔

امر کی صورت میں شاید تم کہوگے کہ اُقْوُلْ اِبْیِعْ اور اِخْوَفْ ہونا چاہیے۔ ایسا نہیں ہے، بلکہ امر قُلْ بِعْ اور خَفْ ہیں؛ کیوں کہ جو صورتیں تم سمجھ رہے ہو اُن میں واؤ اور یٰ کی حرکتیں اُن کے ماقبل حروف پر گئیں اور وہ خود گر گئے پھر شروع کا ہمزہ بیکار ہو کے گر گیا، اس طرح قُلْ، بِعْ اور خَفْ رہ گیا۔

امر حاضر کی پوری گردانیں یوں ہوں گی۔

قُلْ قولا قولوا قولی قولا قُلْنَ

بِعْ بیعا بیعوا بیعی بیعا بِعْنَ

خَفْ خافا خافوا خافی خافا خَفْنَ

(۶) الف زاید کے بعد اگر واؤ یا یٰ مکسور ہو تو وہ ہمزہ ہو جاتا ہے، جیسے: اسم فاعل میں قاوِلٌ بایِعٌ اور خاوِفٌ کو قائلٌ، بائعٌ اور خائفٌ کہتے ہیں۔

اب اگر ان سب اسم فاعل سے اسم مفعول بناؤ، تو مَقْوُوْل مَبْیُوع اور مَخْوُوف نہیں، بلکہ اوپر کے قاعدوں کے لحاظ سے مَقُوْلٌ، مَبِیْعٌ اور مَخُوْفٌ کہا جائے گا۔

(ج) ناقص (یعنی لَ کلمہ حرفِ علت)

(۱) اگر واؤ سے پہلے مکسور حرف ہو تو وہ واؤ یٰ سے بدل جاتا ہے، جیسے رضو مادّے سے ماضی معروف رَضِوَ نہیں بلکہ رَضِیَ ہوتی ہے۔

(۲) اگر یٰ پر ضمہ ہو تو وہ ماقبل حرف پر چلا جاتا ہے اور یٰ ساکن ہو جاتی ہے،

Marfat.com

[ ظاہر ہے کہ اس ساکن ےی کے بعد ایک اور حرف ساکن ہو تو یہ ےی گر جائے گی ]
جیسے: رَضِيَ کے تیسرے صیغے میں رَضِيُوا بدل کر رَضُوا ہو جاتا ہے۔

اِن دونوں قاعدوں سے معلوم ہوا کہ رض و مادّے سے ماضی کی گردان یوں ہوگی :-

رَضِيَ رَضِيَا رَضُوا رَضِيَتْ رَضِيَتَا رَضِيْنَ ..... رَضِيْنَا

(۳) اگر واو یا ےی مضموم ہو اور اُس کے بعد واو ساکن ہو تو دوسرا واو گر جاتا ہے؛ مثلاً: د ع و اور ر م ی مادّے سے مضارع (يَدْعُوْ ، يَرْمِي) کے تیسرے صیغے میں يَدْعُوُوْنَ اور يَرْمِيُوْنَ نہیں کہتے، بلکہ يَدْعُوْنَ اور يَرْمِيْنَ کہتے ہیں۔ اسی طرح دسویں صیغے میں تَدْعُوِيْنَ اور تَرْمِيِيْنَ کی جگہ تَدْعِيْنَ اور تَرْمِيْنَ بولتے ہیں۔

(۴) اگر دو واو ایک جگہ آجائیں اور اُن میں سے پہلا واو ساکن ہو تو اُسے دوسرے میں ادغام کر دیتے ہیں ؛ جیسے: د ع و مادّے سے اسم مفعول مَدْعُوْوٌ کی جگہ مَدْعُوٌّ بولا جاتا ہے۔

(۵) اگر واو اور ےی مل کر آئیں اور واو پہلے ہو اور ساکن ہو تو وہ واو ی ہو جاتا ہے؛ جیسے: ر م ی مادّے سے اسم مفعول مَرْمُوْيٌ نہیں بلکہ مَرْمِيٌّ ہوتا ہے۔

Marfat.com

# سبق ۶۰

## تخفیف

مہموز لفظ کو بولنے کے لیے ہلکا کر دینے کے جو طریقے ہیں اُن کو تخفیف کہتے ہیں۔
مہموز میں کبھی تو ایک ہمزہ ہوتا ہے، اور کبھی دو ہوتے ہیں۔ ہمزہ کے بوجھ سے لفظ کو یوں ہلکا کرتے ہیں:

(۱) اگر ہمزہ ساکن ہو اور اُس کا ماقبل متحرک ہو، تو ہمزہ کو اُس حرف عِلّت سے بدل دیتے ہیں، جو اُس کے ماقبل کی حرکت کے موافق ہو، یعنی حرف ماقبل پر فتحہ ہو تو ہمزہ الف ہو جائے گا، ضمہ ہو تو واو بن جائے گا، اور کسرہ ہو تو یٓ سے بدل جائے گا؛ جیسے: رَأْس، بُؤْس اور ذِئْبٌ کی جگہ راس، بُوس اور ذِیْب کہتے ہیں۔

(۲) اگر ہمزہ متحرک ہو اور اُس کا ماقبل واو یا ی ساکن ہو، تو ہمزہ کو اُسی واو یا یٓ سے بدل کر اُسی میں ادغام کر دیتے ہیں؛ جیسے: مَقْرُوءٌ اور خَطِیْئَةٌ کو مَقْرُوٌّ اور خَطِیَّةٌ بولتے ہیں۔

(۳) اگر دو ہمزے ساتھ ساتھ ہوں، اور اُن میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے کی حرکت کے موافق الف، واو یا یٓ سے بدل دیتے ہیں؛ جیسے: أَأْمَنَ، أُؤْمِنُ اور إِئْمَانٌ کو آمَنَ (ءامَنَ) أُوْمِنُ اور إِیْمان بولتے ہیں۔

(۴) اگر دو ہمزے ساتھ ساتھ ہوں، دونوں متحرک ہوں اور اُن میں سے ایک مکسور ہو، تو دوسرے ہمزہ کو ی سے بدل دیتے ہیں؛ جیسے: إِمام کی جمع أَئِمَّةٌ کو أَیِمَّةٌ بولتے ہیں۔

Marfat.com

# سبق ۶۱

## اِدغام

مضاعف میں جو ایک ہی حرف دو دفعہ آتا ہے اُس کو ہلکا کرنے کے عمل کو ادغام کہتے ہیں۔ اس کے بڑے بڑے قاعدے یہ ہیں :-

(۱) اگر ایک ہی حرف دو دفعہ ساتھ آ رہے ، تو اُن میں سے پہلے کو ساکن کرکے دوسرے میں ادغام کرتے ہیں؛ جیسے م دد مادے کی ماضی مَدَدَ کو مَدَّ (= مَدْدَ) کر دیتے ہیں۔

(۲) اگر دونوں حرف متحرک ہوں، اور اُن کا ماقبل حرف صحیح اور ساکن ہو تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل حرف پر چلی جاتی ہے اور وہ دوسرے میں مدغم ہو جاتی ہے، جیسے مَدَّ کے مضارع کو یَمْدُدُ نہیں، بلکہ یَمُدُّ کہتے ہیں۔

(۳) اگر دو حرفوں میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو، اور دوسرے کا ساکن ہونا ضروری بھی ہو، تو ادغام نہیں ہوتا؛ جیسے: ماضی مَدَّ کے چھٹے صیغے میں فَعَلْنَ کے وزن پر مَدَدْنَ ہونا چاہیے، اور وہ اسی طرح مَدَدْن بولا جاتا ہے۔

(۴) اگر دو قریب کے تلفظ والے حرف اکٹھے آ رہیں ، اور اُن میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہو، تو دوسرے کو اُس پہلے سے بدل کر اُسی میں مدغم کر دیتے ہیں؛ جیسے: د ع و مادے سے باب افتعال کا مصدر اِدْتِعاء اور ماضی اِدْتَعیٰ نہیں، بلکہ اِدِّعاء اور اِدَّعیٰ بولے جاتے ہیں اور اسی طرح اُن کا مضارع یَدَّعِي اسم فاعل مُدَّعِي اور اسم مفعول مُدَّعیٰ ہوتے ہیں۔

بالخیر تمت

(باہتمام محمد خلیل الدین صدیقی اسٹار پریس الہ آباد میں طبع ہوئی)

Marfat.com

Marfat.com

# چند مطبوعات کتابستان

روپیہ

| | |
|---|---|
| ۱۔ باپ کے خط بیٹی کے نام ۔ جواہر لال نہرو .. .. | ۲ |
| ۲۔ شبنم شاداب ۔ ظہیر الدین تفرشی ۔ مرتبہ ۔ محمد نعیم الرحمٰن ایم۔ اے | ۱ |
| ۳۔ مسلمانوں کی صنعت ، حرفت ، زراعت ، تجارت ۔ محمد جمیل الرحمٰن ایم۔ اے | ۱ ۴ |
| ۴۔ مثنوی ناسخ ۔ محمد حبیب اللہ خاں غضنفر ایم۔ اے .. .. .. | ۱۲ |
| ۵۔ کانٹ ۔ معتضد ولی الرحمٰن ایم۔ اے .. .. .. .. | ۱ ۴ |
| ۶۔ نفسیات خواب ۔ معتضد ولی الرحمٰن ۔ ایم۔ اے .. .. .. | ۱ ۴ |
| ۷۔ شعریٰ .. .. .. .. .. | ۲ |
| ۸۔ نثرہ .. .. .. .. .. | ۱ ۸ |
| ۹۔ عبادت اور اُس کی غایت ۔ مرزا ابو الفضل .. .. .. | ۸ |
| ۱۰۔ مضامین شرر .. .. .. .. .. | |
| ۱۱۔ آخرین یادگار نادر شاہ ۔ آقائے سعید نفیسی .. .. .. | |
| ۱۲۔ خلافت موحدین ۔ محمد نعیم الرحمٰن ایم۔ اے .. .. .. | ۴ |
| ۱۳۔ اساس عربی ۔ محمد نعیم الرحمٰن ایم۔ اے .. .. .. | ۲ |
| ۱۴۔ بس کا روکھ ۔ فدا علی خاں ، ایم۔ اے .. .. .. | ۱ |
| ۱۵۔ تاریخ مغرب ۔ محمد جمیل الرحمٰن ، ایم۔ اے .. .. .. | ۲ |
| ۱۶۔ اخبار الاندلس ۔ محمد خلیل الرحمٰن (۴ جلد) چار ہزار صفحات .. .. | ۲۰ |
| ۱۷۔ [illegible] ۔ محمد خلیل الرحمٰن .. .. .. | |
| جلد چہارم .. .. .. | |
| ۱۸۔ مولدین ۔ محمد خلیل الرحمٰن .. .. .. | ۲ |
| ۱۹۔ ترتیب القرآن ۔ محمد خلیل الرحمٰن .. .. .. | |

ذخیرۂ اقبال

Marfat.com

# چند مطبوعات کتابستان

روپیہ

۱۔ باپ کے خط بیٹی کے نام ۔ جواہر لال نہرو .. .. ۲
۲۔ شبنم شاداب ۔ ظہیر الدین تفرشی ۔ مرتبہ ۔ محمد نعیم الرحمٰن ایم۔ اے ۱،
۳۔ مسلمانوں کی صنعت، حرفت، زراعت، تجارت ۔ محمد جمیل الرحمٰن ایم۔ اے ۱ ۴
۴۔ مثنوی ناسخ ۔ محمد حبیب اللہ خاں غضنفر ایم۔ اے .. .. .. .. ۱۲
۵۔ کانٹ ۔ معتضد ولی الرحمٰن ایم۔ اے .. .. .. .. .. ۱ ۴
۶۔ نفسیات خواب ۔ معتضد ولی الرحمٰن ۔ ایم۔ اے .. .. .. .. ۱ ۴
۷۔ شعریٰ .. .. .. .. .. .. .. ۲
۸۔ نثرہ .. .. .. .. .. .. .. ۱ ۸
۹۔ عبادت اور اُس کی غایت ۔ مرزا ابوالفضل .. .. .. .. ۸
۱۰۔ مضامین شرر .. .. .. .. .. .. ..
۱۱۔ آخرین یادگار نادر شاہ ۔ آقائی سعید نفیسی .. .. .. ..
۱۲۔ خلافت موحدین محمد نعیم الرحمٰن ایم۔ اے .. .. .. ۴
۱۳۔ اساس عربی محمد نعیم الرحمٰن ایم۔ اے .. .. .. .. ۲
۱۴۔ بس کا روکھ ۔ فدا علی خاں، ایم۔ اے .. .. .. .. ۱
۱۵۔ تاریخ مغرب محمد جمیل الرحمٰن، ایم۔ اے .. .. .. .. ۲
۱۶۔ اخبار الاندلس محمد خلیل الرحمٰن (۴ جلد) چار ہزار صفحات .. .. ۲۰
۱۷۔ ... محمد خلیل الرحمٰن
.. .. .. .. .. ..
.. .. .. .. .. ..
.. .. .. .. .. ..
جلد چہارم .. .. .. ..
۱۸۔ مولدین ۔ محمد خلیل الرحمٰن .. .. .. ۲
۱۹۔ ترتیب القرآن ۔ محمد خلیل الرحمٰن .. .. ..

Marfat.com

# مفتاحِ عربی

جس کو انجمن عربی صوبۂ متحدہ کے ایماء سے
منشی فاضل مولوی محمد نعیم الرحمن صاحب ایم اے
اُستاذ عربی و فارسی الہ آباد یونیورسٹی
نے
تالیف کیا

۱۹۳۹ء

کتابستان۔ الہ آباد و لندن

Marfat.com